ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | ہفتہ 28 صفر 1447ھ 23 اگست 2025ء صفحات 08 | شمارہ 48
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL:081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

گورننس کی بہتری اور شفافیت کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں، حکومت 30 ہزار نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر بیرون ملک روزگار فراہم کریگی: وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات دوطرفہ تعاون، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، امن و امان کی بہتری، تعلیم وصحت کے شعبوں میں اصلاحات اور صوبے کی مجموعی ترقیاتی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال

موسمیاتی تبدیلی ایک غیر معمولی چیلنج ہے اور اس تناظر میں بلوچستان نے پہلا کلائمیٹ فنڈ قائم کیا ہے تاکہ قدرتی آفات سے نمٹنے اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جاسکیں، میر سرفراز بگٹی

بینظیر بھٹو اسکالر شپ پروگرام میں سویلین شہدا کے بچوں، ٹرانس جینڈر افراد، اقلیتوں اور محروم طبقات کو بھی شامل کیا گیا ہے، نوجوانوں کو بلاسود قرضہ جات کی فراہمی کا پروگرام متعارف کروایا جارہا ہے، وزیراعلیٰ

صوبائی حکومت کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، مس جین میریوٹ، ملاقات میں سی ٹی ڈی پولیس کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے کے لیے ترجیحی تعاون اور مختلف شعبوں میں اشتراک بڑھانے پر بھی اتفاق

اسلام آباد/کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر مس جین میریوٹ نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعاون، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، گڈ گورننس کے قیام، امن و امان کی بہتری، تعلیم وصحت کے شعبوں میں اصلاحات اور صوبے کی مجموعی ترقیاتی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی ایک غیر معمولی چیلنج ہے اور اس تناظر میں بلوچستان نے پہلا کلائمیٹ فنڈ قائم کیا ہے تاکہ قدرتی آفات سے نمٹنے اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جاسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں گورننس کی بہتری اور شفافیت کے فروغ کے لیے جامع اقدامات کیے جارہے ہیں گزشتہ مالی سال کے دوران غیر ترقیاتی بجٹ سے 14 ارب روپے کی بچت کی گئی وزیراعلیٰ بلوچستان نے تعلیم کے فروغ کے حوالے سے بتایا کہ بینظیر بھٹو اسکالر شپ پروگرام کے تحت صوبے کے طلبہ کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں اس پروگرام میں سویلین شہدا کے بچوں، ٹرانس جینڈر افراد، اقلیتوں اور محروم طبقات کو بھی شامل کیا گیا ہے تاکہ سب کو یکساں تعلیمی سہولتیں مل سکیں۔ نوجوانوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے برطانوی ہائی کمشنر مس جین میریوٹ ملاقات کر رہی ہیں

ہفتہ وار مہنگائی کی سالانہ شرح 2.30 فیصد ریکارڈ

ایک ہفتے کے دوران 18 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی کے اعداد و شمار پر مبنی رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار مہنگائی کی سالانہ شرح 2.30 فیصد جبکہ ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.01 فیصد کی معمولی کی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں 18 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، 8 اشیا کی قیمتوں میں......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے چینی وزیر خارجہ وانگ ژی اہم امور پر گفتگو کر رہے ہیں

گلگت بلتستان، گلیشیئر پھٹنے سے کئی گاؤں سیلاب میں ڈوب گئے، 200 افراد کو بچالیا گیا

راؤشن گاؤں کی پوری آبادی محصور، تالی داس نالے کے اطراف سے لینڈ سلائیڈنگ گلگت شندور روڈ مکمل طور پر بند

کئی گھر زیر آب آگئے، سیلاب سے شدید مالی نقصان ہوا کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، مقامی شہری فیض اللہ فراق

زیریں علاقے خطرے میں، شہری گھر تباہ ہونے پر صدمے سے دوچار، پاک فوج نے ریسکیو و ریلیف آپریشن شروع کردیا

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان میں گلیشیئر پھٹنے سے دریائے غذر بند (بلاک) ہوگیا جس سے زیریں علاقوں کو خطرہ لاحق ہوگیا، ریسکیو 1122 کے مطابق امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے کم از کم 200 افراد کو بچالیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گلیشیئر......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

ایشیائی ترقیاتی بینک نے ریکوڈک منصوبے کیلئے 41 کروڑ ڈالر کا پیکیج منظور کرلیا

پیکج میں بیرک گولڈ کیلئے 30 کروڑ ڈالر کا قرض اور پیکج کے بقایا 11 کروڑ ڈالر حکومت پاکستان کیلئے فنانسنگ گارنٹی ہے

بیرک گولڈ کا ریکوڈک منصوبے میں 50 فیصد حصہ ہوگا باقی 50 فیصد حکومت پاکستان اور بلوچستان حکومت کے پاس ہوگا

منصوبے کے پہلے حصے پر رواں برس سے کام شروع ہو جائے گا اور سال 2028 میں منصوبے کی پہلی پروڈکشن متوقع ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایشیائی ترقیاتی بینک نے ریکوڈک منصوبے کیلئے 41 کروڑ ڈالر کا پیکج منظور کرلیا تفصیلات کے مطابق ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے پیکج میں بیرک گولڈ کے لیے 30 کروڑ ڈالر کا قرض ہے رپورٹ کے مطابق اے ڈی بی کے......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گلگت بلتستان میں گلیشیئر پھٹنے سے شدید لینڈ سلائیڈنگ کے باعث دریائے غذر سے ملحقہ گاؤں میں تباہی کا منظر

کمیشن 9 ارکان پر مشتمل ہے، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب چیئرمین، چاروں صوبوں کے وزرائے خزانہ کمیشن کے ارکان میں شامل

صوبوں کیلئے وفاقی محاصل کی تقسیم: صدر مملکت نے 11 واں قومی مالیاتی کمیشن تشکیل دیدیا

پنجاب حکومت کے نمائندے سابق بیوروکریٹ ناصر محمود کھوسہ، سندھ سے ماہر معاشیات ڈاکٹر اسد سعید، خیبر پختونخوا سے ڈاکٹر مشرف رسول اور بلوچستان سے فرمان اللہ کو کمیشن کا رکن مقرر کیا گیا ہے

کمیشن وفاق اور صوبوں کے درمیان مالیاتی وسائل کی تقسیم اور صوبوں اور وفاق کے درمیان اخراجات کا جائزہ اور قومی نوعیت کے بڑے منصوبوں سے متعلق اپنی تجاویز پیش کرے گا

دسویں این ایف سی ایوارڈ کی معیاد 21 جولائی کو مکمل ہوچکی ہے، وفاقی وزارت خزانہ قومی مالیاتی کمیشن کے لیے سیکریٹریٹ سپورٹ فراہم کرے گی، این ایف سی سیکریٹریٹ سے نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (شاکر رحمان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے 11 ویں قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) تشکیل دے دیا تاکہ قابل تقسیم وسائل کی مرکز اور صوبوں کے درمیان تقسیم کے لیے نئے ایوارڈ کا اعلان کیا جاسکے، جس کا چیئرمین وزیر خزانہ محمد اورنگزیب......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سیلاب متاثرین کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے: وزیراعظم

جاں بحق افراد کے لواحقین کو معاوضہ دے رہے ہیں، وفاقی وزراء اور پاک فوج نے امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا

بہت جلد اجلاس بلا رہے ہیں، دریاؤں کے قریب تمام تعمیرات کو ہٹایا جائیگا، انسانوں کی پیدا کردہ آفت کی کوئی گنجائش نہیں

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آخر کب تک وفاقی اور صوبائی حکومتیں غیر قانونی تعمیرات کو پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ کرتی رہیں گی، قدرتی آفت کے ساتھ انسانوں کی پیدا کردہ آفت کی کوئی گنجائش نہیں، سیلاب متاثرین کی بحالی اور تعمیر......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کوشش کر رہے ہیں کہ تناؤ ختم ہو لیکن گرفتاریاں شروع ہو جاتی ہیں، بیرسٹر گوہر

بانی پی ٹی آئی کے فیملی ممبرز کو گرفتار کر کے سیاسی تناؤ پیدا کیا جارہا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

بیرسٹر گوہر (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے علیمہ خان کے دوسرے بیٹے کی حراست پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ جب ہم کوشش کر رہے......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت جنگ نے سبز پاسپورٹ کی عزت میں اضافہ کیا، عطا تارڑ

دشمن کو جب لگا کہ یہ کراچی پورٹ تباہ نہیں کرسکے گا خیالی پورٹس کو تباہ کرنے کا پروپیگنڈا کیا

پاکستان نے حملے کا فجر کے وقت بھرپور جواب دیا، قوم سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی رہی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ دشمن کو جب لگا کہ یہ کراچی پورٹ تباہ نہیں کرسکے گا تو اس نے لاہور اور ملتان کی خیالی پورٹس کو تباہ کرنے کا جھوٹا پروپیگنڈا کیا۔ سی پی این ای کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم سے پاکستان نے بھارت......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل، کوچ اور پک اپ میں تصادم، 8 مسافر جاں بحق، حکومت کا حادثے پر اظہار افسوس

جاں بحق ہونے والوں میں شکور احمد، شکیل احمد، عبدالغفور، محمد یونس عبداللہ، محمد حنیف ولد مصر، محمد انس، محمد یاسین شامل

حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، دو مسافر زخمی نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں، شدید زخمی افراد کراچی روانہ کردیئے

حادثے کی وجوہات کا تفصیلی جائزہ لیا جارہا ہے، جاں بحق ہونیوالے افراد کے اہل خانہ کے غم میں شریک ہیں، شاہد رند

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل کے قریب مسافر کوچ اور 2 پک اپ گاڑیوں میں خوفناک تصادم، 9 مسافر جاں بحق 2 زخمی، حادثے کے بعد ہر طرف آہ و بکا پھیل گئی، رقت آمیز مناظر، تفصیلات کے مطابق اوتھل کے قریب قومی شاہراہ پر ابو ہوٹل کے مقام پر پنجگور سے کراچی......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

54 سال بعد یوٹیلٹی اسٹورز ختم، وفاقی کابینہ نے منظوری دے دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ نے ملک بھر میں یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن ختم کرنے کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم شہباز شریف کے زیر صدارت جمعہ کو وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں یوٹیلٹی اسٹورز......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

حب ڈیم میں سیلابی ریلے داخل، سطح بلند ہونے لگی

گزشتہ رات پانی کی سطح میں 9 فٹ کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا

پانی کی سطح میں مزید اضافے کا امکان ہے، اریگیشن حکام

حب (این این آئی) حب ڈیم میں پانی کی سطح میں 9 فٹ کا اضافہ ڈیم میں پانی کی سطح 332 سے تجاوز کرگئی۔ تفصیلات کے مطابق حب ڈیم کے کیچمنٹ ایریا میں بارشوں......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ 9 مئی سزا یافتہ اراکین نااہلی کیس، مزید دلائل طلب

سرنڈر کرنے پر درخواست گزاروں کے تمام حقوق محفوظ رہیں گے، جسٹس خالد اسحاق

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ میں سانحہ 9 مئی کے مقدمات میں سزا یافتہ پاکستان تحریک انصاف کے سابق اراکین اسمبلی کی نااہلی کے خلاف کیس......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خانم اپنے بھتیجے شاہ ریز کی پیشی پر شیر شاہ کے ہمراہ عدالت آرہی ہیں

انسداد دہشتگردی آپریشنز قانون نافذ کرنیوالے ادارے اور افواج کر رہی ہیں، کوئی غیر ملکی عنصر شامل نہیں، پاکستان

پاکستان برادرانہ اور دوستانہ تعلقات چاہتا ہے، افغانستان سے دہشتگردی کے خاتمے سے رابطہ کاری، انضمام اور خوشحالی بڑھے گی

پاکستان اور امریکا کے تعلقات دہائیوں پر محیط اور کثیر الجہتی ہیں، پاکستانی کمیونٹی، طلبہ، ڈاکٹرز اور تجارت تعلقات کا اہم پہلو ہیں

بھارت کی اسلحہ جمع کرنے کی دوڑ خطے کیلئے تشویشناک، بین الاقوامی برادری خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کا نوٹس لے، شفقت علی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان میں انسداد دہشتگردی آپریشنز صرف قانون نافذ کرنے والے ادارے اور افواج کر رہے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ دوست ممالک کے ساتھ انٹیلی جنس تعاون جاری ہے لیکن زمینی کارروائی صرف پاکستان کر رہا ہے۔ انسداد دہشتگردی آپریشنز......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور بنگلا دیش میں ویزا فری سفر کا معاہدہ، 5 سالہ سہولت کا اعلان

سہولت سے صرف سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ رکھنے والے افراد ہی مستفید ہونگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور بنگلا دیش نے باہم معاہدے کے تحت اپنے سفارتکاروں اور سرکاری اہلکاروں کے لیے ویزا فری داخلے کی اجازت دے......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی سستی کرنے کیلئے نیپرا کو درخواست دے دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کیلئے ریلیف کی خبر سامنے آئی ہے، جس کے مطابق بجلی ایک روپے 69 پیسے فی یونٹ سستی ہونے کا امکان ہے۔ نیوز کے مطابق تقسیم کار کمپنیوں نے......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بونیر: پختونخوا سپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے دورے کے موقع پر لوگوں سے خطاب کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے چینی وزیر خارجہ کی ملاقات، غیر متزلزل حمایت کی یقین دہانی

علاقائی سلامتی، دہشت گردی کیخلاف تعاون، باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی بات چیت، تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ

پاکستان کی خود مختاری اور ترقی کے لیے چین حمایت جاری رکھے گا امن، استحکام اور خوشحالی کو ملکر آگے بڑھائیں گے، بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے چینی وزیر خارجہ وانگ ژی نے ملاقات کرکے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا یقین دلایا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاکستان کے دورے پر موجود برادر ملک چین کے وزیر خارجہ وانگ ژی نے ملاقات کی ہے، اس موقع پر علاقائی سلامتی......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل کا یونیسیف اور ناروے گورنمنٹ کے زیر اہتمام تعلیمی پروگرام کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

امریکا میں ساڑھے 5 کروڑ ویزوں کی جانچ پڑتال

قوانین کی خلاف ورزی یا دیگر وجوہات کی بنا پر ویزوں کی منسوخی کا خطرہ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی حکومت کی جانب سے سخت ویزا پالیسی کے تحت لاکھوں ویزوں کی جانچ شروع، صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکا کی تاریخ......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

نائب وزیراعظم آج دو روزہ سرکاری دورے پر بنگلہ دیش جائینگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار دو روزہ سرکاری دورے پر بنگلہ دیش جائینگے، ڈھاکہ میں مختلف بنگلہ دیشی رہنماؤں سے اہم ملاقات کرینگے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

بحریہ ٹاؤن لمیٹڈ میں منی لانڈرنگ کے الزامات پر چار افراد نیب طلب

علی ریاض ملک، خلیل الرحمن، محمد اسحٰق اور عامر رشید اعوان کو طلبی نوٹس جاری کردیے گئے

لاہور (بیورو رپورٹ) نیب راولپنڈی نے بحریہ ٹاؤن لمیٹڈ منی لانڈرنگ کے الزامات پر علی ریاض ملک، خلیل الرحمن، محمد اسحٰق اور عامر رشید اعوان کو طلبی نوٹس جاری......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

نیب کیس میں سزا بھگتنے والا ملزم الزامات سے بری قرار

ملزم کے خلاف کرپشن کا کیس نہیں بنتا، بوگس چیک بنانے کا اعتراف کیشئر کرچکا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے قومی احتساب بیورو (نیب) کیس میں سزا بھگتنے والے ملزم سردار حسین کو الزامات سے بری قرار دے دیا۔ عدالت......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت سے مختلف ممالک کے نامزد سفیروں کی ملاقات

ایوان صدر میں نامزد سفیروں نے اپنی اسناد سفارت صدر مملکت کو پیش کیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری سے سری لنکا، انڈونیشیا، کرغزستان، آسٹریا اور جرمنی کے نامزد سفیروں اور ہائی کمشنر نے ایوان صدر......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے محب وطن عوام دشمن کے منفی پروپیگنڈے کو ناکام بنادینگے: ڈی جی آئی ایس پی آر

نوجوان اس ملک کا سرمایہ ہیں، دہشت گردی کے تمام واقعات کے پیچھے بھارت کی منفی سوچ اور وسائل کارفرما ہیں

افواج عوام کی تائید سے اس پراکسی جنگ کا قلع قمع کرنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

ڈی جی آئی ایس پی آر سے سی پی این ای کے وفد کی ملاقات، معرکہ حق کے دوران شاندار کارکردگی پر افواج پاکستان خراج تحسین پیش

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشن (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں منفی پروپیگنڈے کے ذریعے عوام میں مایوسی پھیلائی جانے کی مذموم کوششیں بھی کامیاب نہیں......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے 1.33 ملین پاؤنڈ امداد کا اعلان

پنجاب، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کے 2 لاکھ 23 ہزار سے زائد افراد کو سہولت فراہم کی جائے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) برطانیہ نے پاکستان میں حالیہ مون سون......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: علیمہ خان کا دوسرا بیٹا شیر شاہ بھی گرفتار، شاہ ریز لے ٹی سی میں پیش

شاہ ریز خان کو 9 مئی 2023 کو جناح ہاؤس پر حملے کے کیس میں گرفتار کیا گیا تھا، 8 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

شیر شاہ بھائی کی پیشی پر آیا، واپسی پر اسے بھی گرفتار کرلیا، رانا مدثر، ہم ہر بار عمران خان کی آواز بنیں گے، علیمہ خان

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کے وکیل رانا مدثر نے دعویٰ کیا ہے کہ علیمہ خان کے دوسرے بیٹے شیر شاہ خان کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے جبکہ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے گزشتہ روز گرفتار کیے گئے......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

باجوڑ، فورسز نے ترخو کو کلیئر کردیا، رہائشیوں کو واپس گھروں کو جانے کی ہدایت

گاؤں میں معمولات زندگی بحال ہونا شروع، عوام کا علاقہ کلیئر کرنے پر اظہار تشکر

باجوڑ (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز نے باجوڑ کی تحصیل ماموند کے گاؤں ترخو کو کلیئر کرکے رہائشیوں کو واپس اپنے گھروں کو جانے کی ہدایت کر دی۔ ذرائع......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان کے بیٹے کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں، اسد قیصر

جس طرح اغواء کیا گیا، اس سے پتہ چلتا ہے کہ ریاست ماں کے جیسی نہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما و سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ علیمہ خان کے بیٹے کو پکڑا گیا جس کا سیاست سے کوئی تعلق......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بونیر: طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے تباہی کے بعد ایک بزرگ اپنے گھر کے ملبے پر افسردہ بیٹھا نظر آرہا ہے

بھارت کیساتھ مسئلہ کشمیر و دیگر امور پر مذاکرات کیلئے تیار ہیں، اسحاق ڈار

کسی ایک نکاتی ایجنڈے کی بجائے بھارت کیساتھ کشمیر سمیت تمام تصفیہ طلب امور پر بات ہوگی

امریکا کے وزیر خارجہ کا دورہ پاکستان ابھی شیڈول نہیں ہوا، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے واضح کیا ہے کہ پاکستان بھارت کے ساتھ مسئلہ کشمیر سمیت دیگر امور پر جامع مذاکرات کے......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت عالیہ بلوچستان میں "ایسٹس ڈیکلریشن برانچ" کا قیام

شعبے کا قیام چیف جسٹس بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ کی ہدایت پر کیا گیا

افسران و ملازمین کو ہر سال 30 جون سے پہلے ایسٹس ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق معزز چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ کی ہدایت کی روشنی میں......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سی ٹی ڈی کی کوئٹہ میں کارروائی، کالعدم تنظیم کا سہولت کار پراسیکیوٹر انسپکٹر اور 5 دہشتگرد گرفتار

میر خان نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی سے وکالت کی، لیگل برانچ میں پراسیکیوٹنگ انسپکٹر تعینات ہوا

گرفتار سہولت کار اور گرفتار عثمان قاضی کالعدم تنظیم بی ایل اے کیلئے کام کر رہے تھے، مزید گرفتاریاں متوقع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سی ٹی ڈی نے کالعدم تنظیم کا ایک اور سہولت کار کو گرفتار کر لیا۔ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی سے وکالت کی ڈگری حاصل کی ابتدائی تفتیش میں تخریبی کارروائیوں میں ملوث ہونے کا اعتراف کیا پانچ دیگر دہشت گردوں کو بھی گرفتار کیا گیا ہے آج عدالت میں پیش کیے جانے کا امکان مزید اہم گرفتاریوں کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق سی ٹی ڈی نے کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف اضلاع......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت داخلہ نے ای امیگریشن کا نظام متعارف کرانے کی منظوری دے دی

آئندہ ماہ ملک بھر میں نظام نافذ کردیا جائیگا، مسافروں کو قطاروں میں لگ کر انتظار نہیں کرنا پڑیگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں امیگریشن کا نیا نظام متعارف کروانے کا فیصلہ کرلیا گیا، ای امیگریشن نظام کے نفاذ کے بعد مسافروں کو قطاروں میں......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی صوبہ سیستان، بلوچستان میں فورسز پر حملہ؛ 5 اہلکار جاں بحق

گھات لگا کر بیٹھے مسلح افراد نے فائرنگ کی۔ کسی گروپ نے ذمہ داری قبول نہیں کی

جاں بحق ہونے والے اہلکاروں کا تعلق امن و امان قائم رکھنے والے یونٹ سے تھا، میڈیا

سیستان (م ڈ) ایران کے شورش زدہ صوبے سیستان-بلوچستان میں مسلح افراد کی اندھا دھند فائرنگ میں کم از کم 5 پولیس اہلکار کے جاں بحق اور تین کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق یہ حملہ گھات لگا کر اس وقت کیا گیا جب دو پولیس......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ایک ساتھ 3 روزہ تعطیلات کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ستمبر میں ایک ساتھ تین روزہ طویل تعطیلات کا امکان ہے۔ اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کی پیشگوئی کے مطابق 24 اگست کو ماہ ربیع الاول کا چاند نظر آنے کا امکان ہے۔ اگر یہ پیش گوئی درست ثابت ہوئی تو عید میلاد......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

افغان پناہ گزینوں کے 20 سال پرانے ریلیف پیکیج کا ریکارڈ غائب

5 ارب 50 کروڑ روپے جاری کیے گئے لیکن واؤچر اکاؤنٹس، جمع نہیں کرائے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں افغان پناہ گزینوں کے لیے 20 سال پہلے دیے گئے اربوں روپے......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

مون سون کا آٹھواں سپیل (آج) سے شروع ہوگا، الرٹ جاری

بالائی حصوں میں شدید طوفانی بارشوں کا امکان، پانی کے بہاؤ میں اضافے کا خدشہ، ترجمان

لاہور (بیورو رپورٹ) پی ڈی ایم اے پنجاب نے صوبے میں مون سون کے آٹھویں اسپیل کا الرٹ جاری کردیا۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق مون سون بارشوں کا آٹھواں اسپیل (آج) ہفتہ سے شروع ہوگا۔ ترجمان نے بتایا کہ (آج) 23 سے......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی موبائل کمپنیوں کی مدد سے افغان سمز کو سگنل ملنے کا انکشاف

برطانیہ کی سمز کو بلاک کیا گیا ہے، این سی آئی اے کی قائمہ کمیٹی پارلیمانی امور میں بریفنگ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی پارلیمانی امور کے اجلاس میں انکشاف ہوا ہے کہ پاکستانی موبائل کمپنیوں کی مدد سے افغانستان کی سمز کو سگنلز......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی اور حسن ابدال سے فتنۃ الخوارج کے 4 سہولت کار گرفتار

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) حساس ادارے نے راولپنڈی اور حسن ابدال سے فتنۃ الخوارج کے 4 سہولت کاروں کو گرفتار کرلیا۔ نیوز کے مطابق حساس ادارے کی فتنہ خوارج کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

روس کا یوکرین پر بڑا فضائی حملہ، 574 ڈرون اور 40 میزائل داغے گئے

ایک شخص ہلاک اور 15 زخمی، حالیہ حملہ جولائی کے بعد سب سے بڑا فضائی حملہ قرار دیا جارہا ہے

کیف (م ڈ) یوکرینی حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ روس نے یوکرین پر 574 ڈرون اور 40 میزائل داغے جو حالیہ ہفتوں کے سب سے بڑے حملوں میں سے ایک......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں فائرنگ قبائلی رہنما قتل، پشین اور اوستہ محمد میں 3 جاں بحق

عبدالرؤف ترین کے بیٹے اسلم ترین پر جناح روڈ پر فائرنگ کی گئی، پشین میں فائرنگ سے ڈاکٹر اقبال جاں بحق

اوستہ محمد دو گروہوں میں تصادم یعقوب گولی لگنے سے ہلاک، پنجگور میں فائرنگ مطلب نامی شخص جاں بحق دو زخمی

کوئٹہ، قلعہ عبداللہ (سٹی رپورٹر، نامہ نگار) کوئٹہ کے علاقے جناح روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قبائلی رہنما حاجی عبدالرؤف ترین کے بیٹے اسلم ترین کو قتل کردیا۔ اور فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

دہلی: کامیڈین جسوندر سنگھ بھلہ 65 سال کی عمر میں انتقال کرگئے

اداکار فورٹ ہسپتال موہالی میں دم توڑ گئے، آخری رسومات آج موہالی میں ادا کی جائینگی

دہلی (م ڈ) مشہور پنجابی کامیڈین اداکار جسوندر سنگھ بھلہ انتقال کرگئے۔ پنجابی فلم انڈسٹری کے معروف کامیڈین اداکار جسوندر سنگھ بھلہ کا 65 سال کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ اطلاعات کے مطابق وہ جمعہ کی صبح فورٹس ہسپتال، موہالی میں دم توڑ گئے۔ بھارتی......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

نوجوانوں کو ذمہ داریاں نبھانے کیلئے ہر لمحہ تیار رہنا چاہیے، ڈاکٹر ظہور بازئی

چیلنجز کا سامنا کرنے اور مواقع سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت بھی پیدا کرنی ہوگی، یوتھ ورکشاپ کے اختتامی سیشن سے خطاب

جامعہ کے آئی ایم ایس اور آفاق کے باہمی اشتراک سے تین روزہ یوتھ لیڈر شپ ورکشاپ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔

آرائسہ ٹرنانا تھا کہ وہ سمسٹل میں طبی، سماجی اور پیشہ وارانہ میدانوں میں بہترین کارکردگی دکھا چکی ہیں۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بازئی تھے۔ انہوں نے ورکشاپ کے انعقاد کو نوجوان طلبہ و طالبات کی قائدانہ صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں موثر قیادت، خود اعتمادی، فیصلہ سازی اور ٹیم ورک، مواصلاتی مہارتوں اور تنقیدی سوچ جیسی بنیادی صلاحیتوں سے آراستہ کرنا قرار دیا۔

وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بازئی کا ورکشاپ کے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کرتے ہوئے

انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو صرف ذمہ داریاں نبھانے کے لئے ہی نہیں بلکہ چیلنجز کا سامنا کرنے اور مواقع سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت بھی پیدا کرنی ہوگی۔ وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بازئی نے کہا کہ نوجوانوں کو ہر شعبہ زندگی میں قائدانہ کردار ادا کرنے کے لئے تیار رہنا چاہیے بلکہ انہیں تحقیق میں قومی اور عالمی سطح پر قائدانہ کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے۔

درخواست پر اہلکار سرٹیفکیٹ منسوخ کرد یا گیا

ملت (ن ل) اپنی شکایات کے ایک تحکمانہ جائزہ کمیٹی مقرر کی ہے جو ہر ہفتے کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ اس موقع پر جناب شارمو کی و نوجوانوں کی تربیت کے لئے نمایاں خدمات پر خصوصی اعزاز بھی دیا گیا۔ یہ ورکشاپ جامعہ بلوچستان کے اس وژن کی عکاسی ہے جو نوجوانوں کو ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرتے ہوئے انہیں مستقبل میں قومی اور عالمی سطح پر قائدانہ کردار ادا کرنے کے قابل بناتا ہے۔

کوئٹہ: بلتستو نخواہیے کے صوبائی ڈپٹی کمشنر ضیاء الحق نیازی ہائی بلڈ پریشر کنٹرول کانفرنس کے موقع پر

صوبائی مشیر بلدیات نورالہدیٰ زمرک زمری سے علاقے کے معتبرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بلوچستان میں غذائیت کے مسائل، فوڈ سیکیورٹی پر ورکشاپ کا انعقاد

صوبے میں 90 فیصد خوراک غیر معیاری اور انسانی صحت کیلئے نقصان دہ ہے

مقامی زرعی پیداوار بڑھانے سے صوبہ غذائی خود کفالت حاصل کرسکتا ہے، مقررین

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام پبلک ہیلتھ نیوٹریشن ایسوسی ایشن بلوچستان اور پاک کوریا نیوٹریشن سینٹر کوئٹہ کالجز الائنس کے تعاون سے بلوچستان کے فوڈ سیکیورٹی اور نیوٹریشن ریسرچ کے موضوع پر تحقیق ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں وائس چانسلر یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر شمیم اختر نیشنل نیوٹریشن ایسوسی ایشن بلوچستان کی صدر پروفیسر ڈاکٹر ثمینہ ارشد رند سمیت ڈین آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحمٰن کاکڑ، ڈین آف ایگریکلچر ڈاکٹر محمد اسلم خان، ڈین آف ویٹرنری سائنسز ڈاکٹر محمد یونس، ڈین آف ایسٹ اینڈ ایسٹ ڈاکٹر عبدالرحمٰن، ڈین آف

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

نصیر آباد: شہید نذیر احمد عمرانی تھانہ کی کامیاب کارروائیاں، جرائم میں کمی

تین ماہ کے دوران 14 لاکھ مسروقہ رقم اور 13 غیر قانونی پسٹل برآمد، 17 ملزمان کو مختلف مقدمات میں گرفتار کیا گیا

6 قتل کے مقدمات میں مطلوب ملزمان گرفتار، پان پراگ، چھالیہ، سگریٹس اور غیر قانونی ٹائر بڑی مقدار میں برآمد

نصیر آباد (نامہ نگار) پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی کے ایس ایچ او محمد عمر اعوان نے اپنی تعیناتی کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور اور مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے شاندار کامیابیاں حاصل کیں۔ جس سے علاقے میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے پولیس ذرائع کے مطابق ایس ایچ او محمد عمر اعوان کی قیادت میں درج ذیل اہم کامیابیاں حاصل کی گئیں 7 نامعلوم 11,500 لیٹر ایرانی پیٹرول ضبط کیا گیا 6 قتل کے مقدمات کو کامیابی سے ٹریس کیا گیا 3 چوری کے مقدمات حل کر کے 14 لاکھ روپے کی مسروقہ رقم برآمد کی گئی 13 غیر قانونی پسٹل برآمد کیے گئے 17 ملزمان کو مختلف مقدمات میں گرفتار کیا گیا ایک نان کسٹم پیڈ گاڑی کو قبضے میں لیا گیا مقدمات میں کمن جاری کیے گئے پان پراگ، چھالیہ، اعلیٰ کوالٹی سگریٹس اور غیر قانونی ٹائر بڑی مقدار میں برآمد کیے گئے مقدمات میں مطلوب ملزمان گرفتار کیے گئے ڈکیتی میں ملوث 2 موٹر سائیکلیں اور ایک قیمتی آئی فون برآمد کیا گیا ایس ایچ او محمد عمر اعوان نے جوئے اور منشیات فروشی کے خلاف بھی بھرپور کارروائیاں کیں جن کے نتیجے میں ان جرائم کی روک تھام میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ عوامی حلقوں نے ایس ایچ او کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کے اقدامات کو امن دامان کے قیام کی جانب مثبت قدم قرار دیا ہے۔

UoT اور NCHD کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

مقصد تعلیم اور انسانی ترقی کے فروغ میں تعاون کو مضبوط بنانا ہے

تربت (اے پی پی) یونیورسٹی آف تربت اور نیشنل کمیشن برائے ہیومن ڈویلپمنٹ (این سی ایچ ڈی) کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد تعلیم اور انسانی ترقی کے فروغ کے لیے مختلف اقدامات میں تعاون کو مضبوط بنانا ہے۔ ان اقدامات میں Each One Teach One خواندگی مہم اور دیگر تعلیمی و سماجی ترقیاتی پروگرام شامل ہیں۔ یہ پروگرام وزیراعظم کے تعلیمی ایمرجنسی 2024 کا حصہ ہے۔ ایم او یو پر دستخط کرنے کی تقریب یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف تربت کے رجسٹرار، گنگزار بلوچ اور این سی ایچ ڈی کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد افضل نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ تقریب میں یونیورسٹی کے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد، این سی ایچ ڈی کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لٹریسی عبدالسلام اور فیلڈ آفیسر اعجاز احمد بھی موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت این سی ایچ ڈی، یونیورسٹی آف تربت کو خواندگی کے منصوبوں اور پروگراموں پر عملدرآمد کے لیے تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔ اس شراکت داری کا مقصد طلبہ و طالبات کی مہارتوں اور صلاحیتوں میں اضافہ کرنے کے علاوہ ان کے لیے انٹرن شپس اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا بھی ہے۔

راولپنڈی: بدعنوانی کی شکایت پر تھانہ پیرودھائی کا سب انسپکٹر معطل

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد ہمدانی کا تھانہ پیرودھائی کے سب انسپکٹر کی بدعنوانی کی شکایت پر نوٹس و اظہار برہمی، سب انسپکٹر اشرف معطل، چارج شیٹ جاری، ایس ایس پی آپریشنز کو انکوائری کرکے رپورٹ پیش کرنے کا حکم۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کا تھانہ پیرودھائی کے سب انسپکٹر کی بدعنوانی کی شکایت پر نوٹس و اظہار برہمی، سی پی او نے سب انسپکٹر اشرف معطل کرکے چارج شیٹ جاری کر دی، ایس ایس پی آپریشنز کو انکوائری کرکے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا

ایف آئی اے نے انسداد انسانی سمگلنگ کیلئے آئی بیسڈ ایپ تیار کر لی

ایپ کے پائلٹ پراجیکٹ کا آغاز اسلام آباد ایئرپورٹ سے ہوگا، امیگریشن میں بھی آسانی ہوگی

ایف آئی اے کے آئی ٹی انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے مطلوبہ فنڈ فراہم کئے جائیں گے، محسن نقوی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) امیگریشن میں آسانی اور انسانی سمگلنگ کے خاتمے کے لیے ایف آئی اے کی آئی بیسڈ ایپ تیار کر لی گئی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر اے آئی بیسڈ ایپ کے پائلٹ پراجیکٹ کا آغاز اسلام آباد ایئرپورٹ سے ہوگا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف آئی اے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کا دورہ کیا اور اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ایف آئی اے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے سلسلے میں گزشتہ اجلاس میں لیے گئے فیصلوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کو امیگریشن کو سہل بنانے اور انسانی سمگلنگ کے انسداد کی اے آئی بیسڈ ایپ بارے بریفنگ دی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس اقدام کو سراہا اور وقت کی اہم ضرورت قرار دیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اس اقدام سے انسانی سمگلنگ کی روک تھام کے ساتھ مسافروں کو قطاروں سے نجات ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے کے آئی ٹی انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے مطلوبہ فنڈ فوری فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے ہیڈ کوارٹر بلڈنگ کی فوری طور پر اپ گریڈیشن کی ہدایت کی۔ اور ڈی اے کو ایف آئی اے اکیڈمی کی نئی الاٹ کردہ اراضی ادارے کے حوالے کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے سٹاف کی کمی کے پیش نظر منظور شدہ خالی آسامیوں پر فی الفور بھرتی کا عمل شروع کرنے کی بھی ہدایت دی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ تمام ضروری وسائل کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ اس کے ساتھ آپ کو کارکردگی بھی دکھانا ہو گی۔ ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے راجہ رفعت مختار نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو بریفنگ میں بتایا کہ ایف آئی اے ایکٹ میں ضروری ترامیم پر کام مکمل کیا جا چکا ہے۔ ادارے کی ڈیجیٹلائزیشن کا عمل ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے۔ ادارے کو قلیل مدت میں ای آفس پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ ایف آئی اے کے تمام نوٹس بھی کیو آر کوڈ کے ساتھ جاری کیے جائیں گے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایئرپورٹ منیجر ملک وحید عباس ملاقات کر رہے ہیں

مستونگ: مضر صحت چاٹ کھانے سے خواتین اور بچوں کی حالت غیر

مستونگ (یو این اے) مستونگ کے نواحی علاقے کلی پیر کانو میں بازار سے لائی گئی چاٹ کھانے سے خواتین اور بچوں سمیت ایک درجن سے زائد افراد کی حالت غیر ہو گئی جنہیں فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ خاندانی سربراہ محراب خان لہڑی کے مطابق انہوں نے محراب روڈ پر واقع ایک دکان سے چاٹ خریدی اور گھر لے گئے، تاہم چاٹ کھانے والے تمام افراد کو فوڈ پوائزننگ ہوئی جس کے باعث انہیں شدید الٹی اور موشن شروع ہو گئے۔ متاثرہ خاندان نے ڈپٹی کمشنر مستونگ، پرائس کنٹرول مجسٹریٹ اور فوڈ اتھارٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعے کا فوری نوٹس لے کر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں گرمی کی شدت برقرار

لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں سو فیصد اضافہ عوام کو شدید مشکلات درپیش

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں گرمی کی شدت برقرار ہونے کے ساتھ کیسکو کی گرمی بھی ختم نہ ہو سکی بلکہ مختلف علاقوں میں لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں سو فیصد اضافہ کر لیا جس سے عوام انتہائی مشکلات کا شکار ہے واضح رہے کہ اس وقت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں اگرچہ اگست کے آخری دنوں شروع ہے لیکن گرمی کی شدت اسی طرح برقرار ہے اور ساتھ میں واپڈا کی جانب سے بھی بہانے سے ختم نہیں ہوئے اور آئے روز لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں اضافہ کر دیا، لوڈشیڈنگ تو برقرار ہے لیکن بجلی کی بلوں میں کمی کی بجائے دگنا ٹیکس لگا کر اضافہ کر دیا گیا اور اگر پہلے کسی کے 8 ہزار بل آج وہی بل 20 ہزار سے زائد ہو گیا جو غریب کی بس کی بات نہیں ہے گرمی کی شدت برقرار اور لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں اضافہ نے عوام کی زندگی کو اجیرن بنا دی ہے عوامی حلقوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کو صرف ختم کیا جائے بلکہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں کیسکو حکام اپنا کردار ادا کریں۔

پشتون قوم کی بقاء اور امن و امان کیلئے لوئیہ جرگہ ناگزیر ہے، اے کیو ایم

اے پی سی میں افغان قومی موومنٹ کو دعوت نہ دینا باچا خان کے فلسفہ افغانیت کی نفی ہے

پشتون قوم کے مسائل کے حل کیلئے اے پی سیز اور جرگے سیاسی عناد سے پاک ہونے چاہئیں

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ میں گزشتہ روز ایک پنجاب پرست سیاسی تنظیم کی تعصبی قیادت کی طرف سے اے پی سی کا نام پر صرف ہم خیال سیاسی تنظیموں کو دعوت دینے اور افغانیت کے نام سے منسوب اور افغانی افکار و اکابرین کی سوچ کو پروان چڑھانے والے سیاسی مترقی تنظیم افغان قومی موومنٹ کو نام نہاد اے پی سی میں افغانیت کے نام سے مربوط سیاسی تنظیم کو دعوت نہ دینا باچا خان کے فلسفہ افغانیت کی نفی کی ایک زندہ مثال ہے ...

سرمایہ کاری کے فروغ سے بلوچستان میں صنعتی شعبے کو ترقی ملے گی، بلال کاکڑ

وسائل کو جدید تقاضوں کے مطابق بروئے کار لانے سے عوام کو روزگار کے مواقع میسر، ملکی معیشت مستحکم ہوگی

سرمایہ کاری بورڈ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے بلوچستان کو پرکشش حب بنانے کیلئے پرعزم ہے، چیئرمین

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے سٹی پٹرولیم کے چیف ایگزیکٹو ارشد عزیز نے ملاقات کی۔ اس دوران بلوچستان کی ساحلی پٹی اور دیگر قدرتی وسائل سے متعلق سرمایہ کاری کے وسیع امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلال کاکڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کو قدرت نے معدنیات، ساحل، وسائل اور توانائی کے ذخائر سمیت بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ ان وسائل کو جدید تقاضوں کے مطابق بروئے کار لانے سے نہ صرف صوبے کے عوام کو روزگار اور فلاح و بہبود کے مواقع میسر آئیں گے بلکہ ملکی معیشت بھی مستحکم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ سے بلوچستان میں صنعتی شعبے کو ترقی ملے گی، تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور بیرونی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بھی مزید اضافہ ہوگا۔ بلوچستان کی ساحلی پٹی میں آئل، گیس اور انرجی سیکٹر میں سرمایہ کاری کے روشن امکانات موجود ہیں۔ سرمایہ کاری بورڈ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے بلوچستان کو ایک پرکشش سرمایہ کاری حب بنانے کے لیے پرعزم ہے تاکہ صوبے کے قدرتی وسائل کو قومی ترقی اور عوامی خوشحالی کا ذریعہ بنایا جا سکے۔

کراچی، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ سے ارشد عزیز ملاقات کر رہے ہیں

اورنگزیب کاسی ڈائریکٹر جنرل کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (QDA) تعینات

کوئٹہ (اے این این) گریڈ 19 کے آفیسر اورنگزیب کاسی کو ڈائریکٹر جنرل کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (QDA) تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ ڈی جی اسکر خان کی خدمات کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ بلوچستان کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ افسران نے اپنے نئے عہدوں کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔

کوئٹہ: نجی اسکول پرنسپل کا طالب علم پر مبینہ تشدد، مقدمہ درج

خضدار، ہیلتھ ڈرگ انسپکٹر سید یار محمد و ڈرگ انسپکٹر رشید احمد مینگل غیر قانونی ادویات کے خلاف مشترکہ کارروائی کر رہے ہیں

کوئٹہ: عطائی ڈاکٹرز شہریوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں، محکمہ صحت غافل

محکمہ صحت کے بعض اہلکار خود عطائیوں کے سرپرست ہیں، عوامی و سماجی حلقوں کا الزام

آبادی میں توازن سے متعلق اسلامی نظریاتی کونسل کا اعلامیہ خوش آئند ہے، مقررین

بڑھتی ہوئی آبادی سے جنم لینے والے مسائل کے پائیدار حل کیلئے وزیر اعظم نے خصوصی کمیٹی قائم کر دی ہے

بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ اسلامی تعلیمات ہیں، ڈاکٹر علی میر، اکرام الاحد، علامہ تمہید جان و دیگر

جناب اشوک کمار، چیئرمین مجلس قائمہ محکمہ شہری منصوبہ بندی و ترقیات سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی: عدالتوں نے دو منشیات سپلائرز کو سزائیں سنادیں

مجرمان کو مجموعی طور پر 18 سال قید اور 1 لاکھ 80 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی پولیس کی مؤثر پولیسنگ، معزز عدالتوں نے دو منشیات سپلائرز کو سزائیں سنادیں، مجرمان کو مجموعی طور پر 18 سال قید اور 1 لاکھ 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالتوں نے دو منشیات سپلائرز کو سزائیں سنادیں، مجرم خرم شہزاد کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 520 گرام چرس برآمد ہونے پر وارث خان پولیس نے اپریل 2025 میں گرفتار کیا تھا، مجرم اول گل کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 940 گرام چرس برآمد ہونے پر واہ کینٹ پولیس نے جون 2025 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں، سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

9 مئی کے مقدمات میں عمران خان کی ضمانت انصاف کی جیت ہے، سید صادق آغا

عمران خان عوامی رہنما ہیں، جھوٹے مقدمات اور سازشیں دم توڑ گئیں، پی ٹی آئی بلوچستان

چاغی: پاک ایران روتک گیٹ تین ماہ سے بند، 5 ہزار مزدور بے روزگار

گیٹ کی بندش سے تجارت معطل، معاشی بحران کے باعث مزدور فاقوں پر مجبور

طلباء کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سہولیات فراہم کر رہے ہیں، چیئرمین تعمیر نو ٹرسٹ

طلباء تعلیم کیساتھ اخلاقیات پر بھی توجہ دیں، اساتذہ انکی مکمل رہنمائی کریں گے، بریگیڈیئر ریٹائرڈ عبدالجلیل خان

نظم و ضبط اور معیاری تعلیم پر خصوصی توجہ ہی ادارے کو منفرد بناتی ہے، محمد نسیم لہڑی و دیگر کا استقبالیہ تقریب سے خطاب

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن بس ٹرمینل کی نیکاسین سے متعلق ٹرانسپورٹروں اور میونسپل کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کی ترقی اور امن کیلئے مؤثر حکومتی اقدامات کی ضرورت ہے، اراکین صوبائی اسمبلی

صوبے کے عوام روزگار کیلئے ترس رہے ہیں، بارڈرز کی بندش کے باعث صوبے میں معاشی سرگرمیاں اور کاروبار ٹھپ ہو چکا ہے، زابد ریکی

بلوچستان کے مسائل پر سنجیدگی سے غور کیا جائے اور فوری طور پر ترقیاتی منصوبوں کی جانب قدم اٹھایا جائے، اسد بلوچ، رحمت صالح بلوچ

کوئٹہ (اے این این) اراکین بلوچستان اسمبلی نے کہا ہے کہ صوبے میں پائیدار ترقی اور امن کے لیے مؤثر حکومتی اقدامات کی ضرورت ہے۔ بلوچستان کے عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں رکاوٹیں موجود ہیں، جس کے باعث یہاں کے لوگ مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ صوبے کے نوجوانوں کو روزگار کی شدید کمی کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے نہ صرف نوجوان نسل مایوسی کا شکار ہے بلکہ ان کی صلاحیتوں کو بھی ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی میر زابد علی ریکی، رکن صوبائی اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ، نیشنل پارٹی کے میر رحمت صالح بلوچ نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اراکین بلوچستان اسمبلی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ انہیں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرنے کا موقع مل سکے۔ بلوچستان کے تمام بارڈرز کی بندش کی وجہ سے صوبے کے معاملات زندگی اور کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے۔ بارڈر کے قریب علاقوں میں روزگار نہ ہونے کی وجہ سے نوجوان طبقہ مایوسی کا شکار ہے جس کی تمام تر ذمہ داری موجودہ حکومت اور حکمران وقت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بارڈرز، موبائل ڈیٹا اور دیگر سہولیات سے عوام کو محروم کرنا یہ واضح ہے کہ موجودہ حکومت بلکل ناکام ہو چکا ہے

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Buildings Cwpp&H Department Saddar Quetta Invites Bids from Eligible Bidders for Execution of Following Work for The Year 2025-26 Based on Composite Schedule Rates 2023 on Percentage Rates. **Earnest Money 2% in Shape of Call Deposit, Tender Fee Rs 1000/- and Time limit 12 Months**

S.No.	Name of work	E/Cost
1	CONST OF ROOMS WASHROOM SERVANT ROOM & TUFF TILE AT GOVT GIRLS HIGH SCHOOL RAILWAY COLONY QUETTA PSDP 5416 Z2025.0356 **TSE-252608823053**	22.400 M

The office of the Executive Engineer Buildings Cwpp&H Department Saddar Quetta invites technical proposals of Contractors/firms along with sealed financial proposals **(Single Stage-Two Envelope Bidding Procedure)** for above mentioned work from interested firms / Contractors. All interested bidders are required to submit documents as per following brief in support of their technical/Financial proposal: The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws **BASIC ELIGIBILITY: (a)**The Contractor must have fresh valid registration with Pakistan Engineering Council in C-5 and above and active registration with tax authorities i.e (NTN, Sales tax Department and BRA). **BID SECURITY:** The bid must accompany bid security in the form of call deposit or bank guarantee of amount specified above in the name of the under-signed from a schedule bank **TECHNICAL PROPOSALS** Shall consists of the Following Documents: - **(a).** Name of Firm / Contractor with year of establishment along with postal address and telephone number. **(b)** Name of Technical Supervisory staff / Management Staff along with their qualifications / experience and proof of their stay with the firm, with fresh affidavit as per criteria specified in bidding data. **(c).** 2 No of Projects, similar nature of work completed during last 3 years. (Details should be given as per criteria specified in bidding documents). **(d)** 1 No of Projects similar nature and cost in hand. (Details should be given as per criteria specified in bidding documents) **(e).** Fresh Registration / Clearance from income tax Department and BRA. Original must show on Submission / Opening the technical Proposals. **(f).** Detail Turnover of at least 15,680,000 million for the last (3) three years showing the financial capacity of firm as per criteria specified in the Bidding Documents. **(g).** Under taking on judicial Stam paper that the firm was never black listed / no litigation by any Government / Semi Government Organization, separate for each work. **(h).** It is mandatory that the Contractor must show the original fresh PEC valid registration i.e 2025-26 with Pakistan Engineering Council (PEC) on the time of submission / opening the Technical Proposal. **(i)** Bid Security @ 2 % of bid quoted amount must be in the form of call deposit in favor of the office Name of the under signed from a scheduled bank of Pakistan. **No Cheque will be acceptable. FINANCIAL PROPOSALS** Shall consist of the Following Documents: - (a). Detail BOQ with Quoted Rates in sealed envelope mentioned the name & Title of scheme. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of green Challan of an amount of above mention work (Non-refundable) in the head of account C02716 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from the Website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk), during working hours, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. **DEADLINES OF SUMBISSION:** Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in two separates envelopes clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before ***10th September, 2025 at 11:00 Hrs.*** **OPENNING:** The envelope containing "**Technical Bids**" will be opened on the same day ***10th September, 2025 at 12:00 Hrs,*** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend. The Second sealed envelope containing "**Financial bids**" of technically responsive / qualified bidders will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the technical bids. **Bids Validity: Ninety (90) days Place:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be - ***The office of the Executive Engineer, Buildings CWPP&H Saddar Quetta at spini Road Quetta, office Phone No. 081-9213512.Email Address;*** xen.building.sadar@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings)

PRQ No.769/22-8-2025

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings)
CW PP&H Department Sadder Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

حب، ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز محمد ابراہیم بازئی مون سون شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief Officer Municipal Corporation Chaman invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost	Tender Fee	Bid Security
1	TSE-252608820653	CONSTRUCTION OF FLOOD CANAL AT UP/DOWN STREAM OF COLLEGE CAUSE WAY CHAMAN	05 September, 2025 11:00 AM	12:00 PM	8,000,000	2,000 PKR	2%
2	TSE-252608820573	UPGRADATION OF GIRLS SCHOOL MEHAMOOD ABAD & PROVIDING & LAYING TUFF TILE AT MEHMOOOD ABAD CHAMAN	05 September, 2025 11:00 AM	12:00 PM	5,800,000	2,000 PKR	3%
3	TSE-252608820523	CONSTRUCTION OF DRAIN,ROAD CROSS & PROVIDING FIXING TUFF TILE AT DIFFERENT WARDS OF MUNICIPAL CORPORATION CHAMAN	05 September, 2025 11:00 AM	12:00 PM	36,200,000	2,000 PKR	3%
4	TSE-252608820353	SUPPLY & INSTALL OF HOME SOLAR PLATES AT CHAMAN CITY	05 September, 2025 11:00 AM	12:00 PM	30,000,000	2,000 PKR	3%
5	TSE-252608820283	PROVIDING AND FIXING OF STREET LIGHTS AT CHAMAN CITY	05 September, 2025 11:00 AM	12:00 PM	30,000,000	2,000 PKR	3%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-252608820653, TSE- 252608820573, TSE-252608820523, TSE-252608820353, TSE-252608820283) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Chaman
Phone no: 0312790414 **Fax no:** 0826612357 **Email:** mcchaman04@gmail.com

AB No.182/22-8-2025

Chief Officer
Municipal Corporation
Chaman

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ملک کی تعمیر و ترقی بلوچستان کی خوشحالی سے وابستہ ہے، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے عوامی مسائل کے خاتمہ کیلئے فعال کردار ادا کر رہی ہے

بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے اقدامات کسی سے پوشیدہ نہیں، وفود سے گفتگو

بے سہارا افراد کی خدمت نجات کا ذریعہ ہے، قاری محمد اسماعیل

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 23 اگست 2025ء

زرعی شعبے میں درپیش چیلنجز: چینی ماڈل سے استفادے کا عزم

وزیراعظم شہباز شریف نے زرعی شعبے میں چین کے تجربات سے بھرپور استفادہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ زرعی شعبہ اہمیت کا حامل ہے پاکستانی طلبہ کو تربیت دینے پر چینی قیادت کے مشکور ہیں، گزشتہ روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پاکستانی طلبا کو چین بھیجنے سے متعلق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ زرعی شعبے میں تربیت کیلئے طلبا کا میرٹ پر انتخاب کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرعی شعبے میں چین کے تجربات سے بھرپور استفادہ کریں گے، زرعی شعبے میں بہتری کیلئے جدید ٹیکنالوجی کی پاکستان منتقلی ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ چین میں ایک ہزار طلبہ کو تربیت کے لئے بھیجا جائے گا 300 طلبہ تربیت حاصل کرکے وطن واپس پہنچے ہیں 100 طلبہ وہاں موجود ہیں جبکہ 300 طلبہ کا یہ بیچ 24 اگست کو روانہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے، اور زراعت ہماری معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے چین میں تربیت کے لئے منتخب طلبہ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ یہ یاد رکھیں کہ چین پاکستان کا سب سے زیادہ قابل اعتبار اور ہر مشکل وقت کا دوست ہے، چین میں پاکستان کے زبردست سفیر بنیں، اور مختصر وقت میں زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ برسبیل تذکرہ یہاں ایک اور خبر کا بھی ذکر ضروری ہے جو جو وفاقی کابینہ کے اجلاس سے متعلق ہے جس میں زرعی پیداواری لاگت کرنے کے حوالے سے کمیٹی قائم کی گئی ہے یہ دونوں خبریں زرعی شعبے کی اہمیت اور ترقی کے لئے حکومت کی کوششوں کو نمایاں کرتی ہیں ہم یہ سمجھتے ہیں کہ زرعی شعبے کے لئے وفاقی حکومت کی طرح صوبائی حکومتوں کو بھی چاہئے کہ ترجیحات واضح کریں اور اہداف طے کرکے ان کا حصول بہرصورت یقینی بنائیں یہ شعبہ ملک کی معیشت، معاشرت اور ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے۔ زرعی شعبے میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے چینی ماڈل سے استفادے کا عزم مستحسن اور قابل ستائش ہے۔ بنیادی طور پر اگر دیکھا جائے تو پاکستان ایک زرعی ملک ہے جس کی معیشت میں زراعت کو ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ یہ شعبہ نہ صرف ملک کی غذائی ضروریات پوری کرتا ہے بلکہ لاکھوں لوگوں کو روزگار بھی فراہم کرتا ہے۔ تاہم، یہ شعبہ کئی چیلنجز کا شکار ہے، جیسے کہ پیداواری لاگت میں اضافہ، پرانے زرعی طریقے اور ٹیکنالوجی کی کمی اور دیگر مسائل۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے ان چیلنجز سے نمٹنے کے لئے چین کے جدید زرعی تجربات سے استفادہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے یہ ایک انتہائی قابل ستائش کام ہے پاکستان کی معیشت میں زراعت کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ شعبہ جی ڈی پی کا ایک بڑا حصہ ہے اور برآمدات میں بھی اس کا اہم کردار ہے۔ یہ شعبہ ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے غذائی تحفظ کو یقینی بناتا ہے، خاص طور پر گندم، چاول، کپاس اور گنے جیسی اہم فصلوں کی پیداوار میں۔ یہ شعبہ روزگار کا ایک بڑا ذریعہ بھی ہے، خاص طور پر دیہی علاقوں میں جہاں زیادہ تر آبادی زرعی سرگرمیوں سے وابستہ ہے مگر بدقسمتی کہیں یا المیہ کہ اتنا اہم اور بڑا شعبہ مختلف النوع مسائل میں گھرا ہوا ہے اور چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے جس میں پیداواری لاگت سب سے بڑا چیلنج ہے۔ پیداواری لاگت میں اضافہ کم کرنے کے لئے اقدامات کی اشد ضرورت ہے کھاد، بیج اور بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں کسانوں کے لئے فصلیں اگانا مشکل بنا رہی ہیں۔ اس سے ان کا منافع کم ہوتا ہے اور وہ زراعت سے کنارہ کشی اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ دوسرا چیلنج پرانی اور غیر مؤثر زرعی تکنیکیں ہیں، جن کی وجہ سے فی ایکڑ پیداوار عالمی معیار سے بہت کم ہے۔ کپاس کی پیداوار میں کمی اس کی واضح مثال ہے جس میں مسلسل کمی آ رہی ہے اور یہ کمی جدید ہائبرڈ بیجوں اور ٹیکنالوجی کی عدم دستیابی کا نتیجہ ہے تیسرا چیلنج پانی کے وسائل کا غیر مؤثر استعمال ہے، جو آب پاشی کے نظام کو متاثر کر رہا ہے، اور موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے فصلوں کو نقصان پہنچ رہا ہے ایک اور اہم چیلنج لائیوسٹاک سے متعلق ہے لائیوسٹاک کا شعبہ بھی پیچھے رہ گیا ہے، جس کی وجہ جدید بریڈنگ تکنیکوں اور بیماریوں کی روک تھام کے طریقوں کی کمی ہے۔ یہ مسائل نہ صرف کسانوں کی آمدنی کو متاثر کر رہے ہیں بلکہ قومی معیشت پر بھی منفی اثرات ڈال رہے ہیں ایسے میں چین کے زرعی تجربات سے استفادے کا فیصلہ اور اعلان انتہائی مثبت، خوش آئند اور قابل ستائش ہے وزیراعظم شہباز شریف کا یہ فیصلہ کہ پاکستان زرعی شعبے میں چین کے تجربات سے بھرپور استفادہ کرے گا، ایک انقلابی قدم ہے۔ اس اعلان کا بھرپور خیر مقدم کیا جانا چاہئے کیونکہ یہ پاکستان کے زرعی شعبے میں ایک نئی روح پھونکنے کی صلاحیت رکھتا ہے چین نے زراعت کے شعبے میں غیر معمولی ترقی کی ہے، اور اس کا ہائبرڈ بیجوں، جدید آب پاشی کے طریقوں اور لائیوسٹاک میں ریسرچ کا تجربہ پاکستان کے لئے انتہائی فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ پاکستانی طلبہ کو چین بھیج کر انہیں جدید زرعی تکنیکوں اور تحقیق سے روشناس کرایا جا رہا ہے۔ یہ طلبہ پاکستان میں واپس آکر ان تجربات کو مقامی سطح پر لاگو کریں گے، جس سے زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہو گا وزیراعظم کی جانب سے یہ اعلان کہ ایک ہزار طلبہ کو چین بھیجا جائے گا، جس میں بلوچستان کے طلبہ کو اضافی کوٹہ دیا جائے گا، اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت زراعت کی ترقی کو ملک کے پسماندہ علاقوں تک پہنچانا چاہتی ہے۔ یہ نہ صرف مقامی معیشت کو فروغ دے گا بلکہ قومی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا حکومت نے زرعی شعبے کی ترقی کے لئے کئی اہم اقدامات اٹھائے ہیں۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں زرعی پیداواری لاگت کم کرنے کے لئے کمیٹی کا قیام ایک بروقت اور دانشمندانہ فیصلہ ہے۔ یہ کمیٹی کسانوں کو ریلیف فراہم کرنے اور ان کی آمدنی بڑھانے کے لئے اقدامات تجویز کرے گی۔ اس کے علاوہ، خصوصی اقتصادی زونز میں ترامیم کی بدولت زرعی شعبے میں پروسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن کو بھی فروغ ملے گا۔ یہ اقدامات نہ صرف پیداوار میں اضافہ کریں گے بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کریں گے وزیراعظم شہباز شریف کا چین کے زرعی ماڈل سے استفادہ کرنے کا فیصلہ ایک مثبت اور دور اندیش قدم ہے۔ چینی ٹیکنالوجی، ہائبرڈ بیجوں اور لائیوسٹاک میں جدید تحقیق سے استفادہ کرکے پاکستان نہ صرف اپنی پیداواری صلاحیت کو بڑھا سکتا ہے بلکہ غذائی تحفظ کو بھی یقینی بنا سکتا ہے۔ یہ اقدامات کسانوں کی زندگیوں میں بہتری لائیں گے، دیہی معیشت کو مضبوط کریں گے اور پاکستان کو ایک خوشحال ملک بنائیں گے۔

وقت بدلنے جا رہا ہے!

قرطاس — ناصف اعوان

صدر ٹرمپ کی خوشامد پسندی کے مضمرات؟

انسانوں کے نام — افضال ریحان

انقلاب، انقلاب کا شور: ہم کہاں کھڑے ہیں؟

منظر نامہ



اسی طرح روسی انقلاب (1917) سوشلسٹ نظریے پر استوار تھا۔ لینن اور ان کے ساتھیوں نے برسوں عوام کو شعور دیا، بولشویک پارٹی کو منظم کیا، قربانیاں دیں اور زار شاہی کو گرا کر نیا نظام قائم کیا۔ صرف حکومت کی تبدیلی نہیں تھی بلکہ زمینوں کی ملکیت، تعلیم، صحت اور انصاف تک سب کچھ بدل گیا۔

موسمیاتی تبدیلی: کیا ہمارا ماسٹر پلان صرف اللہ توکل ہے؟

حقائق

بتدریج یکطرفہ ہوتا نظام

برملا — نصرت جاوید

فکر انگیز، غور طلب

پاکستان کے موجودہ بحران جو گزشتہ 78 سال سے مختلف شکلوں میں جاری ہے کے بارے میں بہت

خیالات — ...شمس

’قدرت متنبہ کر رہی ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کوئی سیاسی کھیل نہیں‘

کلمہ حق — خرم حسین

واشک، ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ کے موقع پر آگاہی سیمینار اور واک

یونیسیف کے تعاون سے ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت پر زور دیا گیا

واشک (یو این اے) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال واشک میں ماں کے دودھ کی اہمیت وافادیت کے بارے میں ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ کے حوالے سے بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ محکمہ صحت نے یونیسیف کے زیرتعاون ایک آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد کیا۔ آگاہی سیمینار سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اکبر رند، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر صدام سعید بلوچ، ڈاکٹر نوروز خان، ملیریا سپروائزر خلیل الرحمن اور مولانا سید دوست محمد نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی قرآن مجید میں فرماتا ہے "اور مائیں اپنے بچوں کو دو سال تک دودھ پلائیں (البقرہ:233) ماں کا دودھ قدرت کا انمول تحفہ ہے جو بچے کو نہ صرف مکمل غذائیت دیتا ہے بلکہ اس کی قوت مدافعت بڑھاتا ہے، ماں اور بچے کے درمیان گہرا جذباتی رشتہ بناتا ہے۔ بچوں کی بہترین ذہنی و جسمانی نشوونما کے لیے مائیں بچوں کو پہلے گھنٹے میں کولسٹرم (گاڑھا پیلے رنگ کا دودھ) پلائیں جو کہ بچوں کا پہلا ویکسین ہوتا ہے پھر چھ ماہ تک ہر دو گھنٹے بعد صرف اور صرف اپنا دودھ پلائیں حتی کہ پانی تک نہ پلائیں اور چھ ماہ کی عمر سے دودھ کے ساتھ اضافی نیم نرم غذا کھلائیں۔ اس مہینے کو ماں کے دودھ کی اہمیت وافادیت کے طور پر منانے کا مقصد خواتین کو شرعی اور سائنسی طور پر ماں کے دودھ کی اہمیت اور ڈبے کے دودھ کے نقصانات کو اجاگر کرنا ہے اور جو خواتین اپنے بچوں کو دو سال تک دودھ پلاتی ہیں

واشک، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اکبر رند ماں کے دودھ کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی واک کی قیادت کر رہے ہیں

گل حسن کی سکندر عمرانی پینل چھوڑ کر پیپلز پارٹی میں زوردار انٹری

میونسپل کمیٹی کے متحرک کونسلر نے سیاسی منظرنامے میں نئی جان ڈال دی

نصیرآباد (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے کونسلر گل حسن پھر نے میر سکندر عمرانی پینل کو چھوڑ کر میر محمد بلال عمرانی کی قیادت میں پیپلز پارٹی میں زوردار انٹری میونسپل کمیٹی کے متحرک کونسلر گل حسن نے سیاسی منظرنامے میں نئی جان ڈال دی ہے میر سکندر خان عمرانی پینل کو خیرباد کہہ کر انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت اختیار کرلی ہے۔ انہوں نے ڈویژنل صدر میر محمد بلال عمرانی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں میر محمد بلال عمرانی جیسے باصلاحیت نوجوان لیڈر پر فخر ہے جو علاقے کے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں

غیرقانونی طریقے سے پانی چوری کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن

آر ڈی 418 سے آر ڈی 558 تک ایک بڑے آپریشن میں کئی غیر قانونی پائپس اور مشینری کو ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے ہٹا دیا گیا

غیر قانونی ذرائع کے ذریعے غیر کمانڈ ایریاز کو سیراب کیا جا رہا تھا، جس سے ٹیل کے کاشتکاروں کے حقوق متاثر ہو رہے تھے، غلام سرور

نصیرآباد (خ ن) زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم، غیر قانونی طریقے سے پانی چوری کرکے آبپاشی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ محکمہ ایریگیشن نصیرآباد ڈویژن کی جانب سے زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے اور غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ... آر ڈی 418 ... آر ڈی 558 ... ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے ہٹا دیا گیا۔ ان غیر قانونی ذرائع کے ذریعے غیر کمانڈ ایریاز کو سیراب کیا جا رہا تھا، جس سے ٹیل کے کاشتکاروں کے حقوق متاثر ہو رہے تھے۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر غلام سرور ہنگورئی نے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ غیر قانونی ذرائع سے پانی حاصل کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ان عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ آپریشن صوبائی سیکرٹری ایریگیشن اور چیف انجینئر کنال ناصر مجید کی واضح ہدایات کی روشنی میں کیا گیا ہے تاکہ پانی کی منصفانہ تقسیم ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال فرید احمد پندرانی کی نگرانی میں محکمہ ایریگیشن نصیرآباد ڈویژن کی جانب سے کاشتکاروں کو ان کے جائز حصے کا پانی فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور خاص طور پر ٹیل کے علاقوں میں کسانوں کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کمانڈ ایریا میں غیر قانونی پانی کے استعمال کے خلاف سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آج بھی محکمہ کے عملے نے بھاری مشینری کی مدد سے غیر قانونی پائپ لائنز اور مشینری کو اکھاڑ دیا۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر غلام سرور ہنگورئی کا کہنا تھا کہ غیر کمانڈ ایریا میں چوری کے ذریعے کاشتکاری کا عمل نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے کمانڈ ایریا خصوصاً ٹیل کے کسانوں کا استحصال ہو رہا ہے۔ ان تمام غیر قانونی واٹر کورسز اور پائپ لائنز کو مشینری کے ذریعے تلف کیا جا رہا ہے تاکہ اصل حق داروں کو ان کا پانی فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ ایریگیشن اپنے مشن پر کاربند ہے اور زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کے عمل کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا۔

میرکی اڈہ، ڈی سی محمد ریاض خان سے فارسٹ آفیسر سید عبدالحکیم آغا حکمت اللہ کی ملاقات کر رہے ہیں

قلعہ عبداللہ فری میڈیکل کیمپ کل 24 اگست کو لگایا جائے گا

قلعہ عبداللہ (اے این این) قلعہ عبداللہ گلی بادیزئی شادان میں 11 واں فری میڈیکل کیمپ 24 اگست بروز اتوار میں لگایا جائے گا، تفصیلات کے مطابق اتحاد بین السادات پاکستان ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام قلعہ عبداللہ گلی بادیزئی شادان میں مایہ ناز تجربے کار ڈاکٹرز اور میڈیکل اسٹاف کی نگرانی میں 24 اگست بروز اتوار کو لگایا جائے گا

خوشحال عوام ترقی یافتہ بلوچستان ہمارا وژن ہے، فیصل جمالی

بلوچستان کی حالات خراب کرنے کی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دیں گے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ... عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے ...

ڈپٹی کمشنر محمد حسین ہزارہ کی سربراہی میں ضلعی کچہری کا انعقاد

ضلع میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، منصور قاضی

ضلع کے دورافتادہ علاقوں میں صحت عامہ کی بہتری کے لیے موثر اقدامات اور منصوبہ بندی ناگزیر ہے

بہتر انتظامات و اقدامات سے ضلع کو ماڈل بنانے میں بھی کامیاب ہو سکتے ہیں، ڈی سی کا اجلاس خطاب

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کی زیر صدارت ڈی سی کمپلیکس ہال میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں محکمہ صحت اور صحت عامہ سے وابستہ دیگر اداروں کے ضلعی نمائندوں نے شرکت کی، اس دوران ڈپٹی کمشنر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں صحت عامہ سے وابستہ تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات کا حصہ ہے، جس کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے ایک دقیقہ فروگزاشت کیے بغیر موثر اقدامات کیے جائیں گے ... کے لیے موثر اقدامات اور منصوبہ بندی ناگزیر ہے، جبکہ ہم بہتر انتظامات و اقدامات کے ذریعے ضلع کو ماڈل بنانے میں بھی کامیاب ہو سکتے ہیں، ڈپٹی کمشنر منصور قاضی نے مفاد عامہ کی خاطر معیاری صحت کی مناسب اور بروقت اقدامات کے ذریعے سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

شہر کی ترقی کے لیے میونسپل کمیٹی دن رات کوشاں ہے، صفدر عمرانی

ترقیاتی منصوبے اس وقت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں، چیئرمین

نصیرآباد (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی میر صفدر خان عمرانی نے کہا ہے کہ شہر کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے میونسپل کمیٹی دن رات کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی ... نکاسی آب کے نظام کی بہتری، صفائی ستھرائی، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور دیگر ضروری ترقیاتی منصوبے اس وقت ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ چیئرمین میر صفدر خان عمرانی نے ...

گورنمنٹ ڈگری کالج دور جدید میں سہولیات کا فقدان

فوری طور پر کالج کو اپ گریڈ کیا جائے، والدین اور شہریوں کا مطالبہ

جمعیت خضدار کا آج سے سنٹرل ہائی وے پر دھرنے کا اعلان

سب سے پہلے اساتذہ کی عزت اور وقار عزیز ہے، سجاد رند

چمن، جمعیت حلقہ گلدارہ باغیچہ یوسی 32 کے اجلاس کی صدارت حلقہ امیر مولوی جمال الدین کر رہے ہیں

ضلع کچھی کے شہری تاحال انٹرنیٹ سے محروم

... وامان کی صورتحال مکمل طور پر قابو میں ہے اور شہری پرامن اور محب وطن پاکستانی ہیں۔ ایسے میں انٹرنیٹ سروس کی غیر اعلانیہ بندش سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بندش سے نہ صرف کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں بلکہ طلبا کو بھی آن لائن تعلیم، داخلہ اور امتحانات کے امور میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کچلاک کوئٹہ

اپیل مقدمہ نمبر 69/2022 | 96 اپیل | آئندہ تاریخ 08/09/25

... ہرگاہ مقدمہ مندرجہ بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اور آئندہ پیشی مورخہ 08/09/2025 کے لئے مقرر ہے۔ یہ کہ تم مسئول کرد بالا میں دیدہ دانستہ طور پر غیر حاضر اور تعمیل سمن سے گریزاں ہو۔ لہذا بذریعہ اخباری اشتہار ہذا تم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ 08/09/2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہو کر پیروی / جواب دہی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر تمہارے خلاف حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس بابت تاکید جانیں۔ آج بتاریخ 22/08/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

61955

NOTICE INVITATION OF BIDS THROUGH E-PADS

Single Stage Two Envelope Procurement Method Under PPRA, Rules 26(B) 2004 (Amended Up to Date) Following Tenders Bids Based on Pak PWD Composite Schedule of Rates 2022 For Civil and Electric Works Are Hereby Invited from Approved Government Contractors Registered Online With E-Pads & Pakistan Engineering Council in Relevant Category Of C-3 With Relevant Codes and Registered with All Tax Authorities. Completion Time Limits Up To 30-06-2026.

S. NO	NAME OF WORK	ESTIMATED COST IN MILLION	EARNEST MONEY	TENDER FEE
1	REPAIR WORK OF 25 BEDDED HOSPITAL AND STAFF RESIDENCE AT **CHAMALANG.**	Amount: 3.989 MILLIONS	5 % of Bid cost	RS.3000/- DULY DEPOSITED THROUGH UBL ACCOUNT NO:- 0476-211397405 IN FAVOUR OF SECRETART WWF
2	REPAIR WORK OF 25 BEDDED HOSPITAL AND STAFF RESIDENCE AT **MUSLIM BAGH.**	Amount: 4.741 MILLIONS		
3	REPAIR WORK OF 25 BEDDED HOSPITAL AND STAFF RESIDENCE AT **DALBANDIN.**	Amount: 3.324 MILLIONS		
4	REPAIR WORK OF 25 BEDDED HOSPITAL AND STAFF RESIDENCE AT **PISHIN.**	Amount: 4.376 MILLIONS		

Procurement Will Be Carried Out in Accordance with Public Procurement Regulatory Authority (PPRA) Rules 26(B) 2004(Amended Up to Date Updated on Web Site). **BASIC ELIGIBILITY CRITERIA: -** The Contractor Must Have Valid Registration with Pakistan Engineering Council in Relevant Category C-3 And Above, Renewed Up to Year 2026. Registration With Income Tax Authorities i.e. NTN & ATL (Active). Three Assignment of Similar Nature with Complexity of Rs 30 million In Previous 3 Years (Work Orders and Completion Certificates Are Required). Last Three Years Financial Audit Reports 2021-24 Required. Annual Turnover Attest Rs.100 million In Last 3 Years (Bank Certificate Required). **METHOD OF PROCUREMENT: -**Single Stage Two Envelop Basis"(Technical & Financial Bid) Method Under PPRA Rules 2004. **TENDER DOCUMENTS:** The Bidding Documents Can Be Obtained From https://portal.eprocure.gov.pk/#/tenders/epadtenders On Payment Of The Prerequisite Fee Mentioned Above Or Can Be Obtained From Office Of The Secretary WWB By Showing Proof Of Deposited Fee. Tender Forms Will Be Uploaded On PPRA Website And Will Be Issued From Next Day Of Advertisement Published In Newspapers Till Before **04/09/2025** During Office Hours On Payment (As Mentioned Above Duly Deposited Through UBL Account No 0476-211397405 In Favor Of Secretary WWF On Mentioned Against Each Category (Non Refundable) From The Office Of Director Works WWF Samungli Road Quetta And Also Available On PPRA Web Site. **SUBMISSION & OPENING OF TENDER: -** *ALL THE TENDERS SHALL BE SUBMITTED THROUGH E-BID* Till **04/09/2025** Up To 12:30 P.M And All Shall Be Opened Only Technical Bid On Same Date At 02:30 P.M In Presence Of Participating Bidders/Firms And Procurement Committee Members. The Financial Bid Will Be Opened Only For Bidders Who Have Qualified In The Technical Bid. They Will Be Notified Via An Official Letter Or WhatsApp. This Tender Can Also Be Seen On PPRA Website **TS # EPADS-F-250801519**. Please Prepare The Technical Proposal In Accordance With The Nit And Include All Necessary Documents. The Call Deposit (Original + 2 Copies) Must Be Attached To The Technical Bid, While One Photocopy Should Be Included With The Financial Bid.(For Physical Verification) **NOTE:** Other Details Or Additional Information, If Required, Can Be Obtained From The Office Of The Director Works, Workers Welfare Board, During Office Hours. **ADDRESS:** Workers Welfare Board Balochistan, near Kidney Centre, Samungli Road Quetta. Ph#081-9204747.

SECRETARY
Workers Welfare Fund Balochistan

AB No.176/22-8-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

خالی عارضی آسامیاں

محکمہ صحت حکومت بلوچستان کی منظوری سے نوٹیفکیشن نمبر 3/571/2024-17-57 (ایچ) ایس۔او۔ دوئم مورخہ 28 فروری 2024 اور چیئرمین ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی خاران کے 1/مشتہرہ 61-3154 مورخہ 18 اگست 2025 کے تحت ضلع خاران کے مقامی امیدواروں سے درخواستیں طلب کی جاتی ہیں۔ دیہی مراکز صحت، اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے درج ذیل عارضی خالی آسامیوں کو پر کرنے کے لئے موزوں امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواستیں جمع کرنے کی آخری تاریخ 4 ستمبر 2025 ہے۔ مذکورہ بالا تاریخ کے بعد کسی امیدوار کی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔ گریڈ 5 تا 11 کے آسامیوں کے انٹرویوز مورخہ 15 تا 17 ستمبر 2025 اور گریڈ 1 تا 4 کے انٹرویوز مورخہ 18 تا 20 ستمبر 2025 کو دفتر جناب ڈپٹی کمشنر صاحب خاران منعقد ہوں گے۔ نیز انٹرویوز کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی ٹی اے، ڈی اے نہیں دیا جائیگا۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد	اسکیل	جائے تعیناتی / ادارہ صحت	تعلیمی قابلیت
1	جونیئر کلرک	4	B-11	(4) ڈی ایچ او آفس خاران	ایف اے / ایف ایس سی، ٹائپنگ رفتار 30 الفاظ فی منٹ۔ کمپیوٹر / آئی ٹی سافٹ ویئر میں مہارت رکھنے والے کو ترجیح دی جائیگی
2	لیبارٹری ٹیکنیشن	2	B-09	(1) رورل ہیلتھ سینٹر پٹکن (1) رورل ہیلتھ سینٹر جالکہ	میٹرک سائنس گورنمنٹ ادارے سے لیبارٹری ٹیکنیشن کا ڈپلومہ ہولڈر ہو
3	ڈینٹل ٹیکنیشن	2	B-09	(1) ٹی ایچ کیو سکان قلات (1) رورل ہیلتھ سینٹر پٹکن	میٹرک سائنس گورنمنٹ ادارے سے ڈینٹل ٹیکنیشن کا ڈپلومہ ہولڈر ہو
4	ای سی جی ٹیکنیشن	1	B-09	(1) ٹی ایچ کیو سکان قلات	میٹرک سائنس گورنمنٹ ادارے سے ای سی جی ٹیکنیشن کا ڈپلومہ ہولڈر ہو
5	میڈیکل ٹیکنیشن	1	B-09	(1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان	میٹرک سائنس گورنمنٹ ادارے سے میڈیکل ٹیکنیشن کا ڈپلومہ ہولڈر ہو
6	ایکسرے اسسٹنٹ	1	B-09	(1) رورل ہیلتھ سینٹر پٹکن	میٹرک سائنس گورنمنٹ ادارے سے ایکسرے اسسٹنٹ کا ڈپلومہ ہولڈر ہو
7	ڈسپنسر	1	B-06	(1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان	میٹرک سائنس گورنمنٹ ادارے سے ڈسپنسر کا ڈپلومہ ہولڈر ہو
8	لیبارٹری اسسٹنٹ	1	B-05	(1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان	میٹرک سائنس گورنمنٹ ادارے سے لیبارٹری اسسٹنٹ کا ڈپلومہ ہولڈر ہو
9	نرسنگ اردلی	9	B-04	(1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان (1) رورل ہیلتھ سینٹر ناروں	کم از کم مڈل پاس کو ترجیح دی جائیگی
10	وارڈ بوائے	2	B-02	(1) ٹی ایچ کیو سکان قلات (1) رورل ہیلتھ سینٹر پٹکن	کم از کم پرائمری پاس کو ترجیح دی جائیگی
11	دائی	1	B-02	(1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان	ایک سالہ دائی کورس مکمل کرچکی ہو
12	چوکیدار	3	B-01	(1) ٹی ایچ کیو سکان قلات (1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان (1) ایم سی ایچ سینٹر خاران	جسمانی طور پر صحت مند اور متعلقہ فیلڈ میں مہارت رکھتا ہو
13	بہشتی	2	B-01	(1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان (2) ڈی ایچ او آفس خاران	جسمانی طور پر صحت مند ہو
14	نائب قاصد	3	B-01	(2) ڈی ایچ او آفس خاران (1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان	جسمانی طور پر صحت مند ہو
15	خاکروب	3	B-01	(2) ڈی ایچ او آفس خاران (1) ٹی ایچ کیو سکان قلات (1) رورل ہیلتھ سینٹر پٹکن (1) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان	جسمانی طور پر صحت مند ہو
16	ویکسینیٹر کنٹریکٹ	14		(1) رورل ہیلتھ سینٹر جالکہ (2) رورل ہیلتھ سینٹر ناروں (3) رورل ہیلتھ سینٹر پٹکن (4) رورل ہیلتھ سینٹر سراوان (5) بی ایچ یو کوہان (6) بی ایچ یو جلرک (7) بی ایچ او بیدی (8) بی ایچ او گزگی (9) بی ایچ یو سارا گی (10) بی ایچ یو لوروز قلات (11) بی ایچ او ٹوہ (12) بی ایچ یو تپ (13) بی ایچ یو لجے (14) ایم سی ایچ سینٹر خاران	میٹرک سائنس اور محکمہ صحت میں ایک سال تجربہ برائے حفاظتی ٹیکہ جات
	ٹوٹل	45			

شرائط:۔ (1) درخواست گزار کا متعلقہ گلی یا یونین کونسل کا ہونا شدہ ضروری ہے (2) جس یونین کونسل کا پوسٹ نہیں وہ درخواست دینے کی زحمت نہ کریں (3) عمر حد 18 سے 43 سال ہوگی (4) انٹرویو کے وقت ہر امیدوار کو تصدیق شدہ دستاویزات کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اصل پیش کرنا ہوگی (5) غیر تصدیق شدہ دستاویزات کی صورت میں درخواستیں قابل قبول نہیں ہوگی (6) دستاویزات کے ساتھ پاسپورٹ سائز دو حالیہ تصاویر بھی جمع کرانی ہوگی (7) حکومت بلوچستان کے احکامات کے مطابق معذور، اقلیتی اور خواتین امیدواروں کے لئے 5% کوٹہ مختص کیا گیا ہے (8) انٹرویو / ٹیسٹ کے لئے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائیگا (9) تمام تقرریاں خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہونگے (10) باقاعدہ معیار پر پورا اترنے والے امیدواروں کی تقرری حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل کردہ کمیٹی کے ٹیسٹ / انٹرویو کے بعد کیا جائیگا (11) تمام تقرریاں خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہونگے (12) ویکسینیٹر کی بھرتی حکومت بلوچستان کے مروجہ قوانین کے تحت خالصتاً ایک سال کی کنٹریکٹ بنیاد پر ہوگی (13) تمام درج بالا خالی آسامیوں کی تعداد میں کمی و بیشی ہو سکتی ہے (14) ایک امیدوار ایک وقت میں صرف ایک آسامی کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خاران

PRQ No 764/22-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

عوامی اشتہارات — MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ دو وائننگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاق غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ زرغون ہاؤسنگ اسکیم پلاٹ نمبر 447-D کے الاٹی نے اضافی زمین (Extraplece) کے لیے درخواست دی ہے اگر اس بنی کے پلاٹس کے الاٹیز کو کوئی اعتراض ہو تو 07 یوم کے اندر اعتراض QDA میں جمع کرائے۔ المشتہر: سلیم بیگ ولد محمد علی

R.No.......... 61957

اطلاع عام

رہائشی پلاٹ C-85 رقبہ 1250 مربع فٹ واقع کوئٹہ انڈسٹریل ایریا فیز ون مشرقی بائی پاس جو کہ اس وقت ظہیر خان ولد عبدالواسع کے نام پر الاٹ ہے اب اس پلاٹ کو ضیاء الدین ولد معلم خان کے نام پر ٹرانسفر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر محکمہ انڈسٹری اینڈ کامرس اسٹیٹ برانچ سریاب روڈ کوئٹہ سے رابطہ کریں۔

R.No..........61941

تلاش گمشدہ

میرا کینٹ پاس نمبر GEP12182 بنام محمد آصف ولد محمد انور کینٹ میں کہیں گم ہو گیا ہے۔ ملنے پر مطلع کریں۔ 0337-3210744

R.No.......... 61953

داخلے جاری ہیں

ڈسپنسر، ویکسینیٹر، میڈیکل ٹیکنیشن، سی ٹی اسکین، آئی، او ٹی، ڈایالسز، ڈینٹل، الٹراساؤنڈ، ایکسرے، انستھیزیا، لیبارٹری ٹیکنیشن ایک اور دو سالہ ٹیکنیشن ڈپلومہ برائے پیرا میڈیکل کورسز ایوننگ اور مارننگ کلاسز سیشن ستمبر 2025 میں برائے میل اور فی میل تعلیمی قابلیت میٹرک محدود نشستوں پر داخلے جاری ہیں داخلہ فارم پروفیشنل اکیڈمی فار میڈیکل سائنسز اینڈ ہیومن کیئر، ڈاکٹر شیر محمد روڈ سے حاصل کیے جا سکتے ہیں
0812821071/03337828917

تلاش گمشدہ

R.No.........Adv

تلاش گمشدہ

R.No.......... 61951

بعدالت ایڈیشنل سیشن جج IX کوئٹہ

61956

بعدالت جناب سول جج VI صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 59/2022 | آئندہ تاریخ 26/08/25

61952

بعدالت نائب تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی

اشتہار بنام عوام الناس

بعدالت نائب تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی

اشتہار بنام عوام الناس

تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول گنداخہ

اشتہار بنام عوام الناس

بعدالت میر محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس

سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آغاز 29 اگست سے ہوگا، گرین شرٹس بھرپور تیاریوں میں مصروف

پاکستان، متحدہ عرب امارات اور افغانستان کے مابین سیریز کی تمام تیاریاں مکمل، ایونٹ میں شرکت کے لئے قومی ٹیم پہلے ہی یو اے ای پہنچ چکی ہے

...ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز میں شامل ہر ٹیم ٹورنامنٹ میں دوسری دو ٹیموں کے خلاف دو دو میچز کھیلے گی جبکہ 7 ستمبر کو ٹاپ دو ٹیموں کے درمیان فائنل کھیلا جائے گا، آئی سی سی نے اس سلسلے میں پہلے ہی تین ملکی ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز کا شیڈول جاری کر رکھا ہے، جس کے تمام میچز شارجہ کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔

نیشنل یوتھ گیمز، سندھ باسکٹ بال ٹیموں کے ٹرائلز آج ہوں گے

بنکاک، 57 ویں ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں پاکستان کے فراست علی گولڈ میڈل جیت کر پوز دے رہے ہیں

دوسرے ون ڈے میں جنوبی افریقہ نے آسٹریلیا کو شکست دے کر سیریز جیت لی

جنوبی افریقہ کے 277 رنز کے تعاقب میں کینگروز ٹیم 193 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی، نگیڈی کی 42 رنز کے عوض 5 وکٹیں

ہدف کے تعاقب میں آسٹریلیا کی بیٹنگ لائن اپ ابتدا سے ہی مشکلات کا شکار رہی، سیریز کا آخری میچ 24 اگست کو کھیلا جائے گا

...کے تعاقب میں آسٹریلیا کی بیٹنگ لائن اپ ابتدا سے ہی مشکلات کا شکار رہی، 38 رنز پر میزبان ٹیم کے 3 کھلاڑی پویلین لوٹ چکے تھے۔ جوش...

جنوبی افریقہ کیخلاف ویمنز کرکٹ سیریز میچ آفیشلز کا اعلان

ون ڈے سیریز 16 سے 22 ستمبر تک لاہور میں کھیلی جائے گی

آسٹریلیا اور ساؤتھ افریقہ کے درمیان ون ڈے میچ میں آسٹریلین بیٹر جوش انگلیز شاٹ لگا رہے ہیں

فلوریڈا، ایلیٹم کپ ڈویژن تھری آئس ہاکی چیمپئن شپ کا فائنل جیتنے کے بعد پاکستانی ٹیم کا ٹرافی کے ہمراہ گروپ فوٹو

پی ایس ایل، فرنچائزز کی ویلیوایشن کیلئے غیر ملکی کمپنی کا تقرر

چھ ہفتوں میں آڈٹ مکمل کر کے رپورٹ جمع کرائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ اور فرنچائزز کی ویلیوایشن کیلئے غیر ملکی کمپنی کا تقرر کر لیا گیا۔ کمپنی کی رپورٹ کی روشنی میں موجودہ ٹیموں کی نئی فیس و دیگر امور کا فیصلہ ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ کے 10 سال مکمل ہونے پر اب موجودہ تمام فرنچائزز کے معاہدوں کی تجدید ہوگی۔ موجودہ فیس میں کم از کم 25 فیصد اضافے کا امکان ہے۔ ٹیموں کی ویلیوایشن سے قبل پی سی بی نے گزشتہ دنوں کسی آڈٹ فرم سے معاہدے کیلئے اشتہار دیا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ صرف ایک ہی کمپنی ای اینڈ وائی سامنے آئی جس کا تقرر کرایا گیا۔ ای اینڈ وائی کا شمار دنیا کی معروف آڈٹ کمپنیز میں ہوتا ہے۔ کمپنی آئندہ ماہ کام شروع کرے گی اور چھ ہفتوں میں آڈٹ مکمل کر کے رپورٹ جمع کرائے گی۔

میلبرن اسٹارز کا پاکستانی شائقین کیلئے ہاؤس آف رؤف اسٹینڈ بنانے کا اعلان

اس اقدام سے پاکستانی کلچر، کھانے اور موسیقی کے ذریعے ایک منفرد ماحول بنایا جائے گا

میلبرن (این این آئی) بگ بیش لیگ کی فرنچائز میلبرن اسٹارز نے پاکستانی شائقین کے لیے ایم سی جی میں خصوصی اسٹینڈ قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق خصوصی اسٹینڈ کو میلبرن اسٹارز کی نمائندگی کرنے والے پاکستانی فاسٹ بولر حارث رؤف کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ میلبرن کرکٹ اسٹیڈیم میں قائم ہونے والے خصوصی اسٹینڈ کو ہاؤس آف رؤف کا نام دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ پاکستانی شائقین اور جنوبی ایشیائی کمیونٹی کو کھیل سے جوڑنے کے لیے کیا گیا ہے اور اس کے لیے حارث رؤف کو مرکزی ایمبیسیڈر مقرر کیا گیا ہے۔

نیشنل یوتھ گیمز، سندھ باسکٹ بال ٹیموں کے ٹرائلز (آج) ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل یوتھ گیمز میں شرکت کیلئے سندھ باسکٹ بال ٹیموں کے ٹرائلز (آج) ہفتہ کو ہونگے۔ کراچی باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکریٹری جنرل یعقوب قادری کے مطابق سندھ سپورٹس بورڈ اور سندھ اولمپک ایسوسی ایشن کی معاونت سے انڈر 16 بوائز اور گرلز ٹیموں کا چناؤ ایل او بی باسکٹ بال کورٹ، ڈی ایچ اے کراچی میں کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیموں کی میرٹ پر سلیکشن کیلئے معرکہ حق انڈر 16 تھری بائی تھری باسکٹ بال چیمپئن شپ منعقد ہوگی جس میں تمام کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو جانچا جائیگا جس کے نتیجے میں سندھ کے بوائز اور گرلز ٹیموں کا چناؤ عمل میں لایا جائیگا جو چھ ستمبر سے اسلام آباد میں کھیلی جانیوالی نیشنل یوتھ گیمز میں حصہ لے گی۔ یعقوب قادری نے کہا کہ یہ چیمپئن شپ اور ٹرائلز کا عمل ہمیں بہترین نوجوان کھلاڑیوں کی شناخت اور تیاری میں مدد دے گا۔

سابق کپتان محمد یوسف کی 51 ویں سالگرہ 27 اگست کو منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) معروف کرکٹر اور سابق کپتان محمد یوسف کی 51 ویں سالگرہ 27 اگست کو منائی جائے گی۔ محمد یوسف 27 اگست 1974 کو لاہور میں پیدا ہوئے ان کا پرانا نام یوسف یوحنا تھا لیکن پھر دین اسلام کی تعلیمات سے متاثر ہو کر وہ سال 2005 میں حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔ محمد یوسف نے 1998 میں یوسف یوحنا کے نام سے انٹرنیشنل کرکٹ کیریئر کا آغاز کیا انہوں نے 2005 میں اسلام قبول کیا جس کے بعد ان پر فتوحات اور شہرت کے دروازے وا ہوتے گئے۔ محمد یوسف نے 88 ٹیسٹ میچوں میں 7431 رنز بنائے جن میں 24 سنچریاں اور 33 نصف سنچریاں شامل ہیں۔ انہوں نے 288 ون ڈے میچوں میں 9624 رنز بنائے جن میں 15 سنچریاں اور 64 نصف سنچریاں شامل ہیں

آئی سی سی ورلڈکپ 2027 کے وینیوز کا اعلان

ایونٹ اکتوبر اور نومبر میں منعقد ہوگا جس میں 14 ٹیمیں حصہ لیں گی

دبئی (این این آئی) آئی سی سی ورلڈکپ 2025 کے وینیوز کا اعلان کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹورنامنٹ مشترکہ طور پر تین ممالک جنوبی افریقہ، زمبابوے اور نمیبیا کی میزبانی میں کھیلا جائے گا۔ ایونٹ کے 54 میں سے 44 میچز جنوبی افریقہ کے آٹھ مختلف وینیوز پر کھیلے جائیں گے۔ جبکہ زمبابوے اور نمیبیا 10 میچز کی میزبانی کریں گے۔ جنوبی افریقہ کے جوہانسبرگ، پریٹوریا، کیپ ٹاؤن، ڈربن، بلوم فونٹین، ایسٹ لندن، پارل اور کیس بربا کو ون ڈے ورلڈکپ کی میزبانی دی گئی ہے۔ ایونٹ اکتوبر اور نومبر 2027 کے دوران منعقد ہوگا جس میں 14 ٹیمیں حصہ لیں گی۔

ایشیائی شوٹنگ چیمپئن شپ میں نوجوان پاکستانی شوٹر مہر خالق کا شاندار ڈیبیو

رائفل ایونٹ میں 54 کھلاڑیوں میں سے ٹاپ 20 میں جگہ بنانے میں کامیاب

اسلام آباد (این این آئی) قازقستان کے شہر شمکنت میں جاری ایشیائی شوٹنگ چیمپئن شپ میں نوعمر پاکستانی شوٹر مہر خالق نے شاندار ڈیبیو کیا اور خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل ایونٹ میں 54 کھلاڑیوں میں سے ٹاپ 20 میں جگہ بنائی۔ انہوں نے مجموعی اسکور 627.9 کے ساتھ 18 ویں پوزیشن حاصل کی۔ واضح رہے کہ صرف ٹاپ 8 کھلاڑی ہی فائنل راؤنڈ تک پہنچ پاتے ہیں۔ مہر کا اگلا ایونٹ 10 میٹر ایئر رائفل مکسڈ ٹیم ہے جس میں ان کے پارٹنر سلیمان خان ہوں گے۔

ملتان میں پنکچر لگانے والے فراست علی کی تھائی لینڈ میں شاندار کامیابی

بھارتی اور افغان تن سازوں کو شکست دے کر گولڈ میڈل اپنے نام کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) تھائی لینڈ میں جاری 57 ویں ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ 2025 میں فراست علی نے 3 بھارتی اور ایک افغانی تن ساز کو شکست دے کر جونیئر کیٹگری میں گولڈ میڈل حاصل کر لیا۔ سیکریٹری جنرل پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن سہیل انور کے مطابق تھائی لینڈ میں جاری 57 ویں ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ 2025 کی جونیئر کیٹگری میں بھارت سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹس بھوٹان، ویت، ہواؤں بام رکی، فیروج اور افغانستان کے ایتھلیٹ بیت اللہ زدران کے ساتھ 75 کلو تک کیٹگری میں شاندار مقابلے کے بعد گولڈ میڈل اپنے نام کر لیا ہے۔ سہیل انور نے اس شاندار کامیابی پر انتہائی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فراست علی نے تھائی لینڈ میں پاکستان کا سبز ہلالی پرچم بلند کر کے ہم سب کے سر فخر سے بلند کر دیے ہیں، ہمارے جوان آئندہ بھی کارکردگی دکھاتے رہیں گے۔

پاکستان کی یوتھ آئس ہاکی ٹیم نے ڈویژن 3 امیر گول لاٹم ٹورنامنٹ جیت لیا

قومی ٹیم ایونٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور ناقابل شکست رہی، چیمپئن شپ میں پاکستانی خواتین کی ٹیم نے بھی نمایاں کارکردگی دکھائی

ٹورنامنٹ میں 17 ممالک کی 62 سے زائد ٹیموں نے شرکت کی، آئس ہاکی میں شاندار فتح سے اس غیر روایتی کھیل کے فروغ کی امیدیں جاگ اٹھیں

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان نے تاریخ میں پہلی بار آئس ہاکی کے میدان میں شاندار کامیابی حاصل کر لی ہے۔ امریکہ میں ہونے والی ایلیٹم کپ ڈویژن تھری آئس ہاکی چیمپئن شپ میں پاکستانی ٹیم نے فائنل میں پیرو کو 1-6 سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ پاکستان ٹیم نے پورے ایونٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور ناقابل شکست رہی۔ اس چیمپئن شپ میں پاکستانی خواتین کی ٹیم نے بھی نمایاں کارکردگی دکھائی اور ڈویژن تو مقابلوں میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ ٹورنامنٹ میں 17 ممالک کی 62 سے زائد ٹیموں نے شرکت کی۔ آئس ہاکی میں اس شاندار فتح سے پاکستان میں اس غیر روایتی کھیل کو فروغ ملنے کی امید پیدا ہوگئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی سے سپورٹس آفیسر خضدار مس رقیہ کی قیادت میں خواتین کھلاڑی ملاقات کر رہی ہیں

سیری اے میں فقبال، نیمار کیریئر کی بدترین شکست پر رو پڑے

سیری اے (آئی این پی) برازیلین اسٹار نیمار جونیئر کیریئر کی بدترین شکست کے بعد رو پڑے۔ تفصیلات کے مطابق سیری اے میں نیمار کی ٹیم سانتوس کو ہوم گراؤنڈ پر حریف کلب واسکو ڈی گاما کے ہاتھوں 0-6 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ میچ کے بعد نیمار روتے ہوئے میدان سے باہر گئے، ان کے چہرے سے مایوسی نمایاں تھی۔ اس بدترین شکست پر سانتوس کے کوچ زاویئر کی فوری چھٹی کر دی گئی۔ نیمار کی ٹیم اب تک 19 میچز میں صرف 21 پوائنٹس کے ساتھ مسلسل تنزلی کی جانب جاری ہے۔

پی سی بی نے جنوبی افریقہ کیخلاف ویمن سیریز آفیشلز کا اعلان کر دیا

سلیمہ امتیاز پہلی بار دو طرفہ ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں امپائرنگ کریں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے جنوبی افریقہ کیخلاف ویمنز سیریز میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا ہے۔ پاکستانی امپائر سلیمہ امتیاز پہلی بار دو طرفہ ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں امپائرنگ کریں گی۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ ویمنز ون ڈے سیریز 16 سے 22 ستمبر تک لاہور میں کھیلی جائے گی۔ آسٹریلیا کی کلیئر پولوسیک سیریز میں امپائرنگ کی ذمہ داری سرانجام دیں گی۔ ہمیرہ فراح سیریز کیلئے ریزرو امپائر نامزد ہیں۔ طارق رشید آن فیلڈ امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گے۔

ایشین تھرونگ چیمپئن شپ: یاسر سلطان نے برانز میڈل جیت لیا

سری لنکا کے پاتھیرج نے گولڈ میڈل جاپان کے ناگانوما نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا

اسلام آباد (آن لائن) ایشین تھرونگ چیمپئن شپ میں پاکستان نے یاسر سلطان نے جیولن تھرو مقابلے میں برانز میڈل جیت لیا۔ جنوبی کوریا میں منعقدہ ایونٹ میں یاسر سلطان نے 77 عشاریہ 43 میٹر جیولین پھینکا۔ سری لنکا کے پاتھیرج نے 82.05 میٹر تھرو کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا۔ جاپان کے ناگانوما نے 78.60 میٹر تھرو کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

ایشین تھرونگ چیمپئن شپ 2025، یاسر سلطان نے میڈل جیت لیا

77.43 میٹرز کی تھرو کر کے یاسر سلطان نے ایونٹ میں تیسری پوزیشن حاصل کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے جیولن تھرو کھلاڑی یاسر سلطان نے ایشین تھرونگ چیمپئن شپ 2025ء میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے برانز میڈل اپنے نام کر لیا۔ یاسر سلطان نے چھٹی اور آخری کوشش میں 77.43 میٹر کی تھرو کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی، جو اس سیزن کی ان کی بہترین کارکردگی قرار دی گئی۔ مقابلے میں سری لنکا کے پتھیراگے نے 82.05 میٹر کی شاندار تھرو کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا جبکہ جاپانی تھرور نے 78.60 میٹر کے ساتھ سلور میڈل اپنے نام کیا۔ یاسر سلطان کی پہلی تھرو فاؤل قرار پائی، تاہم دوسری کوشش میں انہوں نے 75.79 میٹر اور تیسری کوشش میں 72.57 میٹر کی تھرو کی۔ چوتھی کوشش میں ان کا ریکارڈ 72.88 میٹر رہا جبکہ پانچویں تھرو بھی فاؤل ہوگئی، تاہم چھٹی اور آخری تھرو میں انہوں نے بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے 77.43 میٹر کی تھرو کی اور برانز میڈل جیت لیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس اسی چیمپئن شپ میں یاسر سلطان نے سلور میڈل اپنے نام کیا تھا۔

پریمیئر لیگ اوپنر، آرسنل نے مانچسٹر یونائیٹڈ کو شکست دے دی

میچ کا واحد گول 13 ویں منٹ میں آرسنل کے ڈیفنڈر ریکارڈو کالافیوری نے کیا

اولڈ ٹریفورڈ (آئی این پی) اولڈ ٹریفورڈ میں انگلش پریمیئر لیگ کے افتتاحی میچ میں آرسنل نے میزبان مانچسٹر یونائیٹڈ کو ایک سخت مقابلے کے بعد 1-0 سے شکست دے دی۔ میچ کا واحد گول 13 ویں منٹ میں آرسنل کے ڈیفنڈر ریکارڈو کالافیوری نے کیا، جب یونائیٹڈ کے بیک اپ گول کیپر التائے بایندیر کارنر پر گیند کو کلیئر کرنے میں ناکام رہے۔ آرسنل کے گول کیپر ڈیوڈ رایا اور مضبوط دفاع نے بقیہ میچ میں یونائیٹڈ کے دباؤ کو برداشت کیا اور قیمتی تین پوائنٹس ٹیم کے نام کیے۔ دوسری جانب، یونائیٹڈ کے نئے فارورڈز ماتھیوس کونیا، برائن مبیومو اور بنجامن سسکو کوئی گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے۔

پرائس کنٹرول کمیٹی کے نرخ نامہ کی پابندی کو یقینی بنایا جائے، عبدالغفور

گرانفروشی تجاوزات اور مضر صحت اشیاء فروخت کی اجازت نہیں دی جائیگی

زائد المیعاد اشیاء، وغیر معیاری اشیاء اپنی دوکانوں میں نہ رکھنے سے گریز کریں

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) جھل مگسی عبدالغفور جمالی نے تحصیلدار گنداواہ دیدار علی گولہ کے ساتھ تجارتی مرکز گنداواہ بازار کا دورہ کیا اس موقع پر انھوں نے بازار کے مختلف حصوں، گوشت مارکیٹ، سبزی فروٹ، میڈیکل اسٹورز، ہوٹل، برف شاپ سمیت شہر کی مختلف اقسام کی دکانوں پر صفائی وستھرائی سمیت پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے مرتب کردہ نرخ نامہ کا جائزہ لیا اشیاء خورد ونوش کی کوالٹی و قیمتیں چیک کیں اور دکانداروں کو سختی سے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے مرتب کردہ نرخ نامہ کی پابندی کو یقینی بنائیں گرانفروشی و ناجائز تجاوزات اور مضر صحت اشیاء فروخت کرنے کی کسی کو بھی ہرگز اجازت نہیں دی جائیگی۔ زائد المیعاد اشیاء، وغیر معیاری اشیاء اپنی دوکانوں میں نہ رکھنے سے گریز کریں۔

گنداواہ میں اسٹریٹ لائٹس مکمل جبکہ ڈرینج منصوبے پر کام جاری

طارق مگسی، مشتاق ترین اور سید صفدر شاہ کا عوامی خدمت کے عزم کا اظہار

گنداواہ، جھل مگسی (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی گنداواہ نے عوامی سہولتوں اور شہر کی ترقی کے لیے ایک بڑے پیکج پر کام شروع کر دیا ہے۔ شہر کی مرکزی اور گنجان آبادی والی شاہراہوں پر 100 سے زائد اسٹریٹ لائٹس نصب کی جا چکی ہیں جبکہ نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ڈرینج کا جامع منصوبہ بھی جاری ہے۔ ان اقدامات سے نہ صرف گنداواہ کی رونقیں بڑھیں ہیں بلکہ برساتی پانی اور گندگی کے مسائل میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ سینئر صوبائی وزیر نوابزادہ طارق خان مگسی نے گنداواہ کے ترقیاتی منصوبوں کو عوام کے لیے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ شہری مسائل کے حل اور سہولتوں کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے ان کا کہنا تھا کہ گنداواہ کو ایک جدید اور سہولتوں سے آراستہ شہر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے میونسپل کمیٹی کے چیئرمین مشتاق احمد ترین نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی اور عوامی سہولتوں میں اضافہ ان کی ذمہ داری ہے، جس کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ہر دلعزیز شخصیت سید صفدر اکبر علی شاہ حسینی نے کہا کہ شہر کی ترقی صرف اداروں سے ہی نہیں بلکہ عوامی تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔

مانجھی پور اور گردونواح میں مچھروں کی یلغار، ملیریا کنٹرول سے باہر

ہسپتالوں میں ہر دوسرے مریض میں ملیریا کی تشخیص سے عوامی تشویش کی لہر

ملیریا کنٹرول پروگرام شروع کیا جائے اور مچھر مار اسپرے کیا جائے عوامی حلقے

مانجھی پور (نامہ نگار) مانجھی پور اور گردونواح میں زہریلے مچھروں کی یلغار، ملیریا کنٹرول سے باہر، ہسپتالوں میں ہر دوسرے مریض میں ملیریا کی تشخیص سے عوامی حلقوں میں تشویش کی لہر ملیریا کنٹرول پروگرام شروع کیا جائے اور مچھر مار اسپرے کیا جائے عوامی حلقوں کی متعلقہ حکام سے اپیل۔ تفصیلات کے مطابق مانجھی پور اور گردونواح میں حالیہ برساتوں کے باعث جگہ جگہ کھڑا پانی خراب ہو کر زہریلے مچھروں اور مکھیوں کی افزائش کے کارخانے بن چکے ہیں جبکہ رہی سہی کسر مانجھی پور شہر کے گرد کھڑی دھان کی فصل جس میں کم از کم چار انچ پانی چوبیس گھنٹے کھڑا رہتا ہے۔ جس کے باعث مچھروں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ اور مچھر بھی ایسے زہریلے کہ ایک بار کاٹ لیں تو رات بھر خارش ختم نہیں ہوتی بندہ کھجا کھجا کر خون نکال لیتا ہے لیکن خارش جوں کی توں رہتی ہے۔

بلوچستان کی حالات خراب کرنے کی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دیں گے

بچوں کو کم از کم چھ ماہ تک ماں کا دودھ پلایا جائے، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر

اوستہ محمد (آئی این پی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر امیر علی جمالی نے کہا ہے کہ ماں کا دودھ قدرت کی طرف سے عطا کردہ ایک ایسی نعمت ہے جس کا کوئی نعم البدل نہیں۔ اس سے نہ صرف بچے کو ابتدائی زندگی میں بہترین غذا فراہم ہوتی ہے بلکہ ماں کی صحت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر قرار حسین جمالی، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر شوکت علی، لیڈی ہیلتھ ورکر صابرہ اور ڈاکٹر رقیہ جمالی کے ہمراہ ماں کے دودھ کی افادیت کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اگست کے مہینے کو دنیا بھر میں ماں کے دودھ کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے منایا جاتا ہے، جس کے تحت مختلف آگاہی سیمینارز اور تقریبات کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر امیر علی جمالی نے کہا کہ ماں کے دودھ سے نہ صرف بچہ غذائی قلت اور موذی امراض سے محفوظ رہتا ہے بلکہ یہ بچے کی ذہنی وجسمانی نشوونما کے لیے بھی بے حد ضروری ہے۔ اسلام میں بھی اس کی ترغیب دی گئی ہے

میزئی اڈہ، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی داود خان اچکزئی محب اللہ اچکزئی اصغر باچا خان سلمان کاکڑ و دیگر مختلف لوگوں کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

جنگل پیر علیزئی، ڈی سی قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان فارسٹ آفیسر سید عبدالحکیم آغا حکمت اللہ خلجی، اے ڈی ایل ڈاکٹر رحیم الدین کاکڑ محمد شفیق خان انجینئر محمد طاہر سعد اللہ جیلانی عبدالمتین پودے لگا کر مون سون شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

TENDER NOTICE

The Assistant Director Local Government Lasbela invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit 06 Month, Earnest Money 2%. Tender Fee Rs 1000/- for each work**

S#	NAME OF WORK	E/Cost
1.	Street Lights and Tuff Tiles Pervaiz Ahmed Mohla Mehtag Bela District Lasbela. **PSDP NO.** 3648 Z2025.2279 **TSE-252608820823**	8.0 M
2.	Street Lights and Tuff Tiles Muneer Ahmed Mohla District Lasbela. **PSDP NO.** 3598 Z2025.2278 **TSE-252608821233**	5.0 M

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. Basic Eligibility: The Contractor must have fresh valid registration registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category/code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage – One envelope procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call of 2%** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance:** Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: **(1000)** Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Assistant Director Local Govt Lasbela.UL-7045 **(C-03862) Submission:** Last date of Submission will be **(05-09-2025), at 11:00.am) Opening:** The tender document will be opened on **(05-09-2025) at (12:00pm)**(bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place:** of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Assistant Director Local Government Lasbela at Uthal.**
Phone No: 0853-610426
E-mail address: adlglasbela786@gmail.com
Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVERNMENT LASBELA

PRQ No.754/22-8-2025

NOTICE INVITATION OF BIDS THROUGH E-PADS

Single stage two envelope procurement method under PPRA rules 26(b) 2004 (amended up to date) Following tenders/bids based on relevant specifications and standards for supply of furniture are hereby invited from authorized and reputable suppliers/manufacturers registered online with E-PADS, Income Tax and Sales Tax Departments and who are on Active Taxpayers List of the Federal Board of Revenue and relevant procurement authorities, and registered with all applicable tax authorities. Completion/delivery time up to 30-06-2026.

S. NO	NAME OF WORK	ESTIMATED COST IN MILLION	EARNEST MONEY	TENDER FEE
01	SUPPLY OF FURNITURE TO 25 BEDDED HOSPITALS AT MUSLIM BAGH, PISHIN, CHAMALANG AND DALBANDIN	Amount: 67.8 MILLION	2 % of Bid cost	RS.10000/- DULY DEPOSITED THROUGH UBL ACCOUNT NO: - 0476-211397405 IN FAVOUR OF SECRETART WWF

Procurement Will Be Carried Out in Accordance with Public Procurement Regulatory Authority (PPRA) Rules 26(B) 2004(Amended Up to Date Updated on Web Site). **BASIC ELIGIBILITY CRITERIA:** - Registration With Income Tax Authorities i.e. NTN & ATL (Active). Registration with sales tax BRA ATL online verifiable. ISO certificate code 9001-2015 Five Assignment of Similar Nature with Complexity of Rs 19.9 million In Previous 3 Years (Work Orders and Completion Certificates Are Required). Manufacturing certificate code 31000 No demand certificate Chamber of commerce membership Last five Years Financial Audit Reports 2019-24 Required. The firm should be working at least from last 10 years Non blacklisting the firm should not be blacklisted by any govt or semi govt department on stamp paper Undertaking on stamp paper to abide with all terms & condition/ no litigation Annual Turnover Attest Rs.900 million In Last 3 Years (Bank Certificate Required). The NIT and bidding documents constitute an integral and inseparable part of the bid. **METHOD OF PROCUREMENT:** - Single Stage Two Envelop Basis"(Technical & Financial Bid) Method Under PPRA Rules 2004. **TENDER DOCUMENTS:** The Bidding Documents Can Be Obtained From https://portal.eprocure.gov.pk/#/tenders/epadtenders On Payment Of The Prerequisite Fee Mentioned Above Or Can Be Obtained From Office Of The Secretary WWB By Showing Proof Of Deposited Fee. Tender Forms Will Be Uploaded On PPRA Website And Will Be Issued From Next Day Of Advertisement Published In Newspapers Till Before **04/09/2025** During Office Hours On Payment (As Mentioned Above Duly Deposited Through UBL Account No 0476-211397405 In Favor Of Secretary WWF On Mentioned Against Each Category (Non Refundable) From The Office Of The Director Works WWF Samungli Road Quetta And Also Available On PPRA Web Site. **SUBMISSION & OPENING OF TENDER:** - *ALL THE TENDERS SHALL BE SUBMITTED THROUGH E-BID TILL* **04/09/2025** Up To 01:00 P.M And All Shall Be Opened Only Technical Bid On Same Date At 03:30 P.M In Presence Of Participating Bidders/Firms And Procurement Committee Members. The Financial Bid Will Be Opened Only For Bidders Who Have Qualified In The Technical Bid. They Will Be Notified Via An Official Letter Or WhatsApp. This Tender Can Also Be Seen On PPRA Website **TS # EPADS-F-250801520**. Please Prepare The Technical Proposal In Accordance With The Nit And Include All Necessary Documents. The Call Deposit (Original + 2 Copies) Must Be Attached To The Technical Bid, While One Photocopy Should Be Included With The Financial Bid.(For Physical Verification). **NOTE:** Other Details Or Additional Information, If Required, Can Be Obtained From The Office Of The Director Works, Workers Welfare Board, During Office Hours. **ADDRESS:** Workers Welfare Board Balochistan, near Kidney Centre, Samungli Road Quetta. **PH#081-9204747.**

SECRETARY Workers Welfare Fund Balochistan

AB No.177/22-8-2025

سوشل ویلفیئر کی جانب سے معذور افراد میں وہیل چیئرز کی تقسیم

اوستہ محمد (اے این این) استہ محمد میں محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے معذور افراد میں وہیل چیئرز کی تقسیم کی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب سوشل ویلفیئر آفس میں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل...

گورنمنٹ پرائمری سکول گوٹھ امیر حمزہ مینگل پر قبضہ مافیا کی نظریں

سکول کو کہیں اور شفٹ کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے، عطا اللہ مینگل

گنداخہ (یو این اے) گورنمنٹ پرائمری سکول گوٹھ امیر حمزہ مینگل کو قبضہ مافیا کی جانب سے دوسری جگہ منتقل کرنے کی کوششوں کی شدید الفاظ... کے دور میں گوٹھ علی آباد مینگل کے لیے واٹر سپلائی اسکیم اور بعد ازاں جدید سہولیات سے محروم علاقے کے لیے پرائمری سکول کی منظوری کروائی گئی تھی، جس...

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

از دفتر تحصیلدار / اسسٹنٹ درجہ اول تحصیل جھٹ پٹ ضلع نصیر آباد

اشتہار بنام عوام الناس

بعدالت جناب فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 33/2025

61954

بقیہ 1 وزیراعلیٰ

لیے اخوت کے تعاون سے بلا سود قرضہ جات کی فراہمی کا پروگرام متعارف کروایا جا رہا ہے۔ اسی طرح محکمہ تعلیم میں 16 ہزار کنٹریکٹ اساتذہ کو مکمل طور پر میرٹ پر بھرتی کیا گیا ہے جبکہ تعلیم اور صحت کے محکموں میں اصلاحات کا عمل بھی جاری ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولتوں تک بہتر رسائی حاصل ہو۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ یوتھ پالیسی متعارف کرائی گئی ہے اور چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت 30 ہزار نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے برطانوی ہائی کمشنر مس جین میریوٹ نے بلوچستان حکومت کی گڈ گورننس کے قیام اور اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیم، صحت اور نوجوانوں کی ترقی کے لیے صوبائی حکومت کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ ملاقات میں سی ٹی ڈی پولیس کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے کے لیے تربیتی تعاون اور مختلف شعبوں میں اشتراک بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 2 قومی مالیاتی کمیشن

کو مقرر کیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ میں قائم این ایف سی سیکریٹریٹ سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 160 (1) کے تحت 11 واں قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ کی تشکیل کردی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گیارہواں قومی مالیاتی کمیشن 9 ارکان پر مشتمل ہے، وفاقی وزیر خزانہ اس کے چیئرمین جبکہ چاروں صوبوں کے وزرائے خزانہ کمیشن کے ارکان میں شامل ہوں گے۔ اسی طرح پنجاب حکومت کے نمائندے سابق بیوروکریٹ ناصر محمود کھوسہ، سندھ سے ماہر معاشیات ڈاکٹر اسد سعید، خیبر پختونخوا سے ڈاکٹر مشرف رسول اور بلوچستان سے فرمان اللہ کو کمیشن کا رکن مقرر کیا گیا ہے۔ جاری نوٹیفکیشن کے تحت وفاقی وزارت خزانہ کمیشن کے لیے سیکریٹریٹ سپورٹ فراہم کرے گی۔ قومی مالیاتی کمیشن وسائل کی تقسیم سے متعلق اپنی سفارشات، وفاق اور صوبوں کے درمیان مالیاتی وسائل کی تقسیم پر تجاویز دے گا۔ کمیشن صوبوں اور وفاق کے درمیان اخراجات کا جائزہ اور قومی نوعیت کے بڑے منصوبوں سے متعلق اپنی تجاویز پیش کرے گا، وفاقی وزارت خزانہ قومی مالیاتی کمیشن کے لیے سیکریٹریٹ سپورٹ فراہم کرے گی۔ واضح رہے کہ آئین کے مطابق ہر 5 سال بعد این ایف سی تشکیل دیا جاتا ہے جس میں وفاق اور صوبوں کے وزرا قانونی حیثیت رکھتے ہیں جبکہ کمیشن میں ہر صوبے سے ایک غیر حکومتی رکن کی شمولیت بھی لازمی ہے۔ این ایف سی ایوارڈ کے تحت وفاق کی مجموعی آمدنی میں سے طے شدہ فارمولے کے تحت صوبوں کو ان کا حصہ دیا جاتا ہے۔ دسویں این ایف سی ایوارڈ کی معیاد 21 جولائی کو مکمل ہو چکی ہے، ساتواں ایوارڈ اب تقریباً 15 سال سے نافذ ہے، جو پانچ سالہ مدت سے زیادہ ہے، صدر نے ہر سال اس ایوارڈ کی مدت میں توسیع کی ہے کیونکہ مرکز اور صوبوں کے درمیان نئے فارمولے پر اتفاق نہیں ہو سکا۔

بقیہ 3 گلیشیر پھٹنے سے گا

ایک آؤٹ برسٹ فلڈ (گلاف) گلیشیائی جھیل سے پانی کے اچانک اخراج کو کہا جاتا ہے جو شدید سیلاب کا باعث بنتا ہے، اور اپنے راستے میں آنے والے دریاؤں کو بند یا مغلوب کر سکتا ہے۔ پاکستان میں 13 ہزار 32 سے زائد گلیشیر موجود ہیں، جو قطبی علاقوں کے بعد سب سے بڑے ذخائر ہیں، تاہم ماہرین نے خبردار کیا کہ چترال اور گلگت بلتستان میں تقریباً 10 ہزار گلیشیرز موسمیاتی تبدیلی کے باعث درجہ حرارت بڑھنے سے تیزی سے پگھل رہے ہیں۔ ریسکیو 1122 کے ایک بیان میں کہا گیا کہ 200 افراد کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے نکال کر غذر کے یاسین اور سمل علاقوں میں منتقل کیا گیا ہے، کئی افراد کے مکانات تباہ ہونے کے بعد وہ صدمے میں ہیں، متاثرہ افراد کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ اس سے پہلے جاری ایک اور بیان میں ریسکیو 1122 نے کہا تھا کہ گوپس وادی کے تالی داس اور روشان دیہات میں رات گئے گلیشیر پھٹنے کا ہولناک واقعہ پیش آیا۔ گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں گلیشیر پھٹنے کے باعث آنے والے اچانک سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ نے ایک بار پھر تباہی مچادی، جس سے متعدد دیہات زیر آب آ گئے اور راؤشن گاؤں کی پوری آبادی محصور ہو کر رہ گئی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق تالی داس نالے میں رات گئے دونوں اطراف سے لینڈ سلائیڈنگ ہوئی جس سے گلگت شندور روڈ مکمل طور پر بند ہو گیا اور آمد و رفت معطل ہو گئی۔ ترجمان گلگت بلتستان حکومت فیض اللہ فراق نے بتایا کہ گوپس کے مقام تالی داس میں گلیشیر پھٹنے سے پانی نے جھیل کی شکل اختیار کر لی ہے، جس کے باعث متصل دیہات شدید متاثر ہوئے اور کئی گھر زیر آب آ گئے۔ انہوں نے بتایا کہ سیلاب سے شدید مالی نقصان ہوا ہے تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ فیض اللہ فراق نے مزید کہا کہ دریا کے بہاؤ کے رکنے سے مزید تباہی کا خدشہ ہے، البتہ اب تک 50 سے زائد افراد کو ریسکیو کیا جا چکا ہے۔ وزیر داخلہ گلگت بلتستان شمس لون نے بھی اس تباہ کن صورتحال کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ متاثرہ علاقوں میں کئی افراد پھنسے ہوئے ہیں جنہیں نکالنے کے لیے ہیلی کاپٹر طلب کر لیا گیا ہے اور کمانڈر ایف سی این اے کی ہدایت پر فوری طور پر ہیلی کاپٹر روانہ بھی کر دیا گیا ہے۔ غذر پولیس کے مطابق راؤشن گاؤں میں تقریباً 50 افراد محصور ہیں

بقیہ 4 ہفتہ وار مہنگائی

کی، 25 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ ایک ہفتے میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 1492 روپے سے بڑھ کر 1632 روپے کا ہو گیا۔ ایک ہفتے میں ٹماٹر کی قیمت میں 12 روپے سے زائد کا اضافہ، پیاز 7 روپے، چکن 16 روپے فی کلو مہنگا ہوا۔

بقیہ 5 ایشیائی ترقیاتی بینک

بینک کے بقایا 11 کروڑ ڈالر حکومت پاکستان کے لیے فنانسنگ گارنٹی ہے واضح رہے کہ کینیڈا کی بیرک گولڈ کمپنی نے رواں سال اپریل میں پاکستان میں سونے اور تانبے کے ذخائر نکالنے کے ریکوڈک منصوبے پر کام کرنے کی حامی بھری تھی۔ امریکی میڈیا نے بتایا تھا کہ بیرک گولڈ کا ریکوڈک منصوبے میں 50 فیصد حصہ ہوگا جب کہ باقی 50 فیصد حصہ حکومت پاکستان اور بلوچستان حکومت کے پاس ہوگا۔ رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ بیرک گولڈ کمپنی کے مطابق منصوبے کے پہلے حصے پر رواں برس سے کام شروع ہو جائے گا اور سال 2028 میں ریکوڈک منصوبے کی پہلی پروڈکشن متوقع ہے۔

بقیہ 6 وزیراعظم

نو کام مکمل ہونے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، بحالی کے کاموں کو پورے خلوص کے ساتھ جاری رکھنا ہوگا۔ وزیراعظم نے وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ دنوں میں طوفانی بارشوں سے دریاؤں میں طغیانی آئی ہے، سوات، صوابی، مانسہرہ، شانگلہ میں بھی بے پناہ نقصانات ہوئے، خیبر پختونخوا میں بادل پھٹنے سے فلش فلڈنگ سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بارشوں سے متاثرہ علاقے بونیر کا دورہ کیا، جہاں بے پناہ نقصان ہوا، آفت کی اس گھڑی میں وفاق نے صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر کام کیا، وفاقی وزرا نے امدادی کاموں میں بھرپور حصہ لیا، جب تک بحالی اور تعمیر نو کا کام مکمل نہیں ہوتا چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بارشوں سے جاں بحق افراد کے لواحقین کو معاوضے کی ادائیگی کی جا رہی ہے، افواج پاکستان امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لے رہی ہیں، بونیر کے دورے کے موقع پر سپہ

سالار بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2022 میں بھی آفت آئی اور بڑی شدید آفت آئی، اس وقت سندھ اس کا نشانہ تھا، پھر بلوچستان، کے پی کے اور پنجاب کے چند اضلاع درجہ بدرجہ نشانہ بنے، مگر سندھ میں سب سے زیادہ تباہی ہوئی تھی، مگر اس مرتبہ پاکستان بھر میں 700 سے زیادہ اموات ہوئی ہیں اور صرف خیبر پختونخوا میں 400 اموات ہوئی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس صورتحال میں موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں، 3 روز قبل کراچی میں تباہ کن بارش ہوئی، میں نے فون پر وزیراعلیٰ سندھ اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو سے اظہار ہمدردی کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سوال اٹھایا کہ آخر کب تک وفاقی اور صوبائی حکومتیں غیر قانونی تعمیرات کو پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ کرتی رہیں گی؟ وزیراعظم نے کہا کہ وہ بہت جلد ایک اجلاس بلانے والے ہیں جہاں پر ہم بات کریں گے کہ دریا کے اندر موجود تعمیرات چاہے وہ ہوٹل ہوں، ریسٹورنٹس یا پھر گھر ہیں

بقیہ 7 بیرسٹر گوہر

ہیں کہ تناؤ ختم ہو تو گرفتاریاں شروع ہو جاتی ہیں۔ ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے فیملی ممبرز کو گرفتار کر کے سیاسی تناؤ پیدا کیا جا رہا ہے، گزشتہ روز علیمہ خان کے بیٹے شاہریز کو گرفتار کیا گیا اور آج دوسرے بیٹے کو بھی کر لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو آئسولیٹ کیا جا رہا ہے، انہیں اخبار نہیں دیے جا رہے، ان حرکتوں سے عوام میں نفرت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 8 پاکستان)

میں کوئی غیر ملکی عنصر شامل نہیں ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ افغانستان سے دہشتگردی کا خطرہ پاکستان کے ایجنڈے کا بنیادی نکتہ ہے، پاکستان افغانستان کے ساتھ برادرانہ اور دوستانہ تعلقات چاہتا ہے، افغانستان سے دہشتگردی کے خاتمے سے خطے میں رابطہ کاری، انضمام اور خوشحالی بڑھے گی۔ ترجمان کے مطابق اقوام متحدہ کی انسداد دہشتگردی رپورٹ میں افغان سرزمین سے عالمی خطرات پر اظہار تشویش کیا گیا۔ پاک امریکا تعلقات کے حوالے سے ترجمان نے بتایا کہ پاکستان اور امریکا کے تعلقات دہائیوں پر محیط اور کثیر الجہتی ہیں، پاکستانی کمیونٹی، طلب، ڈاکٹرز اور تجارت پاکستان امریکا تعلقات کا اہم پہلو ہیں، پاک امریکا تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے کوششیں جاری رہیں گی، امریکا نے خطے میں جنگ بندی اور ڈی اسکیلیشن میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارت کی اسلحہ جمع کرنے کی دوڑ خطے کیلئے تشویشناک ہے، بی

بقیہ 9 پاکستان اور بنگلادیش

دی ہے۔ دونوں ممالک کے مابین ہونے والے اہم معاہدے کے بعد بنگلہ دیش کے سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ رکھنے والے افراد پاکستان کا ویزا حاصل کیے بغیر سفر کر سکیں گے اور یہی سہولت پاکستانی سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ ہولڈرز کو بھی بنگلادیش میں حاصل ہوگی۔

بقیہ 10 تقسیم کار کمپنیوں

بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لیے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں درخواست جمع کرادی ہے۔ یہ درخواست ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں جولائی کے لیے دی گئی ہے، جس پر نیپرا 28 اگست کو سماعت کرے گا۔ اگر نیپرا یہ درخواست منظور کر لیتا ہے تو صارفین کو آئندہ ماہ بجلی کے بلوں میں کمی کی صورت میں ریلیف مل سکتا ہے۔

بقیہ 11 نائب وزیراعظم

وزیراعظم و وزیر خارجہ 23 اگست کو بنگلہ دیش روانہ ہوں گے۔ نائب وزیراعظم پروفیسر محمد یونس اور مشیر برائے خارجہ امور محمد توحید حسین سے ملاقات کریں گے۔ ان ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کے ساتھ ساتھ متعدد علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

بقیہ 12 نیب طلب

ملزمان کو طلبی نوٹس اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت جاری کیے گئے ہیں اور انہیں 26 اگست کو نیب ریجنل آفس راولپنڈی میں صبح 10 بجے پیش ہونے کی ہدایت کی گئی طلبی نوٹس میں کہا گیا ہے کہ تفتیش کے دوران انکشاف ہوا کہ آپ نقد رقوم حاصل، تبدیل، منتقل کرنے اور اس کے غلط استعمال میں ملوث رہے

بقیہ 13 عطا تارڑ

کے خلاف حالیہ جنگ کامیابی سے لڑی، دنیا بھر میں پاکستان کے حوالے سے شکوک و شبہات تھے، بعض لوگ پاکستان کو رائٹ آف کر رہے تھے، اس جنگ نے سبز پاسپورٹ کی عزت اور وقار میں اضافہ کیا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ دنیا نے دیکھا کہ پوری قوم متحد ہو کر کھڑی ہے، ہاؤس کے فلور پر میں نے بطور وزیر اطلاعات یہ کہا کہ یہ وقت ہے کہ ہم متحد ہو کر قومی سطح پر یہ جنگ لڑیں، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہم نے اپنی زندگی میں یہ منظر دیکھا کہ پاکستان نے فتح حاصل کی، ہم سب کو اس میں حصہ ڈالنے کی توفیق ملی۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے بیانیے کی جنگ شروع ہوئی، دشمن کے پاس وسائل، افرادی قوت اور انٹرنیشنل لابنگ زیادہ تھی لیکن ہمارے پاس سچ کی طاقت تھی

بقیہ 14 تصادم

جانے والی کوچ اور کراچی سے خضدار جانے والی دو پک اپ گاڑیوں میں خوفناک تصادم ہوا جس کے نتیجے میں 9 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122، ایدھی فاؤنڈیشن کے انچارج ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی، ایس ایچ او اوتھل انسپکٹر جان محمد جاموٹ اور لسبیلہ ویلفیئر ٹرسٹ کی ایمبولینسز جائے حادثہ پر پہنچ گئے زخمیوں اور نعشوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل اور سول ہسپتال بیلہ منتقل کیا گیا۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت شکور احمد ولد محمد عالم کوچ ڈرائیور، شکیل احمد ولد عبد الحمید سکنہ بیلہ، عبدالغفور ولد حاجی محمد علی پک اپ ڈرائیور، محمد حنیف ولد مصر، محمد یونس ولد حاجی محمد علی، عبداللہ ولد عبدالغفور، محمد انس ولد منظور احمد، عبداللہ ولد عبدالحمید، محمد یاسین ولد پیر محمد شامل تھے جبکہ شدید زخمیوں میں امیر علی ولد محمد صادق محمد سعید ولد اللہ بخش شامل ہیں۔ نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا جبکہ زخمیوں کو مزید علاج کے لئے کراچی ریفر کر دیا۔ عینی شاہدین کے مطابق، حادثہ تیز رفتاری کی وجہ سے پیش آیا۔ دریں اثناء حکومت بلوچستان نے لسبیلہ، اوتھل کے قریب پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے ایک بیان میں کہا کہ اس افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ کے غم میں حکومت برابر کی شریک ہے اور اس مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے ترجمان نے کہا کہ حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا ہے جہاں انہیں بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 15 منظوری دے دی

کارپوریشن کو ختم کرنے کی منظوری دی گئی، جس کے بعد 54 سال بعد ملک بھر میں یوٹیلیٹی اسٹورز کا حتمی طور پر خاتمہ ہو گیا۔ وفاقی کابینہ کے اس منظوری کے بعد یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے تمام ملازمین بھی فارغ ہوں گے۔ اس سے قبل یوٹیلیٹی اسٹورز گزشتہ ماہ 31 جولائی کو بند کر دیے گئے تھے اور وزارت صنعت و پیداوار نے یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا تھا۔

بقیہ 16 حب ڈیم

سے گزشتہ روز سیلابی ریلے حب ڈیم میں داخل ہونا شروع ہو گئے ہیں جس سے اریگیشن حکام کے مطابق رات گئے تک حب ڈیم پانی کی سطح میں 9 فٹ اضافہ ہو کر 332 سے تجاوز کر گئی ہے ڈیم میں پانی کی سطح میں مزید اضافے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے جس سے کراچی اور حب کے شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے

بقیہ 17 مزید دلائل طلب

کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے درخواست کے قابل سماعت ہونے کے متعلق مزید دلائل طلب کر لیے۔ جسٹس خالد اسحاق نے سابق ایم پی اے احمد خان بچر اور سابق ایم این اے محمد احمد چٹھہ کی درخواستوں پر سماعت کی۔

بقیہ 18 فیلڈ مارشل

، دہشت گردی کے خلاف تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں ہر موسم کی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے اور علاقائی و بین الاقوامی فورمز پر تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چینی وزیر خارجہ نے پاکستان کی خودمختاری اور ترقی کے لیے چین کی غیر متزلزل حمایت کا یقین دلایا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے چین کے مستقل تعاون پر شکریہ ادا کیا، ملاقات کا اختتام خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کو آگے بڑھانے کے مشترکہ عزم کے ساتھ ہوا۔ واضح رہے کہ چینی وزیر خارجہ وانگ ژی نے گزشتہ روز وزیراعظم ہاؤس میں اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی تھی۔ اس موقع پر شہباز شریف نے چین کی پاکستان کے ساتھ مستقل حمایت پر اظہار تشکر کیا تھا، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان، چین کے بنیادی مسائل پر غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم نے پاک چین تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا تھا، انہوں نے چینی صدر شی جن پنگ کی قیادت کو خراج تحسین بھی پیش کیا تھا۔

بقیہ 19 جانچ پڑتال

میں سب سے بڑے ویزہ اسکروٹنی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ 55 ملین ویزا ہولڈرز اب کڑے جانچ پڑتال کے عمل سے گزریں گے۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ اس اقدام کا مقصد کسی ایسے ویزا ہولڈر کی نشاندہی کرنا ہے جو قوانین کی خلاف ورزی یا دیگر وجوہات کے باعث امریکا میں قیام کا اہل نہیں رہا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کی حکومت نے ویزہ پالیسی کو سخت بنانے کے لیے متعدد اقدامات اٹھائے ہیں

بقیہ 20 سفیروں کی ملاقات

راسلام آباد میں ملاقات کی۔ اس موقع پر نامزد سفیروں اور ہائی کمشنر نے صدر مملکت کو اپنی اسناد سفارت پیش کیں۔ ایوان صدر آمد پر معزز سفیروں کو پاکستان کی مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے روایتی گارڈ آف آنر پیش کیا۔

بقیہ 21 برطانیہ

بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی امداد کے لیے 1.33 ملین پاؤنڈ کی انسانی ہمدردی پر مبنی امداد کا اعلان کیا ہے۔ اس امداد سے پنجاب، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا کے سات متاثرہ اضلاع میں 2 لاکھ 23 ہزار سے زائد افراد کو سہولت فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 22 بری قرار

عظمیٰ نے 14 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے، جس میں کہا گیا کہ ملزم سردار حسین قید بھگت کر رہا ہو چکے ہیں۔ تفصیلی فیصلے میں کہا گیا کہ سزا کاٹنے والے ملزم سردار حسین کے خلاف کرپشن کا کیس نہیں بنتا، بوگس چیک بنانے کا اعتراف کینسل کر چکا ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے میں کہا گیا کہ دوران سماعت ملزم سردار حسین کیخلاف مالی فوائد کا کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔

بقیہ 23 ترخو کلیئر

نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ باجوڑ نے اعلان کیا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے ماموند تحصیل کے گاؤں ترخو کو کلیئر کر دیا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق گاؤں ترخو میں معمولات زندگی بحال ہونا شروع ہو گئے ہیں جبکہ ترخو کے عوام نے علاقہ کلیئر کرنے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ترخو کے رہائشیوں کو گھروں کو واپس جانے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 24 شیر شاہ

شاہ ریز خان کو 9 مئی 2023 کو جناح ہاؤس پر حملے کے کیس میں 8 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ لاہور پولیس نے گزشتہ روز زمان پارک سے گرفتار ملزم شاہ ریز خان کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کیا اور ایک ماہ کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ ملزم شاہ ریز خان کے وکیل سلمان اکرم راجا نے جسمانی ریمانڈ دینے کی مخالفت کی تھی، جس کے بعد عدالت نے فیصلہ محفوظ کر لیا تھا۔ بعدازاں انسداد دہشت گردی عدالت نے پولیس کی ایک ماہ کا ریمانڈ دینے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے شاہ ریز خان کا 8 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ واضح رہے کہ علیمہ خان نے گزشتہ روز الزام عائد کیا تھا کہ 4 مسلح افراد نے ان کے بیٹے شاہ ریز کو اغوا کر لیا ہے۔ بعدازاں پولیس نے علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز کو گرفتار کرنے کی تصدیق کر دی تھی، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ شاہ ریز کو 9 مئی 2023 کے مقدمات میں گرفتار کیا گیا ہے۔ دریں اثنا علیمہ خان کے وکیل رانا مدثر نے دعویٰ کیا ہے کہ علیمہ خان کے دوسرے بیٹے شیر شاہ خان کو بھی گرفتار کر لیا گیا ہے۔ علیمہ خان کا دوسرا بیٹا شیر شاہ آج اپنے بھائی کی پیشی کے لیے انسداد دہشتگردی عدالت آیا تھا۔ وکیل رانا مدثر نے بتایا کہ پیشی سے واپسی پر شیر شاہ کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے۔ قبل ازیں، علیمہ خان نے انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کو کل 8 مقدمات میں ضمانت ملی، اس کے جواب میں یہ کل میرے گھر آئے اور بیٹے کو اٹھا کر لے گئے، آج میرے بیٹے کو اے ٹی سی میں پیش کیا گیا۔ علیمہ خان نے کہا کہ شاہ ریز کا سارا فوکس پاکستان کی نمائندگی کرنے میں ہے، یہ کاروبار میں ہے، آج تک اسے کسی نے یہاں دیکھا بھی نہیں ہوگا۔

بقیہ 25 ڈی جی آئی ایس پی آر

ہوں پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز کے وفد نے کاظم خان کی قیادت میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری سے ملاقات کی۔ اعلامیے کے مطابق اراکین وفد نے اس موقع پر کہا کہ معرکہ حق کے دوران شاندار کارکردگی پر افواج پاکستان خراج تحسین کے حقدار ہیں، معرکہ حق کے تمام مراحل کے دوران آئی ایس پی آر نے کلیدی کردار ادا کیا اور بھارتی میڈیا کے ہیجان انگیز پروپیگنڈے کے جواب میں بروقت اور معتبر اطلاعات کی فراہمی کو یقینی بنایا۔ کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز کے وفد کا مزید کہنا تھا کہ معرکہ حق میں فقید المثال فتح پاکستانی قوم، حکومت پاکستان اور عسکری اداروں کی باہمی اور مربوط حکمت عملی کا ثمر ہے اس موقع پر اعلامیے کے مطابق ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ نوجوان اس ملک کا سرمایہ ہیں اور ان کی ملک کے بارے میں مثبت سوچ پاکستان کے روشن مستقبل کی دلیل ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے تمام واقعات کے پیچھے بھارت کی منفی سوچ اور وسائل کارفرما ہیں، پاکستان کی افواج عوام کی تائید سے اس پراکسی جنگ کا قلع قمع کرنے کی پوری

صلاحیت رکھتی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں منفی پروپیگنڈے کے ذریعے عوام میں مایوسی پھیلائی جانے کی مذموم کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی

بقیہ 26 اسد قیصر

نہیں تھا، ان کے بیٹے کی پی ٹی آئی کے کسی بھی ایونٹ میں کوئی تصویر تک نہیں، جس طرح اغوا کیا گیا، اس سے پتہ چلتا ہے کہ ریاست ماں کے جیسی نہیں ہے۔

بقیہ 27 عدالت عالیہ

اینٹی ڈیکلریشن برانچ کا قیام عدالت عالیہ میں فوری طور پر عمل میں لایا گیا ہے۔ اینٹی ڈیکلریشن برانچ بلوچستان بھر کے جوڈیشل افسران کے علاوہ عدالت عالیہ بلوچستان کے تمام افسروں و اہلکاروں کے ساتھ ساتھ تمام بلوچستان ضلعی عدلیہ کے افسروں و اہلکاروں کے اثاثہ جات کی تفصیلات کی ریکارڈ کی دیکھ بھال نمٹائے گی۔

بقیہ 28 ریکارڈ غائب

ریلیف پیکیج کا ریکارڈ غائب ہونے کا انکشاف ہوا ہے جس پر ذیلی کمیٹی نے وزارت خارجہ کے حکام پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ ذیلی کمیٹی نے ہنڈا الکس سے دو کروڑ روپے کی ریکوری کا حکم دے دیا۔ شاہدہ اختر کی زیر صدارت پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں انکشاف کیا گیا کہ افغان پناہ گزینوں کے لیے 20 سال پہلے دیے گئے اربوں روپے ریلیف پیکیج کا ریکارڈ غائب ہو چکا ہے۔ آڈٹ حکام کے مطابق افغان ریلیف کے 11 منصوبوں کا مکمل ڈیٹا فراہم نہیں کیا گیا۔

بقیہ 29 سہولت کار

میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے 11 اور 13 اگست کو خودکش بمبار اور کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر خودکش حملے کے سہولت کار؟ خودکش بمبار تیار کرنے والے بیوٹمز یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر عثمان قاضی اسکے بھائی سمیت آٹھ دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا تھا دوران تفتیش عثمان قاضی نے قریبی ساتھی کی نشاندہی کی جو کالعدم تنظیم کے نیٹ ورک کی سہولت کاری میں ملوث تھا ذرائع نے بتایا کہ سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے سہولت کار میر خان کو گرفتار کر لیا جس نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ اس نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی سے وکالت کی ڈگری حاصل کی جس کے بعد لیگل برانچ میں بطور پراسیکیوٹنگ انسپکٹر تعیناتی ہوئی۔ ملازمت کے ساتھ وہ عثمان قاضی، کالعدم تنظیم بی ایل اے کے مجید بریگیڈ کیلئے کام کر رہا تھا ذرائع نے بتایا کہ ملزم نے اعتراف کیا کہ وہ دو درجنوں وارداتوں اور تخریبی کارروائیوں میں ملوث ہونے کے ساتھ نیٹ ورک کیلئے سہولت کاری کا بھی کام سرانجام دیتا تھا 14 اگست کے حوالے سے ہونے والی تقریبات کی مکمل ریکی کرنا ذمہ داری تھی ذرائع نے بتایا کہ گرفتار ملزم پروفیسر عثمان قاضی کا انتہائی قریبی ساتھی ہے جس سے مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں جبکہ سی ٹی ڈی اور سیکیورٹی فورسز نے پانچ مزید دہشت گردوں کو گرفتار کیا پراسیکیوٹنگ انسپکٹر کو آج عدالت میں پیش کیے جانے کا امکان۔

بقیہ 30 وزارت داخلہ

لگ کر انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ ذرائع کے مطابق وزارت داخلہ نے نئے ای امیگریشن کا نظام متعارف کرانے کی منظوری دے دی ہے اور آئندہ ماہ سے ای امیگریشن کا نظام نافذ کر دیا جائے گا۔ ای امیگریشن نظام میں اپلیکیشن کے ذریعے مسافر کی تفصیلات امیگریشن ڈپارٹمنٹ کو مل جائیں گی۔

بقیہ 31 الرٹ جاری

27 اگست تک دریاؤں کے بالائی حصوں میں شدید طوفانی بارشوں کا امکان ہے جس کے باعث پانی کے بہاؤ میں اضافے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 32 جسوندر سنگھ بھلہ

میڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق سینئر اداکار کی آخری رسومات بیٹے کے ہالوگی میں ادا کی جائیں گی۔ پنجابی فلم انڈسٹری کے کئی ساتھی فنکار دوست ان کی آخری رسومات میں شریک ہوں گے۔

بقیہ 33 فائرنگ، قبائلی

کوئٹہ کے علاقے جناح روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے قبائلی رہنما حاجی عبدالرؤف ترین کے بیٹے اسلم ترین کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کی شناخت محمد اسلم کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی قتل کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ پشین کے علاقے سید حمید کراس کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کر دی۔ جس کی شناخت ڈاکٹر اقبال کے نام سے کی گئی۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی تاہم قتل کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی مزید کارروائی پشین انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 34 اسحاق ڈار

لیے تیار ہے، پاک بھارت جنگ بندی پر عمل جاری ہے۔ جنگ بندی کے لیے بھارت نے امریکا سے درخواست کی تھی۔ سینئر صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ جنگ بندی کے لیے انہیں امریکا کا فون آیا تھا، جس پر انہوں نے واضح کیا تھا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا، مارکو روبیو کا دورہ پاکستان ابھی شیڈول نہیں ہوا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ہم نے کسی سے نہیں کہا تھا کہ ہمیں بھارت کے ساتھ بٹھائیں، ہم نے کسی نیوٹرل مقام پر بیٹھنے کی بات کی تھی، میں نے کہا تھا کہ اگر نیوٹرل مقام پر میٹنگ ہوگی تو کر لیں گے۔

بقیہ 35 ایرانی صوبہ سیستان

گاڑیاں معمول کے گشت پر تھیں۔ دونوں گاڑیاں چھلنی ہو گئیں۔ ایرانی پولیس کے ترجمان نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے اہلکاروں کا تعلق امن و امان قائم رکھنے والے یونٹ سے تھا جو علاقے میں گشت کے فرائض انجام دے رہے تھے۔

بقیہ 36 تعطیلات

ابھی 5 ستمبر بروز جمعہ کو ملک بھر میں عقیدت و احترام سے منائی جائے گی۔

بقیہ 37 پاکستانی موبائل

تک رسائی ملتی ہے ذرائع کے مطابق پاکستانی موبائل کمپنیوں سے افغان سم کو سگنل ملنے کا انکشاف ہوا ہے، قائمہ کمیٹی پارلیمانی امور کا اجلاس چیئرمین رانا ارادت کی زیر صدارت ہوا۔

بقیہ 38 فتنہ الخوارج

ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ تازہ کارروائیاں راولپنڈی اور حسن ابدال میں کی گئیں، جہاں فتنہ خوارج کے 4 سہولت کاروں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان نے 11 اگست کو راولپنڈی اور حسن ابدال میں کارروائیوں کی دھمکی دی تھی، ایک ویڈیو بھی بنائی تھی جس کو سوشل میڈیا پر پھیلایا گیا تھا۔

بقیہ 39 روس کا یوکرین

ہیں۔ اس حملے میں ایک شخص ہلاک اور 15 زخمی ہوئے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق جمعرات کی رات بھر روس کی جانب سے 614 ڈرون اور میزائل فائر کیے گئے جن میں سے 577 کو یوکرینی فضائیہ نے مار گرایا۔

بقیہ 40 کراچی: پٹاخوں

سے متاثر ہونے والی عمارت کے ملبے سے مزید 2 لاشیں نکال لی گئی ہیں۔ نکالی جانے والی ایک لاش کی شناخت 45 سالہ شہزاد کے نام سے ہوئی جبکہ دوسرے شخص کی شناخت تاحال ممکن نہ ہو سکی، واقعے میں مجموعی طور پر جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 6 تک پہنچ گئی ہے۔ دھماکوں کی شدت سے قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے، قریب موجود گاڑیوں کو بھی شدید نقصان پہنچا جب کہ گودام میں لگنے والی آگ پر فائر بریگیڈ کی 10 گاڑیوں نے قابو پایا۔ پولیس نے گودام کے مالکان کو شامل تفتیش کر لیا ہے، جب کہ وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار کا کہنا ہے کہ شہری علاقوں میں ایسے گوداموں کی اجازت نہیں ہے، ذمے داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ دوسری جانب ایم اے جناح روڈ کے قریب پٹاخوں کے گودام میں دھماکے کا مقدمہ پریڈی تھانے میں سرکار کی مدعیت میں درج کر لیا گیا ہے۔ جس میں قتل بالسبب، دھماکا خیز مواد آتش گیر مادے اور غفلت برتنے کی دفعات شامل ہیں۔

بقیہ 41 زرک مندوخیل

حکمت عملی بروئے کار لا رہے ہیں زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ علاقے میں سب سے اہم اور دیرینہ مسئلہ پینے کے پانی کا ہے جس کے حل کے لیے ایک منصوبہ بندی کی گئی ہے مری آباد میں ٹیوب ویلز کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے جو کہ 35 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا جس کا جلد ٹینڈر ہوگا انہوں نے کہا ہے کہ اس منصوبے سے پی بی 42 میں پانی کی قلت کو دور کیا جائے گا زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ اس وقت میرے پاس وزارت نہیں ہے اس کے باوجود بھی تمام مسائل کے لیے اقدامات کر رہا ہوں جب وزارت مجھے مل جائے گی تو انشاء اللہ تمام مسائل حل کریں گے اس موقع پر علاقے کے سماجی رہنما انکاش عباسی نے کہا ہے کہ یہ ایک بہترین منصوبہ ہے

بقیہ 42 صوبائی وزراء

کا اظہار صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران اور نور محمد دمڑ نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے فوج کے ساتھ ساتھ عوام کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا چند مٹھی بھر عناصر بلوچستان کی ترقی کو روکنا چاہتے ہیں جو اس کی ناکام کوشش ہے بلوچستان پہلے بھی پاکستان کا حصہ تھا اور آج بھی ہے صوبے کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ اور خلل ڈالنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

بقیہ 43 انجام دی گئی

قبول کیا اور انتہائی مہارت کے ساتھ آپریشن مکمل کیا۔ آپریشن ڈاکٹر نظام الملک، ڈاکٹر حمید اللہ کاکڑ اور پوسٹ گریجویٹ سرجیکل ٹیم نے کیا، جبکہ اینستھیزیا ٹیم کی سربراہی ڈاکٹر فضل نے کی۔ معاونت کے فرائض اسٹاف مارگریٹ اور ان کی ٹیم نے سرانجام دیے۔ سرجری میں ٹیومر کی وسیع کٹائی کے ساتھ کمپوزٹ منڈیبلیکٹمی، گردن کی سطح پر منتخب ڈسیکشن (لیول 1A، 1B، 2A اور 3)، نکل فیت فلیپ کے ذریعے اندرونی منہ کی ریکنسٹرکشن، جبڑے کی بحالی کے لیے ری کون پلیٹ فکسیشن اور گردن کی پرائمری لیئرڈ کلوژر شامل تھی۔ ماہرین کے مطابق یہ سرجری صوبے میں اپنی نوعیت کا ایک بڑا کامیاب کارنامہ ہے، جس سے واضح ہوتا ہے کہ بلوچستان کے ماہر ڈاکٹر اور جدید سہولیات پیچیدہ ترین کیسز کو بھی کامیابی سے سنبھالنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 44 سینیٹر منظور کاکڑ

انفراسٹرکچر کے لیے وفاقی سطح پر ممکنہ تعاون جیسے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر نے سینیٹر کو جامعہ کی حالیہ کامیابیوں، ڈیجیٹل اقدامات، تعلیمی منصوبوں، اور مستقبل کے اہداف سے آگاہ کیا۔ سینیٹر منظور کاکڑ نے جامعہ کی قیادت اور اساتذہ کی تعلیمی میدان میں خدمات کو سراہا اور اس بات کا اعادہ کیا کہ وہ وفاقی سطح پر پالیسی سازی اور وسائل کی فراہمی کے ذریعے جامعہ بلوچستان کی بھرپور حمایت کریں گے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے سینیٹر کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جامعات اور قانون ساز اداروں کے درمیان تعاون تعلیمی معیار کی بہتری میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

بقیہ 45 صحت کا اجلاس

گان نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شیخ محمد بن زاید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کوئٹہ کے بل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ کمیٹی نے بل کو حتمی شکل دے دی اور فیصلہ کیا کہ یہ بل آئندہ اجلاس میں ایوان میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 46 تسلیاں دیتے

ں گھروں کو شدید نقصان ہوا بجلی کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا بیشتر علاقوں میں دو روز سے بجلی معطل ہونے سے شہریوں کی تکلیفوں میں بے انتہا اضافہ ہوا شہری اور صوبائی حکومتیں معطل اور بے بس نظر آ رہی ہیں شدید بارشوں سے نمٹنے کیلئے شہری انتظامیہ اور صوبائی حکومت کی کوئی تیاری نظر نہیں آئی ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے کراچی میں کوئی نظام دیکھنے کو نہیں ملا کراچی ملک کا سب سے بڑا آبادی والا شہر ہے کراچی کے لوگ سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرتے ہیں لیکن اس کے بدلے میں انہیں بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے۔ پچاس برس پہلے بھی کراچی کی یہی حالت تھی اور آج بھی اس شہر کا کوئی پرسان حال نہیں تمام ذمہ داران زبانی جمع خرچ سے عوام کو سستی تسلیاں دیتے نظر آتے ہیں۔

بقیہ 47 وزیر ریلوے

نے جمعہ کو عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی سے متعلق سہولیات کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس اجلاس میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ حیات خان کاکڑ کیپٹن احمد بلوچ اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی طرف سے وکلاء کیلئے اعلان کردہ 100 پنک اسکوٹیز اور بس کی فراہمی کیلئے ٹینڈر آئندہ ایک دو روز میں کر دیا جائے گا جبکہ وزیراعلیٰ کی ہدایت پر عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے 21 نئی بسیں خریدی گئی ہیں جو کوئٹہ پہنچ جائیں گی جن میں سے 17 بسیں کوئٹہ اور 4 تربت کے عوام کیلئے مختص ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پیپلز ٹرین سروس کے حوالے سے ریلوے حکام کی طرف سے کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا جا رہا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ عوام کو سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے کوئٹہ شہر میں عوام کی سہولت کیلئے گرین بس سروس شروع کی جس سے روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں افراد استفادہ کر رہے ہیں مزید بسیں آنے کے بعد کوئٹہ کے دیگر علاقوں میں بھی بس سروس شروع کی جائے گی انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان نے عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے پیپلز ٹرین سروس شروع کرنے کا اعلان کیا اور اس حوالے سے وفاقی وزیر ریلوے نے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے

بقیہ 48 آڈیٹر جنرل

ارب کی بے ضابطگیاں ہوئیں۔ اندرونی کنٹرولز کی کمزوریوں کے باعث 677 ارب سے زائد جبکہ ناقص اثاثہ جات مینجمنٹ کی وجہ سے 678 ارب اور کنٹریکٹ مینجمنٹ کے مسائل نے 280 ارب روپے کی بے ضابطگیوں کو جنم دیا۔ اس حوالے سے جاری ہونے والی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سروس ڈیلیوری اور ویلفیئر فارمنی مسائل سے 73 ارب سے زائد جبکہ حکومتی حصص کی عدم وصولی سے 47 ارب روپے سے زائد، زمین پر قبضوں اور غیر قانونی استعمال سے 44.56 ارب روپے کا نقصان ہوا۔ زائد ادائیگیوں اور ریکوری میں کمی سے 44.54 ارب، غیر مجاز اخراجات کے باعث 27.89 ارب، ملازمین اور ایچ آر سے متعلق مسائل کی وجہ سے 26.99 ارب، غیر محتاط اور غیر قانونی سرمایہ کاری سے 25.32 ارب، سرمائے اور مچورٹی کی بندش کی وجہ سے 17.5 ارب، ریونیو کی عدم وصولی کی وجہ سے 16 ارب روپے سے زائد کا نقصان ہوا

بقیہ 49 سفری سہولت فراہم

لوگوں کو سستی سفری سہولت میسر ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کے بڑے شہروں میں روزمرہ کے سفر کو آسان بنانے اور اندرون شہر رابطے کو بہتر بنانے کیلئے حکومت بلوچستان کی جانب سے اہم قدم اٹھایا گیا ہے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور کے وژن اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں کوئٹہ کے پبلک ٹرانسپورٹ کے بیڑے میں 17 نئی بسیں شامل کی گئی ہیں جن میں خواتین کے لئے مخصوص گلابی بسیں شامل ہیں اور بلوچستان کے لوگوں کے لئے جدید اور سستے سفر کو یقینی بنانے کیلئے تربت میں پیپلز بس سروس کا آغاز کیا گیا ہے۔ تربت سٹی اور کوئٹہ سٹی میں عوام کی سفری سہولیات کے لئے خریدی گئی پبلک ٹرانسپورٹ بسیں جلد سڑکوں پر چلنا شروع کریں گی۔ میری کوششوں سے تربت میں پہلی بار باقاعدہ پبلک ٹرانسپورٹ کا آغاز ہونے جا رہا ہے واضح رہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے گزشتہ سال صوبائی وزیر ظہور احمد بلیدی کی تجویز پر تربت اور کوئٹہ کیلئے پبلک ٹرانسپورٹ سروس کی منظوری دی تھی اب بسوں کی خریداری کا عمل مکمل ہو چکا رواں ماہ یہ بسیں عوام کو جدید اور باقاعدہ سفری سہولت فراہم کریں گی۔

بقیہ 50 تفصیلی گفتگو بھی

اوران کی عملی صورت پر تفصیلی گفتگو بھی ہوئی۔

بقیہ 51 NCCIA کا نوٹس

غرض سے بیرون ملک ہیں جلد کوئٹہ لوٹ کر تحقیقات کا سامنا کریں گے، بیرون ملک سے جاری اپنے ایک بیان میں سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد نے کہا ہے کہ گزشتہ روز این سی سی آئی اے سائبر کرائم رپورٹنگ سینٹر کی جانب سے کوئٹہ میں واقع ان کی رہائش گاہ پر ایک نوٹس ارسال کیا گیا ہے جس میں محکمہ داخلہ بلوچستان کی شکایت پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے انہیں ذاتی حیثیت میں 22 اگست کو طلب کیا تھا، انہوں نے کہا کہ انہیں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام یکم اگست کو اسلام آباد میں ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس میں کی گئی تقریر جس میں انہوں نے مائنز اور منرلز کے مسائل پر بات کی تھی کو جواز بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ نوٹس کو پڑھ کر یہ بات سامنے آئی کہ اس سے قبل بھی ایک نوٹس ارسال کیا گیا ہے

بقیہ 52 مشکلات بڑھ گئیں

ہے۔ ہر ماہ ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا انکشاف ہوا ہے جس نے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ فارماسیوٹیکل کمپنیوں کی جانب سے بڑھائی گئی ادویات کی قیمتوں کی تفصیلات کے مطابق نیوروبیان انجیکشن کی قیمت 1100 سے بڑھا کر 1400 روپے کر دی گئی اور پیٹ کے امراض کی فلیجل ٹیبلٹ پیکٹ 803 سے بڑھا کر 923 روپے کر دیا گیا۔ اس کے ساتھ سیکوبیان کیپسول (خون کی کمی کے لئے 230 سے بڑھا کر 300 روپے)، پونستان فورٹ پیکٹ 865 سے 1095 اور پونستان سادہ 1800 سے بڑھا کر 2108 روپے جبکہ سکارڈ پلس 156 سے بڑھا کر 256 روپے کر دیا گیا۔ ڈیکلوران ٹیبلٹ 170 روپے سے بڑھا کر 365 روپے، سینامیٹ پیکٹ (شوگر کے مریضوں کے لیے 470) سے بڑھا کر 650 روپے، میوکین سیرپ 156 سے بڑھا کر 173 روپے اور پیناڈول ٹیبلٹ پیکٹ 600 روپے سے بڑھا کر 843 روپے کر دیا گیا

بقیہ 53 اشیاء خورد و نوش

کی ہدایت کی روشنی میں جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع میں متاثرین کی مدد کیلئے امدادی کیمپس لگائے گئے ہیں ان امدادی کیمپ میں نقدی اور خوراک کی اشیاء جمع کی جائیں گی جنہیں بالترتیب خیبر پشتونخوا کے متاثرین افراد تک پہنچایا جائیگا تاکہ ان کی مدد کی جا سکے بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ، پشین، قلعہ عبداللہ خان، چمن، قلعہ سیف اللہ، زیارت، ہرنائی، ژوب، شیرانی، دکی، سبی، بارکھان کے اضلاع میں پارٹی کے ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے ضلعوں، تحصیلوں، علاقوں میں بذریعہ اناؤنسمنٹ، پمفلٹ کی تقسیم کر کے غم کی اس گھڑی میں خیبر پشتونخوا کے عوام کے ساتھ مکمل شریک ہوں اور ان کی مدد کے لئے اپنے علاقوں میں مخیر حضرات سے اپیل کریں کہ وہ اپنی بساط کے مطابق متاثرین کے مدد و تعاون کے لئے خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنا حصہ ڈالیں تاکہ خیبر پشتونخوا کے متاثرین کی بحالی زندگی جلد سے جلد ممکن ہو سکے بیان میں جنوبی پشتونخوا کے تمام عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پارٹی کے زیر اہتمام لگائے گئے کیمپس میں جا کر اپنی بساط کے مطابق نقدی، چیکس، اشیاء خورد و نوش جمع کرائیں۔

بقیہ 54 کوئٹہ بجا طور پر یہ تو

نظر مجیب الرحمان ملاخیل مولانا جان محمد مولانا حزب اللہ منگل یار حافظ رحمان گل مولانا محمد اسلم نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کا میڈیا سے دوٹوک مطالبہ: ہماری آواز کو مناسب کوریج دی جائے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ نے ذرائع ابلاغ پر زور دیا ہے کہ وہ ایک ملک گیر مذہبی سیاسی جماعت کے طور پر جمعیت علماء اسلام کو اس کی حقیقی حیثیت کے مطابق کوریج دیں جمعیت علماء اسلام نے اخبارات کے مالکان اور صحافیوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان کے ساتھ "سوتیلی ماں جیسا سلوک بند کریں جمعیت علماء اسلام کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ جمعیت علماء اسلام ایک موثر سیاسی قوت کے طور پر قومی اور بین الاقوامی سطح پر ایک منفرد اور کلیدی مقام رکھتی ہے جمعیت علماء اسلام ہر فورم پر عوام کے مسائل کو جرات مندانہ طریقے سے اٹھاتی ہے اور ان کے حل کے لیے مسلسل جدوجہد کرتی رہے گی ان کی تمام تر کوششیں مظلوم اور محروم طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لئے وقف ہیں اس صورتحال کے پیش نظر، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ بجا طور پر یہ توقع رکھتی ہے

بقیہ 55 صحافی خاور حسین

دستیاب سی سی ٹی وی فوٹیج، جائے وقوعہ کا تفصیلی جائزہ، عینی شاہدین کے انٹرویوز اور مرحوم خاور حسین کا ہوٹل کی پارکنگ میں داخل ہونے سے خودکشی تک ویڈیوز کو تمام پہلوؤں سے دیکھا گیا، اس کے ساتھ پوسٹ مارٹم اور فرانزک رپورٹ کا بھی باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ تحقیقاتی رپورٹ میں بتایا گیا کہ خاور حسین کی گاڑی ریسٹورنٹ کے باہر 2 گھنٹے تک کھڑی رہی، اس دوران کسی بھی شخص کی مرحوم سے ملنے کے شواہد نہیں ملے اور نہ ہی کوئی ان کی گاڑی کے قریب آیا سندھ پولیس کی رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ میڈیکل اور پوسٹ مارٹم رپورٹ میں بھی خودکشی بتایا گیا ہے، جبکہ خاور حسین کی موت 16 اگست کی رات 9 بج کر 58 منٹ سے 10 بج کر 35 منٹ کے درمیان ہوئی۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ خاور حسین کو قتل کرنے یا پھر حادثاتی طور پر گولی چلنے کے عنصر کو رد کیا گیا ہے، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مرحوم رپورٹر کی خودکشی کی وجوہات جاننے کیلئے ان کے انتہائی اقدام کو آگے جانا ضروری ہے۔

بقیہ 56 حکومت کی ترجیحات

ہے کہ ان میدانوں میں معاشرے کے ہر طبقے کے نوجوانوں کو شامل کیا جائے، خصوصاً ان بچوں اور بچیوں کو جن کے والدین نے وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کیا انہوں نے کہا کہ ایسے بچوں کو کھیل کے میدانوں میں آگے لانا ان کے حوصلے بلند کرنے اور انہیں معاشرے کا فعال شہری بنانے کے مترادف ہے۔ بینا مجید بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے ہر کھیل میں شہداء کے نام سے ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی تاکہ یہ ٹیمیں شہداء کے مشن کو زندہ رکھ سکیں اور نئی نسل کو یہ پیغام دیں کہ قربانی دینے والوں کے اہل خانہ تنہا نہیں ہیں بلکہ پورا صوبہ اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ نوجوانوں کو محض کھیلوں تک محدود رکھنے کے بجائے ان کے لئے فنی اور جدید ہنر سیکھنے کے مواقع فراہم کرنا بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ 57 شہباز شریف

کے مطابق وزیراعظم آئندہ ماہ امریکا کا دورہ کریں گے، جہاں وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔ دوسری جانب اکتوبر میں امریکی وزیر خارجہ کا دورہ پاکستان متوقع ہے، سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستان نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے دورے کی تیاریاں شروع کر دیں، یہ دورہ ممکنہ طور پر اکتوبر کے اوائل متوقع ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق دورے میں انسداد دہشتگردی، تجارت اور دو طرفہ تعلقات مضبوط کرنے پر مشاورت ہوگی، دورہ عمل میں آنے پر امریکی وزیر خارجہ روبیو کا پہلا دورہ پاکستان ہوگا۔ پاکستان کا آخری دورہ کرنے والے امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو تھے، مائیک پومپیو نے ستمبر 2018 میں پاکستان کا دورہ کیا تھا۔

بقیہ 58 رکھ کر عوام

نظریاتی بلا رنگ و نسل اور تعصبات سے بالاتر ہو کر عوام کی خدمت کیلئے دن رات کوشاں رہی ہے جمعیت نظریاتی کی سیاست کا محور خلوص نیت سے عوام کی بے لوث خدمت اور ان کے مسائل حل کرنا ہے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی اس ملک سے جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ سیاست سے نجات کیلئے جدوجہد کر رہی ہے جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ سیاست نے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم رکھ کر عوام کا استحصال کیا گیا ہے

بقیہ 59 اعظم سواتی

پشاور ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں اعظم سواتی نے کہا کہ یہ فیصلہ انسانی حقوق کی بنیاد پر ہوا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ آج بھی عدالتیں حق اور انصاف کا فیصلہ دے سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں بانی پی ٹی آئی کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مجھے اپوزیشن لیڈر چنا، کوشش کروں گا کہ بانی پی ٹی آئی سے میری ملاقات ہو، ہم شبلی فراز کی عزت کیلئے ان کی سیٹ کو خالی چھوڑیں گے، ان کو نااہل کرنا اچھا فیصلہ نہیں، کیمرہ مائنڈ قبول نہیں کریں گے۔ اعظم سواتی نے کہا کہ جس کو بھی سزا ہوگی پی ٹی آئی اس کے ساتھ کھڑی ہوگی، علیمہ خان کے ساتھ جو ہوا وہ کارروائی تیرہ اگست کو میرے گھر سے شروع ہوئی، اس سے عوام کا غم و غصہ بڑھ رہا ہے، علیمہ خان کے بیٹے کو فوری چھوڑا جائے۔ قبل ازیں پشاور ہائیکورٹ میں اعظم سواتی کا نام پی این آئی ایل سے نکالنے کے لیے دائر درخواست پر جسٹس وقار احمد اور جسٹس کامران حیات میاں خیل نے سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار علی عظیم آفریدی ایڈووکیٹ کے مطابق اعظم سواتی کا نام پہلے ای سی ایل میں شامل کیا گیا تھا، عدالت نے نام نکالنے کے احکامات جاری کیے۔ عدالت نے فریقین سے جواب طلب کرتے ہوئے سماعت 9 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 60 ہر ممکن تعاون

گیا کہ محکمہ کے صرف دو دفاتر اپنی ملکیت میں ہیں جبکہ باقی دفاتر کرایہ کی عمارتوں میں قائم ہیں دیگر مسائل میں محکموں کے ساتھ اختیارات کی اوورلیپنگ، ڈویژنل سطح تک محدود دائرہ کار، بجٹ اور عملے کی کمی، لاجسٹک سہولیات کی عدم دستیابی اور بلوچستان ہاؤسنگ اتھارٹی کا تاحال فعال نہ ہونا شامل ہیں۔ رکن کمیٹی کلثوم نیاز بلوچ نے کہا کہ محکمہ اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی اسکیمیں دیگر محکموں کے مقابلے میں بہتر انداز میں مکمل ہوئی ہیں اس موقع پر چیئرمین کمیٹی ڈاکٹر اشوک کمار نے یقین دہانی کرائی کہ کمیٹی محکمہ کی بھرپور معاونت کرے گی اور اسمبلی کے فلور پر بھی اس کے مسائل کو اجاگر کیا جائے گا اجلاس کے دوسرے حصے میں کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (QDA) کے امور پر بریفنگ دی گئی۔ کمیٹی کو آگاہ کیا گیا کہ یہ ادارہ 1978 کے آرڈیننس کے تحت قائم کیا گیا تھا جس کا مقصد کوئٹہ شہر کی ترقی، عوامی سہولیات، سڑکوں کی تعمیر و توسیع، پانی و نکاسی کے منصوبوں اور دیگر تعمیراتی سرگرمیوں کو یقینی بنانا ہے۔ ادارے کو درپیش مسائل میں تجاوزات، غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیموں کی بھرمار، قانونی پیچیدگیاں، مشینری و آلات اور ماہر عملے کی کمی کے ساتھ ساتھ شدید مالی بحران شامل ہیں کمیٹی کو مزید آگاہ کیا گیا کہ متعدد معاملات نیب، ایف آئی اے اور انسداد بدعنوانی کے اداروں میں بھی زیر التواء ہیں کمیٹی نے مستقبل کے لائحہ عمل کے طور پر متعلقہ قوانین میں ترامیم، ماسٹر پلان کی تیاری و نفاذ، انسداد تجاوزات سیل کو فعال کرنے، نئی ہاؤسنگ اور کمرشل اسکیموں کے اجراء اور غیر قانونی اسکیموں کے خلاف سخت کارروائی پر زور دیا کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار نے کہا کہ اسٹینڈنگ کمیٹی محکمہ اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کو مضبوط بنانے کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی

بقیہ 61 فلڈ ریلیف آپریشن

ریلیف آپریشن میں مصروف عمل رہی۔ پاک فوج کے کور آف انجینئرز کے دستے راستوں کو کھولنے اور ملبے کو ہٹانے میں مصروف رہے، جبکہ متاثرہ عوام کو ہیلی کاپٹرز کے ذریعے راشن اور دیگر سامان بھی مہیا کیا گیا۔ سیلاب زدہ علاقوں سے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کیلئے کیا گیا۔ اربن سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم ملبے سے زخمیوں اور لاشوں کو ڈھونڈنے جبکہ پاک فوج کی میڈیکل ٹیمز متاثرہ علاقوں میں مریضوں کے مفت علاج میں مصروف رہی۔

بقیہ 62 امریکی وزیر خارجہ

ن متوقع ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستان نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے دورے کی تیاریاں شروع کر دیں، یہ دورہ ممکنہ طور پر اکتوبر کے اوائل متوقع ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق دورے میں انسداد دہشتگردی، تجارت اور دو طرفہ تعلقات مضبوط کرنے پر مشاورت ہوگی، دورہ عمل میں آنے پر امریکی وزیر خارجہ روبیو کا پہلا دورہ پاکستان ہوگا۔ پاکستان کا آخری دورہ کرنے والے امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو تھے، مائیک پومپیو نے ستمبر 2018 میں پاکستان کا دورہ کیا تھا۔

بقیہ 63 زرمبادلہ کے ذخائر

ارب ڈالر اور کمرشل بینکوں کی تحویل میں زرمبادلہ کے ذخائر کا حجم 5.314 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔ 15 اگست 2025 کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران اسٹیٹ بینک کے ذخائر 13 ملین ڈالر اضافے سے 14.256 ارب ڈالر ہو گئے۔

بقیہ 64 جنرل ساحر

سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور دفاع و سلامتی کے شعبے میں موجودہ تعاون کو بڑھانے کے مشترکہ عزم پر زور دیا۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی نے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کیا اور دفاعی تعاون کے نئے ذرائع کی نشاندہی کی۔

بقیہ 65 راسٹوڈنٹس بھی

یک تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ بلوچستان کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کیلئے ہمیں دنیا کے ترقی یافتہ ممالک اور بین الاقوامی اداروں کی خصوصی مدد اور رہنمائی کی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے بیوٹمز یونیورسٹی میں یونیسف اور ناروے حکومت کے زیر اہتمام بلوچستان میں پرائمری، مڈل اور ٹیکنیکل ایجوکیشن کے حوالے سے منعقدہ ایک پروقار تعلیمی پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر یونیسف کے صوبائی سربراہ مریم درویش، وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر خالد حفیظ، وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان ڈاکٹر ظہور بازئی، پرو وائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر میر واس خان کاسی اور پلوشہ جلال زئی سمیت بڑی تعداد میں اساتذہ اور اسٹوڈنٹس بھی موجود تھے۔

بقیہ 66 امیر حمزہ زہری

خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سردار شکیل احمد دہوار، میر قیوم ساسولی، میر منظور احمد زہری اور دیگر وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے نہ صرف ماضی میں بلوچستان کے لیے عملی اقدامات کیے، بلکہ مستقبل میں بھی پارٹی صوبے کی ترقی اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرتی رہے گی انہوں نے مزید کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی وژنری قیادت کے تحت پیپلز پارٹی صوبے کے پسماندہ علاقوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے کوشاں ہے، اور نوجوان نسل کو بااختیار بنانے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 67 بھی جاری رہی

۔ اس موقع پر اینٹی نارکوٹکس فورس کے افسر ہارون اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی عزیز اللہ کاکڑ نے آپریشن کے حوالے سے ڈی سی چمن کو معلومات فراہم کیں۔ ضلعی انتظامیہ، لیویز، ایف سی اور اینٹی نارکوٹکس فورس کی مشترکہ کارروائیوں میں اب تک بڑی مقدار میں بھنگ کی غیر قانونی فصل کی کاٹ اور تلف کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈی سی چمن نے کہا کہ اس مہم کا مقصد منشیات کی پیداوار اور فروغ کی روک تھام کو یقینی بنانا ہے

بقیہ 68 سفر میں آسانی

شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ نے گرین بسوں کے ساتھ پانچ خصوصی پنک بسیں متعارف کرائی ہیں جو جلد ہی کوئٹہ کی سڑکوں پر نظر آئیں گی۔ یہ بسیں صرف خواتین کے لئے مختص ہوں گی تاکہ انہیں تعلیم، ملازمت اور روزمرہ سرگرمیوں کے لئے سفر کے دوران ایک محفوظ، آرام دہ اور باوقار ماحول میسر آ سکے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین کو ٹرانسپورٹ کے مسائل کی وجہ سے اکثر اپنی تعلیم یا روزگار سے سمجھوتہ کرنا پڑتا ہے اس نئی سہولت کے آغاز سے نہ صرف ان کے سفر میں آسانی پیدا ہوگی

بقیہ 69 صادق عمرانی

اپنے ہی علاقوں میں بیماریوں کا علاج اور دیگر صحت کی سہولیات کی فراہمی ممکن ہو سکے گی، انہوں نے کہا کہ صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور کا اہم حصہ ہے لہٰذا اس حوالے سے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی واضح ہدایات ہیں

بقیہ 70 علاوہ موٹر سائیکل

بھاری مقدار میں منشیات اور شراب کی بوتلیں قبضے میں لیں۔ انہوں نے بتایا کہ یکم اگست سے اب تک کوئٹہ پولیس نے مختلف تھانوں کی حدود میں 43 منشیات کے کیسز درج کر کے 44 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چرس 47.750 کلو اور آئس 11.732 کلو، شراب کی بوتلیں برآمد کر کے قبضے میں لے لیں اس کے علاوہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف 39 کیسز رجسٹرڈ کر کے 39 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ایس ایم جی 6 عدد، رائفل 6 عدد، پستول 27 عدد اور راؤنڈ 474 برآمد کر لئے اس کے علاوہ موٹر سائیکل چوروں اور چھیننے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کیا

بقیہ 71 بحران کی دلدل

قاسم خلیل و دیگر نے کہا کہ ملک میں عملاً سیاسی مارشل لاء نافذ ہے عدلیہ اور پارلیمنٹ کے فیصلے طاقتوروں کے زیر دست ہیں ملک آئینی، سیاسی اور معاشی بحران سے دوچار ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین کی روح کو انتقامی کارروائیوں سے مسخ کر دیا پارلیمنٹ صرف مقتدرہ کیلئے ایک مہرہ ہے مقتدرہ کو تقویت دینا جعلی حکومت کی مجبوری ہے انہوں نے کہا کہ سیاست میں مداخلت نے ملک کو مزید آئینی بحران کی دلدل میں دھکیلا جا رہا ہے

بقیہ 72 وفاقی حکومت

اظہار کرتے ہوئے جی ڈی اے کی کاوشوں کو سراہا اور باقی ماندہ منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے خاص طور پر گورنمنٹ گرلز اسکول، بوائز ماڈل اسکول اور کھیلوں کے میدانوں کی جلد از جلد تکمیل پر زور دیا تاکہ تعلیمی سرگرمیاں تسلسل کے ساتھ جاری رہیں اور نوجوانوں کو کھیلوں کے فروغ میں کسی قسم کی رکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایم پی اے گوادر نے تجویز دی کہ جی ڈی اے شہر کی مزید خوبصورتی اور ترقی کے لیے نئے منصوبے تیار کرے، جن کے لئے صوبائی اور وفاقی حکومت سے فنڈز حاصل کیے جائیں گے انہوں نے بالخصوص شہر کی داخلی شاہراہ اور چوک سے ملا فاضل چوک تک اور دیگر زرکے انٹرفیس کو جدید تقاضوں کے مطابق بہتر بنانے پر زور دیا

صوبے کی منتشر آبادی کیلئے تمام سہولیات دہلیز پر پہنچانا مشکل نا ممکن نہیں، گورنر

پرائمری کسی ملک کے تعلیمی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی جو مستقبل کی علمی کامیابی کی اصل بنیاد ہے' شیخ جعفر خان مندوخیل

ہمیں بلوچستان کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کیلئے دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی رہنمائی کی اشد ضرورت ہے

صوبے میں پرائمری تعلیم کی حالت تشویشناک' یہاں 29 لاکھ 60 ہزار بچے آج بھی اسکولوں سے باہر ہیں' بیوٹمز میں تعلیمی حوالے سے منعقدہ پروگرام سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پرائمری تعلیم کسی ملک کے تعلیمی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے جو مستقبل کی تعلیمی کامیابی کی اصل بنیاد ہے شروعات سے پرائمری تعلیم پر توجہ مرکوز کرکے ہم خواندگی کی شرح کو نمایاں طور پر بہتر کر سکتے ہیں، ہماری قلیل مگر بکھری ہوئی منتشر آبادی کو تمام بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانا بہت مشکل کام ہے لہذا!!...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر جام کمال خان بنگلہ دیش کے فوڈ ایڈوائزر علی امام کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

صوبے کی خوشحالی کیلئے تمام اقوام کو متحد ہ مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، امیر حمزہ زہری

پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ قیام امن کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں، مشیر بلدیات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء مشیر برائے بلدیات بلوچستان نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی، خوشحالی اور قیام امن کے لیے تمام اقوام کو متحد ہو کر اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ قیام امن کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں اور بلوچستان پیکج کے ذریعے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے ان...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: بھنگ کے فصل کی تلفی دوسرے روز بھی جاری رہی

ضلعی انتظامیہ، لیویز، ایف سی اور اے این ایف کی مشترکہ کارروائیاں

چمن (اصغر اچکزئی) چمن میں بھنگ کی فصل کے خلاف آپریشن آج دوسرے روز بھی جاری، ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی اور اسسٹنٹ کمشنر صدر امتیاز علی بلوچ نے چمن کے مختلف علاقوں میں بھنگ کی فصل کو تلف کرنے کے جاری آپریشن کا جائزہ لیا...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں خواتین کیلئے پنک بس سروس کا آغاز جلد ہوگا' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

عوام کو معیاری سفری سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

پنک بس سروس کا آغاز خواتین کیلئے ایک نئے دور کی شروعات ثابت ہوگا' صوبائی مشیر وومن ڈویلپمنٹ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کی عزم کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں خواتین کیلئے خصوصی "پنک بس سروس" جلد شروع کر دی جائے گی انہوں نے کہا کہ خواتین کو محفوظ اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنا حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں ترقی و خوشحالی کا سفر جاری، مٹھی بھر عناصر روک نہیں سکتے، صوبائی وزراء

بلوچستان میں دہشت پھیلانے والے عناصر کو صوبے کی خوشحالی ہضم نہیں ہو رہی' بخت محمد کاکڑ، شعیب نوشیروانی

قوم کے ہیروز عوام کا تحفظ کر رہے ہیں، دشمن پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا' سردار عبدالرحمن کھیتران، نور محمد دمڑ

بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمنوں کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہ ہونے دیں گے، وزراء کا اظہار خیال

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت پھیلانے والے عناصر صوبے کی ترقی کے دشمن ہیں وطن کے لیے لڑنے والے قوم کے ہیروز ہیں آپ سب قوم کے ہیروز ہیں کچھ عناصر صوبے کی حالات خرابی کی طرف لے جانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں جس کو ہم مسترد اور کامیاب نہیں ہونے دینگے بلوچستان پہلے بھی ترقی کی راہ پر گامزن تھا آج بھی ہے' ان خیالات...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یو میسف اور ناروے گورنمنٹ کے زیر اہتمام تعلیمی پروگرام کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی: پٹاخوں کے گودام میں آگ لگنے سے اموات کی تعداد 6 ہوگئی

عمارت کے ملبے سے مزید دو لاشیں نکالی گئیں، ایک کی تاحال شناخت نہ ہوسکی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر پٹاخے بنانے والے کارخانے اور گودام میں دھماکے کے بعد آگ لگنے سے مرنے والوں کی تعداد 6 تک پہنچ گئی، 33 افراد زخمی ہوئے ہیں، پریڈی تھانے میں مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ذرائع مطابق کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر پٹاخے بنانے کے کارخانے اور گودام میں دھماکے کے بعد آگ لگنے...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حلقہ انتخاب کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، زرک مندوخیل

علاقے کے بنیادی اور دیرینہ مسائل کے حل کیلئے موثر حکمت عملی اپنا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) رکن اسمبلی زرک مندوخیل سے نکاش عباسی اور حماد علی کی خصوصی ملاقات، ملاقات میں سیاسی اور علاقائی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع صوبائی اسمبلی کے رکن شیخ زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ علاقے کے مسائل کے حل کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں انہوں نے کہا ہے کہ علاقے کے بنیادی اور دیرینہ مسائل کے حل کے لیے تمام...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

سول ہسپتال کوئٹہ میں پیچیدہ کینسر سرجری کامیابی سے انجام دی گئی

مریض منہ کے کینسر (اسکواس سیل کارسنوما، اسٹیج 4A) میں مبتلا اور ایچ پی ایس ایچ پازیٹو تھا

آپریشن سرجن ڈاکٹر حمید اللہ کاکڑ، ڈاکٹر نظام الملک اور پوسٹ گریجویٹ سرجیکل ٹیم نے کیا

کوئٹہ (اے پی پی) سول ہسپتال کوئٹہ کے ڈیپارٹمنٹ آف اورل اینڈ میکسلو فیشل سرجری کی ماہر ٹیم نے ایک نہایت پیچیدہ کینسر سرجری کامیابی سے انجام دی۔ مریض منہ کے کینسر (اسکواس سیل کارسنوما، اسٹیج 4A) میں مبتلا تھا اور ایچ بی ایس ایچ پازیٹو ہونے کی وجہ سے دیگر ہسپتالوں نے علاج سے انکار کر دیا تھا۔ تاہم ایس پی ایچ کی ٹیم نے یہ چیلنج...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج نے باجوڑ اور دیر کو ملانے والا پل 6 دن کی قلیل مدت میں مرمت کر کے کھول دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فوج کے انجینئرز نے باجوڑ اور دیر کو ملانے والے جاری پل کو چھ دن کی قلیل مدت میں مرمت کر کے ٹریفک کے لئے کھول دیا۔ پل کھل جانے سے باجوڑ اور دیر کا منقطع رابطہ بحال ہوگیا ہے، اتنی قلیل مدت میں پل کا مرمت کر کے کھولا جانا پاک فوج کے انجینئرز کی مہارت کا کھلا ثبوت ہے۔ باجوڑ اور دیر کے عوام نے پاک فوج سے پل کی فوری مرمت کی درخواست کی تھی

ملک کے 4 علاقوں کے ماحولیاتی نمونوں میں سب سے خطرناک پولیو وائرس کی تصدیق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان بھر سے جولائی میں لیے گئے مزید 10 ماحولیاتی نمونوں کے نتائج جاری کر دیئے گئے۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق دیامر، جنوبی وزیرستان، لاہور اور راولپنڈی کے نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ لیبارٹری رپورٹ کے مطابق نمونوں میں پولیو وائرس ٹائپ ون پایا گیا ہے جو پولیو وائرس کی سب سے خطرناک قسم ہے

یو او بی کے اساتذہ کی تعلیمی خدمات قابل ستائش ہیں، سینیٹر منظور کاکڑ

جامعات اور مقننہ کے درمیان تعاون تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے اہم ہے، وی سی

کوئٹہ (اے پی پی) ایوان بالا (سینیٹ) کے رکن سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے جامعہ بلوچستان کا دورہ کیا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں اعلی تعلیم کے فروغ، جامعہ کی تعلیمی ترقی، اور تحقیقی منصوبوں...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے محکمہ صحت کا اجلاس

SMBZAN-ICQ بل کو حتمی شکل دی گئی آئندہ اسمبلی اجلاس میں پیش کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے محکمہ صحت کا اجلاس چیئرمین کمیٹی ڈاکٹر محمد نواز کبزئی کی زیر صدارت آج بروز جمعہ منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین صمد خان گورگیج، شاہدہ رؤف، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن کے علاوہ قانون اور خزانہ محکموں کے نمائندہ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

مینگچر: بس میں آتشزدگی کے باعث جھلس کر 1 شخص جاں بحق

قلات (این این آئی) مینگچر کے علاقے میں بس میں آتشزدگی کے باعث جھلس کر ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ لیویز کے مطابق جمعہ کو مینگچر کے علاقے خرشتی میں قومی شاہراہ پر بس میں آتشزدگی کے باعث ایک شخص جھلس کر جاں بحق ہوگیا جبکہ بس مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئی۔ لیویز نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچادی جس کی شناخت بشیر احمد سکنہ پشین کے نام سے ہوئی ہے لیویز نے بس قبضے میں لیکر مزید کارروائی شروع کردی۔

طوفانی بارشوں کے باعث کراچی شہر ڈوب گیا' محمد عبدالقادر

شہر میں 17 ہلاکتیں' 2 لاکھ سے زائد گاڑیوں کو نقصان پہنچا جو شہری و صوبائی حکومتوں کی نااہلی ہے' سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ دو روز کی طوفانی بارشوں کی وجہ سے ملک کا سب سے بڑا شہر کراچی ڈوب گیا۔ بارشوں کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں 17 ہلاکتیں ہوئیں۔ 2 لاکھ سے زائد گاڑیوں کو شدید نقصان پہنچا جس سے شہری اور صوبائی حکومتوں کی نااہلی کھل کر سامنے آگئی ہزارہ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت سفری سہولیات کیلئے وسائل بروئے کار لارہی ہے' میر لیاقت لہڑی

پیپلز ٹرین سروس سے متعلق ریلوے سے معاملات جلد طے کئے جائیں' پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

21 نئی بسیں خرید لیں جو جلد کوئٹہ پہنچ جائیں گی' جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو سفر کی جدید سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی غفلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پیپلز ٹرین سروس شروع کرنے سے متعلق ریلوے سے معاملات جلد طے کئے جائیں۔ یہ بات انہوں...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ڈائریکٹر جنرل لیویز بلوچستان عبدالغفار مگسی ملاقات کر رہے ہیں

آڈٹ رپورٹ جاری، مالی سال 2024-25 میں 376 ٹریلین روپے سے زائد کی بے ضابطگیاں

پیپرا قواعد کی خلاف ورزیوں سے 284 ٹریلین جبکہ ناقص، غیر مکمل، سول ورکس میں تاخیر سے 85 ٹریلین کی بے ضابطگیاں ہوئیں

سرکلر ڈیٹ کے تصفیہ میں ناکامی سے 1200 ارب اور قوانین وضوابط کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے 958 ارب کی بے ضابطگیاں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گزشتہ مالی سال 2024-25 کی نئی آڈٹ رپورٹ میں 376 ٹریلین روپے سے زائد کی بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں۔ 4 ہزار 879 صفحات پر مشتمل آڈٹ رپورٹ کے مطابق پیپرا قواعد کی خلاف ورزیوں سے 284 ٹریلین جبکہ ناقص، غیر مکمل، سول ورکس میں تاخیر سے 85 ٹریلین کی بے ضابطگیاں ہوئیں یہ ڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق واجبات اور ریکوری کے مسائل سے 2.5 ٹریلین جبکہ سرکلر ڈیٹ کے تصفیہ میں ناکامی سے 1200 ارب اور قوانین وضوابط کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے 958...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے لوگوں کیلئے جدید اور سستے سفر کو یقینی بنائیں گے' ظہور بلیدی

تربت میں پہلی بار باقاعدہ پبلک ٹرانسپورٹ کا آغاز ہونے جارہا ہے' صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ تربت سٹی اور کوئٹہ سٹی میں عوام کی سفری سہولیات کے لئے خریدی گئی پبلک ٹرانسپورٹ بسیں جلد سڑکوں پر چلنا شروع کریں گی، پہلی بار تربت میں باقاعدہ پبلک ٹرانسپورٹ کا آغاز ہونے جارہا ہے، گرین بس منصوبے میں خواتین کیلئے گلابی رنگ کی بسیں شامل ہیں تاکہ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

موسمی خرابی ودیگر وجوہات پر 8 پروازیں منسوخ، 57 میں تاخیر کا شکار ہوئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) موسمی خرابی اور انتظامی مسائل کی وجہ سے ملک بھر میں 8 پروازیں منسوخ جبکہ 57 میں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق ایک پرواز متبادل ایئرپورٹ پر اتاری گئی، جدہ سے لاہور کی نجی ایئرلائن کی پرواز 587 موسمی خرابی پر اسلام آباد اتاری گئی۔

پاکستان میں سیٹلائیٹ انٹرنیٹ کی فراہمی کے لیے لائسنس شرائط طے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے ملک میں سیٹلائیٹ انٹرنیٹ کی فراہمی کے لائسنس کی شرائط طے کرلیں۔ ذرائع پی ٹی اے کے مطابق ہر خواہشمند کمپنی کو لائسنس کے حصول کے لئے ملک میں مرکزی ارتھ گیٹ وے اسٹیشن قائم کرنا لازم ہوگا۔ کمپنیاں ایک سے زائد گیٹ وے اسٹیشن بھی قائم کرسکیں گی۔ پی ٹی اے ذرائع کے مطابق کمپنیوں کو پاکستان کی جغرافیائی حدود کا احترام یقینی بنانا ہوگا، پاکستان کا ڈیٹا بیرون ملک سے ہوسٹ نہیں کیا جاسکے گا۔

اسٹیل ملز کے ملازمین کے بقایاجات کیلئے بڑی رقم جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسٹیل ملز کے ملازمین کے بقایاجات کے لیے بڑی رقم جاری کر دی گئی ہے۔ ذرائع وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق وفاقی حکومت نے اسٹیل مل کو 2 ارب 87 کروڑ 13 لاکھ سے زائد کی رقم جاری کر دی ہے۔ وزارت صنعت و پیداوار نے وفاق سے رقم جاری کرنے درخواست کی تھی جس کے بعد ای سی سی میں اسٹیل ملز ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کی رقم جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔

نوابزادہ جمال خان رئیسانی سے میر ساجد دشتی کی ملاقات

موقع پر عبید اللہ گورگیج بھی موجود' باہمی دلچسپی کے امور اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء اور رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے میر ساجد دشتی نے ملاقات کی، جس میں رکن صوبائی اسمبلی عبید اللہ گورگیج بھی شریک تھے۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان میں نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے منصوبوں...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

آل پارٹیز کانفرنس میں کی گئی تقریر پر ہمایوں عزیز کرد کو NCCIA کا نوٹس

علاج کے غرض سے بیرون ملک ہوں جلد کوئٹہ لوٹ کر تحقیقات کا سامنا کروں گا، جواب

NCCIA نے محکمہ داخلہ بلوچستان کی شکایت پر ذاتی حیثیت میں 22 اگست کو طلب کیا

کوئٹہ (پ ر) بلوچ قوم پرست رہنماء و سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد نے کہا ہے کہ محکمہ داخلہ بلوچستان کی شکایت پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام یکم اگست کو ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس میں کی گئی تقریر پر انہیں نوٹس ارسال کرتے ہوئے ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہے وہ علاج کے...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ادویات کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ، مریضوں کی مشکلات بڑھ گئیں

نیورو بیان انجیکشن کی قیمت 1400 روپے ہوگئی، فیجل گولی کا پیکٹ 803 سے بڑھا کر 923 روپے کر دیا گیا

سینگو بیان کیپسول 300 روپے، پونستان فورٹ پیکٹ 1095، پونستان سادہ بڑھا کر 2108 روپے کا ہوگیا

سیٹامیٹ پیکٹ بڑھا کر 650 روپے، میوکین سیرپ 173 روپے کا ہوگیا، دیگر ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

کوئٹہ (آئی این پی) ادویات کی قیمتوں میں ہر ماہ خود ساختہ اضافے کا انکشاف ہوا ہے جس سے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا۔ نجی ٹی وی رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے میڈیسن کی قیمتیں ڈی کنٹرول کرنے کے بعد ادویات بنانے والی کمپنیوں نے من مانی قیمتوں کا تعین شروع کر دیا ہے، جس کے باعث ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھا گیا...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ سے انکے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

پاکستانی برآمدات میں جولائی 2025 میں 16.43 فیصد اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی ادارہ شماریات نے کہا ہے کہ پاکستان کی برآمدات میں جولائی 2025 میں 16.43 فیصد اضافہ ریکارڈ کی گیا ہے جس کے بعد حجم 2.68 ارب ڈالر ہوگیا ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ٹیکسٹائل برآمدات 23 فیصد اضافے سے ایک ارب 67 کروڑ ڈالر رہا

کیمپ میں جمع امدادی سامان خیبر پشتونخوا کے متاثرین تک پہنچائیں گے' پشتونخوامیپ

امدادی کیمپ تمام اضلاع میں لگائے گئے ہیں' مخیر حضرات سے مدد و تعاون کی اپیل

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں خیبر پشتونخوا میں حالیہ شدید طوفانی بارشوں، سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ، کلاؤڈ برسٹ قدرتی آفات کے دوران ہونیوالے جانی ومالی نقصانات پر دکھ وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی چیئرمین وتحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ ملی مشر محمود خان اچکزئی...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

میڈیا جمعیت کو اسکی حقیقی حیثیت کے مطابق کوریج دے' حافظ حسین احمد شرودی

جمعیت سیاسی قوت کے طور پر قومی اور بین الاقوامی سطح پر کلیدی مقام رکھتی ہے' رہنماء

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حا...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، عمران خان کی ضمانت پر مٹھائی بانٹنے والی فیملی گرفتار

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کے تھانہ سول لائن کی حدود میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی سپریم کورٹ سے 8 مقدمات میں ضمانت منظور ہونے کی خوشی میں ایک فیملی نے چند لوگوں کے ہمراہ مٹھائیاں تقسیم کیں جس پر پولیس نے بچوں سمیت فیملی کو گرفتار کرلیا۔ تفصیل کے مطابق پی ٹی آئی کے سابق ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے ٹوئیٹر پر پیغام جاری کرتے ہوئے کیا

صحت تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی پر توجہ دی جا رہی ہے، صادق عمرانی

پارٹی چیئرمین کی واضح ہدایات ہیں کہ عوامی مفادات کے منصوبوں کی منظوری اور ان پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے

نائب وزیر اعظم کی زیر صدارت ایگزیکٹو کمیٹی برائے نیشنل اکنامک کونسل کا اجلاس، ہسپتال کے منصوبے کی منظوری

کوئٹہ (آن لائن) ایگزیکٹو کمیٹی برائے نیشنل اکنامک کونسل (ECNEC) کا ایک اہم اجلاس اسلام آباد میں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں بلوچستان سے ممبر ایکنک وصوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی، اجلاس کا مقصد جناح میڈیکل کمپلیکس اینڈ ریسرچ سینٹر اسلام آباد کی تعمیر کے حوالے سے ایکنک کے ممبران سے مشاورت اور منظوری تھا، اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ مفاد عامہ کے منصوبوں اور خصوصاً ہسپتال کی تعمیر سے عوام کو...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

بی اے پی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں رہنماء احسان اللہ خاکسار، ملک خدا بخش، عابد بٹ، ملک محمد حسین، انور شاہ محب ترین ودیگر کا گروپ فوٹو

ملک کو سیاسی و معاشی محاذ پر متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، جمعیت نظریاتی

ہمارا ہدف اقتدار نہیں عوامی خدمت' جمعیت نظریاتی بلا رنگ ونسل مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے' قاری مہر اللہ' مولانا خدائے نظر

ملک سے جاگیردارانہ سیاست کے خاتمے کیلئے جدوجہد جاری ہے' مولانا محمد خان کی جمعیت نظریاتی میں شمولیت کے موقع پر اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ممتاز عالم دین مولانا محمد خان نے اپنے خاندان اور ساتھیوں سمیت جمعیت علماء اسلام نظریاتی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا شمولیتی تقریب سے جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر مولانا قاری مہر اللہ صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ضلع چمن کے کنوینئر امین اللہ کاکوزئی ضلعی امیر مولوی احمد خان عابد حاجی فیض اللہ اور ڈپٹی کنوینئر محمد یونس ارمانی ودیگر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نظریاتی کا ہدف اقتدار اور ذاتی مفادات نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور اسلام کی سربلندی ہے اقتدار کے بغیر بھی جمعیت...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی چمن میں جاری بھنگ فصل کیخلاف آپریشن کا جائزہ لے رہے ہیں

اسلام آباد میں غیرت کے نام پر ایک اور لڑکی قتل

راولپنڈی (زاہد احمد خان) غیرت کے نام پر ایک اور لڑکی کو قتل کر دیا گیا، پسند کی شادی کیوں کرنا چاہتی ہو بھائی نے سولہ سالہ بہن کو گولی مار کر قتل کر دیا۔ باپ کی مدد سے موقع سے فرار، مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق اسلام آباد تھانہ شمس کالونی کی حدود میں بھائی نے غیرت کے نام پر 16 سالہ بہن کو قتل کر دیا، ملزم والد کی مدد سے فرار ہوگیا ہے مقتولہ اپنی پسند سے شادی کرنا چاہتی تھی

صحافی خاور حسین کی موت معاملہ، سندھ پولیس کی تحقیقاتی رپورٹ تیار

رپورٹ میں صحافی کی خودکشی کی تصدیق، حادثاتی طور پر گولی چلنے کے عنصر کو رد کیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) صحافی خاور حسین کی موت سے متعلق قائم سندھ پولیس کی تحقیقاتی کمیٹی نے اپنی رپورٹ تیار کرلی ہے۔ سندھ پولیس کی 8 صفحات پر مشتمل تحقیقاتی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ تمام شواہد کے بعد کمیٹی اس نتیجے پر پہنچی کہ سینئر رپورٹر خاور حسین نے خودکشی کی ہے۔ رپورٹ میں لکھا گیا کہ کراچی سے لے کر سانگھڑ تک خاور حسین کے سفر میں...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

شہداء کے بچوں کو بھی کھیلوں کے مساوی مواقع فراہم کریں گے' مینا مجید بلوچ

بلوچستان کے ہر کھیل میں شہداء کے نام سے ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی

کھیل کے میدان تفریح کا ذریعہ نہیں بلکہ یہ امن، بھائی چارے کی علامت ہیں' صوبائی مشیر

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان، مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں شہداء کے بچوں کو بھی کھیلوں کے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں گے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر نہ صرف صوبے بلکہ ملک کا نام بھی روشن کرسکیں۔ یہ بات انہوں نے شہداء فورم کے اراکین سے ملاقات کے دوران کہی۔ اس موقع پر مشیر کھیل نے کہا کہ بلوچستان میں کھیلوں کے میدان تیزی سے آباد ہو رہے ہیں اور حکومت کی بھرپور کوشش...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کو جرائم پیشہ عناصر کیلئے محفوظ پناہ گاہ نہیں بننے دینگے، ایس ایس پی آپریشن

کوئٹہ پولیس نے 44 ملزمان گرفتار کر کے ان سے 47.750 کلو چرس 11.732 کلوگرام آئس اور شراب کی بوتلیں قبضے میں لے لی

غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف 39 کیسز رجسٹرڈ ان سے ایس ایم جی 6 عدد، رائفل 6 عدد، پسٹل 27 عدد اور راؤنڈز 474 برآمد کرلئے

11 اشتہاری' 26 مفرور ملزمان گرفتار' پولیس جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں' محمد بلوچ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ نے کہا ہے کہ عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے پولیس اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے نبھا رہی ہے گزشتہ 22 روز میں موثر کارروائیاں کرتے ہوئے 25 مسروقہ موٹر سائیکلیں، 2 گاڑیاں برآمد کر کے اشتہاری، مفرور اور منشیات فروشوں، موٹر سائیکل چھینے اور چوری کرنے کی وارداتوں میں ملوث 175 ملزمان کو گرفتار کر کے...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

آبی ذخائر میں پانی کی دستیابی میں مزید اضافہ، اعداد وشمار جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آبی ذخائر میں پانی کی دستیابی میں مزید اضافہ ہوگیا، واپڈا نے اعداد وشمار جاری کر دیئے۔ واپڈا کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق تربیلا ڈیم کے بعد چشمہ بیراج بھی تقریباً بھر گیا، پانی کی سطح 1550 فٹ برقرار ہے، ڈیم میں قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 57 لاکھ 28 ہزار ایکڑ فٹ برقرار ہے، منگلا ڈیم میں پانی کی سطح مزید ایک فٹ بلند، سطح 1218 فٹ ہوگئی

کوئٹہ، آئی ڈی او اور پی اے ایف کے زیر اہتمام گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول ریلوے کالونی میں منعقدہ جشن آزادی کی تقریب میں مہمان خصوصی ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی ظہور بلوچ ودیگر خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف آئندہ ماہ امریکا کا دورہ کریں گے

وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت اور خطاب بھی کرینگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف آئندہ ماہ امریکا کا دورہ کریں گے، وزیر اعظم امریکا میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت اور خطاب بھی کرینگے، دوسری جانب امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کا اکتوبر میں دورہ پاکستان متوقع ہے۔ ذرائع...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی کو ضمانت دینے سے عدالت عظمیٰ کا سر بلند ہوا، اعظم سواتی

یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آج بھی عدالتیں حق اور انصاف کا فیصلہ دے سکتی ہیں، پی ٹی آئی رہنما

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر اعظم سواتی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو ضمانت دینے کے فیصلے سے عدالت عظمیٰ کا سر بلند ہوا ہے...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، گزشتہ رات پشین میں نامعلوم افراد کی جانب سے شہید ہونیوالے سی ٹی ڈی کے سب انسپکٹر عنایت اللہ کی نماز جنازہ کے بعد دعا کر رہے ہیں

محکمہ اربن اینڈ ڈبلیو کو مضبوط بنانے کیلئے اسمبلی میں آواز بلند کرینگے، اشوک کمار

محکمہ اربن اینڈ ڈبلیو کی اسکیمیں دیگر محکموں کے مقابلے میں بہتر انداز میں مکمل ہوئی ہیں' کلثوم نیاز بلوچ' کمیٹی بھرپور معاونت کریگی' چیئرمین

صوبائی اسمبلی اسٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس میں اراکین کا محکمہ کیو ڈی اے میں غیر قانونی اسکیموں کے خلاف سخت کارروائی پر زور

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا اجلاس کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی ڈاکٹر اشوک کمار کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں اراکین کمیٹی عبدالمجید بادینی، کلثوم نیاز بلوچ اور اسفند یار کاکڑ کے علاوہ اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمان، سیکرٹری اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اور ڈائریکٹر کیو ڈی اے نے بھی شرکت کی اجلاس کے دوران محکمہ اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے فرائض، کارکردگی، درپیش مسائل اور چیلنجز پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں اس امر پر تشویش کا اظہار کیا...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں 13 ملین ڈالر کا اضافہ ریکارڈ

کراچی (بیورو رپورٹ) زرمبادلہ کے ملکی ذخائر 13 ملین ڈالر اضافے سے 19.570 ارب ڈالر ہوگئے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق 15 اگست 2025 کو ختم ہونے والے ہفتہ کے اختتام پر زرمبادلہ کے ملکی ذخائر کا حجم 19.570 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی تحویل میں زرمبادلہ ذخائر کا حجم 14.256...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا، آرمی فلڈ ریلیف آپریشن ساتویں روز بھی جاری

کور آف انجینئرز دستے راستوں کو کھولنے، ملبے کو ہٹانے میں مصروف

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں لینڈ سلائیڈنگ، طوفانی بارشوں اور سیلابی صورتحال کے پیش نظر پاک آرمی کی جانب سے گزشتہ ہفتے شروع کیا گیا فلڈ ریلیف آپریشن ساتویں روز بھی جاری رہا۔ پاک فوج ضلع بونیر، سوات، شانگلہ اور صوابی میں فلڈ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پاک امریکا کے تعلقات میں پیش رفت، امریکی وزیر خارجہ کا دورہ پاکستان متوقع

دورے میں انسداد دہشتگردی، تجارت اور دوطرفہ تعلقات مضبوط کرنے پر مشاورت ہوگی، سفارتی ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور امریکا کے تعلقات میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے اکتوبر میں دورہ پاکستان...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

حیدر آباد، شدید بارش سے کچی آبادی زیر آب آنے پر غریب جوڑا محفوظ مقام پر منتقل ہو رہا ہے

ڈیرہ اسماعیل خان، پولیس مقابلے میں بدنام زمانہ ڈاکو ہلاک

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس مقابلے کے دوران فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق سفیدا مائنز کے قریب ڈاکوؤں کی موجودگی کی اطلاع پر پروآ سرکل پولیس نے فوری ایکشن لیا۔ کارروائی کے دوران پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں ڈاکوؤں نے پولیس موبائل کو نشانہ بنایا۔ پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک ڈکیت ہلاک ہوگیا

سری لنکا کے سابق صدر ریاستی فنڈز کے غلط استعمال کے الزام میں گرفتار

کولمبو (بیورو رپورٹ) سری لنکا کے سابق صدر رانیل وکرما سنگھے کو ریاستی فنڈز کے غلط استعمال کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق جمعے کو رانیل وکرما سنگھے (Ranil Wickremesinghe) کو محکمہ سی آئی ڈی نے ریاستی فنڈز کے غلط استعمال کے الزامات کے سلسلے میں گرفتار کرلیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 76 سالہ وکرما سنگھے کو اس وقت حراست میں لیا گیا

ملک میں عملاً سیاسی مارشل لاء نافذ ہے' مولانا عبدالقادر لونی

عدلیہ اور پارلیمنٹ کے فیصلے طاقتوروں کے زیر دست ہیں' مفتی شفیع الدین' مولانا محمود الحسن قاسمی

پارلیمنٹ صرف مقتدرہ کیلئے ایک مہرہ ہے' سید عبدالستار شاہ چشتی و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری و کنوینئر مفتی شفیع الدین مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبہ پنجاب کے امیر قاری شاہ اللہ فاروقی صوبہ سندھ کے امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی صوبہ خیبر پختونخواہ کے امیر قاضی گل الرحمان تکیال مولانا محمد...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بزم محفل ذکر الٰہی ذکر حبیب کی جانب سے عید میلاد النبی ﷺ کی آمد کے سلسلے میں ریلی شہزادہ عطاری، حق راحمد حبیبی کی قیادت میں منان چوک سے گزر رہی ہے

پاک فوج کی قربانیوں کا اعتراف، بنگلہ دیش کا پاکستان کیساتھ فوجی تعاون بڑھانے کا عزم

جنرل ساحر شمشاد مرزا نے دو طرفہ تعلقات کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کیا اور دفاعی تعاون کے نئے ذرائع کی نشاندہی کی

بنگلہ دیشی فوج کے کوارٹر ماسٹر جنرل محمد فیض الرحمن کی ملاقات، دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاک فوج کے کردار کی تعریف

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا سے کوارٹر ماسٹر جنرل بنگلہ دیشی فوج لیفٹیننٹ جنرل محمد فیض الرحمن نے ملاقات کی، جس میں دفاع و سلامتی کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے کا عزم کیا گیا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل محمد فیض الرحمن نے جوائنٹ اسٹاف ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی (سی جے سی ایس سی) جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے خطے کی موجودہ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

عوام شہر کی خوبصورتی کیلئے بلدیہ گوادر کیساتھ تعاون کریں، ہدایت الرحمن

شعبہ تعلیم میں جاری منصوبوں کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے' ایم پی اے کی دورہ جی ڈی اے کے موقع پر ہدایت

ریکوری مہم ودیگر درپیش مسائل حل کرنے کیلئے مکمل تعاون جاری رکھیں گے' کیسکو افسران سے گوادر گرڈ اسٹیشن میں ملاقات میں یقین دہانی

گوادر (آن لائن) ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمان خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے سید محمد اور دیگر افسران بھی موجود تھے ملاقات میں ایم پی اے کو جی ڈی اے کے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے میں حالیہ عرصے میں مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں، جاری کاموں اور شہر کی صفائی ستھرائی سمیت مختلف اقدامات سے متعلق آگاہی دی گئی مولانا ہدایت الرحمان نے بروقت اور معیاری و پائیداری کے ساتھ مکمل کئے گئے منصوبوں پر اطمینان کا...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر